Posted on Kitab Nagri




کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھاہوا دنیاتک پہنچاناچاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کررہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپناناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یاشاعری پوسٹ کرواناچاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

Posted on Kitab Nagri

# آزمائش

## نشاء شاہد

بیٹا..ناشتہ کر کے جانا...عالیہ بیگم نے ٹیبل پر ناشتہ رکھتے کہا

جی امی جان.... حور بیگ اٹھائے کمرے سے نکلی...اس نے سفید کرتے کے ساتھ جینز پہنی ہوئی تھی..اور گردن کے گرد نیلا سکارف لپیٹا ہوا تھا....

اور ٹیبل پر آ کر بیٹھ گئی...

)حور اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھی..وہ بارہ سال کی تھی جب اس کے والد کا انتقال ہو گیا(...

Posted on Kitab Nagri

امی جان سمیسٹر کی فیس بھی دینی ہے.... حور نے نوالہ اپنے منہ میں ڈالتے کہا...

اچھا.. مگر ابھی تو اتنے پیسے نہیں ہیں...پرسو تک شاید دکان کا کرایہ آجائے...اور میرے سلائی بھی آجائے گی...عالیہ بیگم نے کچھ سوچتے کہا...

آپ فکر نا کریں یہ آخری سمسٹر ہے بس...پھر انشاءاللہ امی میں نوکری کروں گی.. اور دیکھنا آپ ہمارے حالات بہتر ہو جائے گے...

حور کے والد صاحب کی دکان تھی...ان کی وفات کے بعد وہ دکان کرایہ پر دے دی تھی.. اس کے کرایہ اور عالیہ نے کپڑے سلائی کر کر اپنی بیٹی کو تعلیم دلوائی تھی... حور بھی شام میں بچوں کو ٹیوشن پڑھاتی تھی.... اس طرح ان کا گزر بسر ہو جاتا تھا....

انشاءاللہ...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اچھا امی میں نکلتی ہوں اب.....

او کے بیٹا...

حور یہ کہہ کر باہر چلی جاتی ہے....

..............................

یار کیا دیکھ رہے ہو...جب سے آیا ہوں ادھر ادھر دیکھی جا رہے ہو.... حیدر نے حارب سے کہا جو مسلسل یونی میں ادھر ادھر دیکھی جا رہا تھا....

کچھ نہیں ایسے ہی.... حارب نے مسکرا کر جواب دیا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اچھاسن... آخری سمسٹر ہے.. اس کے بعد کیا پلین ہے تمہارا... حیدر نے اس سے سوال کیا...

وہ دونوں یونی کے گراؤنڈ میں بیٹھے ہوئے تھے...

حارب نے بلیک شرٹ اور پینٹ پہنی ہوئی تھی.... اس کے بال ہلکے بھورے رنگ کے تھے.... جو بصورت آنکھیں... گورا رنگ... وہ دیکھنے میں کافی وجیہہ تھا.... بلکے اپنے دوستوں میں سب سے ہینڈسم تھا....

یار... بابا کا خیال ہے کہ کینڈا میں ماموں کے پاس چلا جاؤں... وہاں ان کا اچھا خاصا کاروبار ہے... میں ان کی مدد سے پاکستان میں اپنا بزنس سیٹ کرلوں....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں تو یار یہ تو اچھی بات ہے..... حیدر نے کہا..

)حارب ایک مڈل کلاس فیملی سے بلانگ کرتا تھا... وہ دو بھائی تھے... ایک حارب اور دوسرا اس کا بڑا بھائی حاشر... حاشر کی شادی ہو چکی تھی... وہ اپنی فیملی کے ساتھ الگ رہتا تھا... وہ ایک فارماسیوٹیکل کمپنی میں کام کرتا تھا..... حارب بہت ہی خوش مزاج اور ہر وقت ہنسنے والا انسان تھا... ہر وقت دوستوں کے ساتھ ہنسے مزاق کرنا اسے

Posted on Kitab Nagri

اچھا لگتا تھا... ونی میں بھی وہ اپنی اسی عادت کی وجہ سے مشہور تھا... خوبصورت ہونے کی ساتھ ساتھ ذہین بھی تھا... اس لیئے فروفیسرز کا فیورٹ بھی تھا(....

اچھی بات ہے... مگر یہاں سے جانے کا دل. کس کا کرتا..... حارب نے اس کی طرف مسکرا کر کہا... جسے حیدر خوب سمجھ گیا تھا....

حور کی وجہ سے.... ؟؟؟ حیدر نے کہا..

حارب مسکرا دیا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار اسے بتا کیوں نہیں دیتا کہ پسند کرتا ہے اسے.... چار سال سے ایسے ہی یا تو اسے دیکھ لیتا ہے... یا سٹڈیز سے ریلیٹڈ کوئی بات....

یار وقت آنے دو بتا دوں گا نا.... حارب نے گھاس اکھاڑتے کہا...

Posted on Kitab Nagri

ایسا نا ہو کہ اسے.....اس سے پہلے کہ وہ اپنا فقرا مکمل کرتا حارب بجلی کی تیزی سے اٹھا...حیدر بھی اس کے پیچھے بھاگا....

.....................

حور یونی میں داخل ہو کر اپنے ڈیپارٹمنٹ کی طرف جا رہی تھی...

ہائے...!!! پیچھے سے ایک مردانہ آواز آئی...

حور پلٹی....

جی...؟؟؟ کوئی کام....؟؟؟ حور نے سامنے کھڑے لڑکے سے کہا...

نہیں...بس آپ سے ایک بات کرنی تھی...

Posted on Kitab Nagri

جی فرمائیں...!!!حور نے کندھے پر بیگ لٹکایا ہوا تھا...

میں دراصل دوسرے ڈیپارٹ سے ہوں میرا نام اسامہ ہے.... کچھ دن پہلے آپ کو دیکھا تھا...بہت خوبصرت ہیں آپ.....

جی... آپ کا دماغ تو ٹھیک پے.... حور نے اونچی آواز میں کہا....

آپ پلیز میری پوری بات تو سن لیں.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے کچھ نہیں سننا.... حور یہ کہہ کر پلٹی

مگر اسامہ نے اس کا بازو پکڑا...

پلیز... آپ ایک بار میری بات سن لیں...میں آئندہ...

Posted on Kitab Nagri

کوئی مسئلہ....اس بار حور نہیں حارب بولا تھا.... آنکھوں میں غصہ....

اسامہ اس وقت تک اس کی بازو چھوڑ چکا تھا....

اندر جاؤ تم..... حارب نے حور کو دیکھ کر کہا...

حور چپ چاپ وہاں سے چلی گئی....

کوئی مسئلہ ہے تمہیں....؟؟؟ حارب اسامہ کے سامنے کھڑا ہو گیا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حارب چل یار..... حیدر نے کہا...

میں بس بات کر رہا تھا.... اور آپ کی تعریف....؟؟؟؟ اسامہ کو حارب کا یوں بات کرنا برا لگا تھا...

Posted on Kitab Nagri

بات تمیز سے بھی کی جا سکتی تھی.... آئندہ اس کے قریب نظر آیا تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا..... سمجھے.....

نہیں سمجھا.... اسامہ نے بھی غصے سے اس کی طرف دیکھا...

پسند کرتا ہوں میں اسے.... اسامہ نے جیبوں میں ہاتھ ڈالتے کہا...

حارب نے آگے بڑھ کر اس کا گریبان پکڑ لیا...

وہ صرف میری ہے.... سمجھے.... اگر دوبارہ اس کے قریب بھی نظر آیا تو جان سے مار ڈالوں گا.... اور جھٹکے سے اس کا گریبان چھوڑ دیا.....

حارب چل یار..... حیدر نے اس کا بازو پکڑ کی کھینچا.....

حارب نے غصے سے اسامہ کی طرف دیکھا اور چل دیا.....

Posted on Kitab Nagri

یہ کیا تھا یار... تم ایسے یونی میں.... تماشا.... حد ہے یار.... حیدر نے تعاسف سے کہا...

اس کی ہمت کیسے ہوئی یار.... اس کو چھونے کی... میں آج تک کبھی اس کے قریب تک نہیں گیا... اور وہ دو ٹکے کا....

اچھا ریلکس... چل کلاس میں .... حیدر جانتا تھا کہ اب اسکا غصہ جلد ٹھنڈا ہونے والا نہیں ہے.....

..................................

زبیدہ...!!! ارشد صاحب زور زور سے اپنی بیگم کو آوازیں لگا رہے تھے.....

جی .... کیوں صبح صبح چینخ رہے ہیں.... زبیدہ کمرے سے باہر آئیں....

Posted on Kitab Nagri

تمہارا نکما صاحب زادہ کہاں ہے....؟؟؟

سو رہا ہے.....

اسے کہو اٹھو اور میرے ساتھ آفس چلا کرو.... اب بوڑھا ہو گیا ہوں میں.....

ایک تو آپ بھی.... ابھی اس کی عمر ہی کیا ہے... تھوڑا تو انجوائے کرنے دیں زندگی کو.... پھر ساری زندگی کام ہی کرنا اس نے.....

تمہارے انہیں باتوں نے اسے شے دی ہوئی ہے... میں بتا رہا ہوں... اسے کہو کل سے آفس آئے ورنہ اس کی پوکٹ منی بند..... کام کرے گا تو ہی پیسے ملیں گے...... نکما... سارے جہاں کا.... کالج سے بھاگ گیا...

ارے بابا کیا شور مچایا ہوا آپ لوگوں نے...... دانیال کمرے سے نکلا.... گھٹنوں تک نیکر پہنے... سرخ ٹی شرٹ .... بال بکھرے... جیسے ابھی ابھی سیدھا بیڈ سے آئے ہو....۔

Posted on Kitab Nagri

حالت دیکھو اپنی....ارشد صاحب نے تاسف سے اس کی طرف دیکھا.....آفس جا رہا ہوں سمجھا دینا اپنے صاحب زادے کو....

ارشد صاحب گھر سے نکل گ ئے....

ماما...انہیں کیا ہوا ہے.....؟ صبح صبح کمپریسر گرم ہے.....دانیال نے ٹیبل سے سیب اٹھاتے کہا....

شرم کرو...والد ہیں تمہارے.....اور تمہاری یہ عیاشیاں ختم اب.....

کیا مطلب....اب کیا مصیبت آ گئی......اس نے دانتوں سے سیب کاٹتے کہا...

تمہیں کل سے آفس جوائن کرنے کا کہ کر گ ئے ہیں....زبیدہ بیگم نے کہا اور کچن کی طرف چل دیں....

Posted on Kitab Nagri

نو ماما.... پلیز.... ابھی نہیں... آپ پاپا سے کہیں نا..... میں نہیں جا رہا ابھی..... دانیال نے پیچھے جاتے کہا...

وہ کہہ رہے تمیز سے آفس آؤ ورنہ ہو کٹ منی بند.....

ماما...... دانیال نے رونے والی شکل بنائی.... آپ بات کریں نا ان سے......

اچھا میرا لال.. تم منہ ہاتھ دو... میں ناشتہ لگواتی ہوں.....

دانیال منہ بنا کر کمرے کی طرف چل دیا.....

.........  ...................

پروفیسر کے لیکچر ختم کرنے کے بعد حور حارب کے پاس آئی..

Posted on Kitab Nagri

تھینکس حارب....

حارب نے سر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا....

ارے کوئی بات نہیں.....

حور مسکرا دی...

اوکے میں چلتی ہوں.... حور یہ کہہ کر جانے لگی....

ارے نہیں رکو.... حارب نے اسے آواز دی....

Posted on Kitab Nagri

جی.... حور نے نرمی سے جواب دیا... وہ بہت کم بولتی تھی.... مگر آواز بہت خوبصورت تھی...... نرم لہجا.... اور چہرے پر انتہا کی معصومیت تھی.....

اب اگر میرا شکریہ ادا کرنا ہی ہے تو....... حارب نے کندھے اچکاتے کہا....

تو...... ؟؟؟؟

مجھے کینٹین سے کچھ کھلا دو....... حارب نے شرارت سے مسکرتے کہا.... قسم سے بہت بھوک لگی ہے......

جی.... ؟؟؟ حور کو جیسے اس کی بات کا یقین نہ آیا ہو.....

کیوں...؟ نہیں کھلا سکتی..... حارب نے کھڑے ہوتے کہا......

اوکے ... چلیں..... حور نے مسکرا کر کہا..

Posted on Kitab Nagri

چلو....حارب مسکراتا اس کے پیچھے چلا رہا تھا....

کبھی کبھی خوشی سے اس کے پیچھے ڈانس کرنے لگتا...... جیسے کوئی بہت بڑی فتح حاصل کرلی ہو........

.......................

خالد صاحب اور لائبہ بیگم حارب کے والدین تھے.....خالد صاحب اکلوتے بیٹے تھے.... چھوٹا سا کاروبار تھا...جیسے وہ چاہتے تھے کہ حارب سٹڈیز کے بعد سنبھال لے . .

وہ آج بھی بھائی کا فون آیا تھا....لائبہ بیگم نے کہا....

کیا کہہ رہا تھا....اخبار پڑھتے خالد صاحب نے کہا....

یہی کہ حارب کا کینڈا آنے کا موڈ ہے... ....

Posted on Kitab Nagri

تم .نے بتانا تھا کہ حارب کا آخری سمسٹر ہے.... پھر انشااللہ آئے گا....

جی مگر حارب کا موڈ نہیں لگتا جانے کا.....

کیوں....؟؟؟جب اس کا فیصلہ بہت پہلے ہی ہو چکا ہے...تو اط کوئی اعتراض کیوں.....؟؟؟خالد صاحب نے اخبار بند کرتے کہا....

مگر.....

اگر مگر..کچھ نہیں اسے سمجھادو....اس میں اس کی مرضی نہیں چلے گی .... خالد صاحب کے برہم ہونے کی وجہ سے لائبہ بیگم چپ ہو گئیں....

........................

Posted on Kitab Nagri

حور و رحارب کینٹین میں آمنے سامنے بیٹھے تھے۔۔۔۔۔

حور ادھر ادھر دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

کیا ہوا۔۔۔؟؟؟ حارب نے پوچھا۔۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔۔۔

میرے ساتھ بیٹھنا برا لگ رہا ہے۔۔۔۔؟؟؟؟ حارب نے اس کی آنکھوں میں دیکھ کر آہستہ سے کہا۔۔

نہیں۔۔۔۔ ایسی بات نہیں ہے۔۔۔۔ حور نے مسکرا کر کہا۔۔۔ وہ آج ملائکہ نہیں آئی اس لئے۔۔۔بس بور ہو رہی تھی۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہیں...... میرے ہوتے کوئی بور ہو.... یا اللہ ایسا دن نا دیکھانا کبھی....

چلیں بتائیں... آپ کیسے خوش ہونا پسند کریں گی..... میں گٹار بھی بجالیتا ہوں.....

حور مسکرا دی.... اس کی کوئی ضرورت نہیں.....

اچھا..... ایک سپیشل ٹیلنٹ ہے مجھ میں.....

کیا.....؟؟؟

میں ڈانس بہت ہی اعلیٰ قسم کا کرتا ہوں....

حور ہنس دی.... یہ بھی کوئی ٹیلنٹ ہوا....؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

لے....ساری یونی کی لڑکیاں اس شہزادے کے پیچھے ہیں...اور آپ مجھے کسی خاطر میں نہیں لاتیں.....حارب نے منہ بنا کر کہا....

ہاہاہاہا....شہزادہ....؟؟؟؟

کیوں نہیں لگتا....؟؟؟؟

حور نے مسکراہٹ دباتے ہوئے نفی میں سر ہلا دیا....

ٹھیک ہے.....جا رہا ہوں میں....حارب ناراض ہو کر اٹھا....

ارے.....شہزادے جی....ناراض نہ ہوں.....

حارب مسکرا دیا....

Posted on Kitab Nagri

چلیں...کلاس ہے اب.؟؟ حور نے کہا...

جی حارب نے دونوں بازؤں سے اسے آگے چلنے کا کہا....

حور مسکرا کر چل دی....

ہائے.....حارب نے دل پر ہاتھ کر آہستہ آواز میں کہا.....

..............................

یار.....چل.نا پلیز.....دانیال حارب کو رات پارٹی پر اس کے ساتھ جانے کے ل ئے منا رہا تھا.....

Posted on Kitab Nagri

دانیال اور حارب بچپن کے دوست تھے.... دانیال نے کالج چھوڑ دیا تھا.... مگر اس کے باوجود وہ اکثر ملتے رہتے تھے.....

نہیں مجھے نہیں پسند.... یہ رات کو لیٹ نائٹ پاڑیز .... وہ بھی کلب میں.....

یار پلیز.... آخری بار..... دانیال اسے فورس کر رہا تھا... میرے لیے اتنا بھی نہیں کر سکتا...

اموشنلی بلیک میل مت کر.....

بھائی نہیں میرا.....

اچھا ٹھیک ہے مکھن لگانا بند کر اب......

اوکے رات کو میں لینے آؤں گا.....

Posted on Kitab Nagri

...............

دانیال اور حارب کلب میں داخل ہوئے.... دانیال اکثر اس طرح کی پارٹیز میں آتا رہتا تھا.... پیسہ جو تھا مفت اڑانے کے لئے.....

حارب کبھی کبھار دانیال نے ہوں فورس کرنے پر آجاتا تھا....

کلب میں رنگ برنگی لائٹس تھیں..... اونچی آواز میں گانا بج رہا تھا..... لڑکے لڑکیاں ڈانس کر رہے تھے...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دانیال اور حارب سائڈ پر آئے....

کچھ لیں گے سر......

ہاں ایک ڈرنک دے دو... دانیال نے کہا....

Posted on Kitab Nagri

شرم کر یار..... مت پیا کر..... حاتب نے اسے ٹوکا....

یار انجوائے کرنے دے نا......

مجھے جوس دے دیں.... حارب نے کہا....

اتنی دیر میں دانیال ایک لڑکی کی طرف چلا گیا.... اس کے ساتھ ڈانس کرنے لگا..... کبھی اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتا... کبھی اس کے کان میں کچھ کہتا......

حارب افسوس کے ساتھ اسے دیکھے جا رہا تھا......

ہائے ہینڈسم..... ایک لڑکی حارب کے پاس آئی...

Posted on Kitab Nagri

اس نے تنگ سی شرٹ اور جینز پہنی ہوئی تھی....

ہائے... حارب نے کہا اور دوبارہ ڈانس فلور کی طرف دیکھنے لگا....

ڈانس کریں گے میرے ساتھ.....اس لڑکی نے اگے کو کر حارب کے بازو کو چھوا.....

حارب زرا پیچھے ہٹا.... سوری بٹ میں ڈانس نہیں کرتا....

ارکے میں سکھادوں گی نا.....اس لڑکی نے حارب کا بازو پکڑا اور اسے ڈانس فلور کی. طرف کھینچ کر لے گئی.....

دیکھئی مس.... مگر گانے کی آواز کی وجہ سے وہ حارب کی بات نا سن پائی....

اس نے حارب کا ہاتھ پکڑ کر اپنی کمر پر رکھا.... اور اپنا ایک ہاتھ اس کے کندھے پر.....

www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

حارب نا چاہتے ہوئے بھی اس لڑکی کے ساتھ کپل ڈانس کرنے لگا۔۔

آپ کو دیکھ کر لگتا ہے کہ آپ کو لڑکیوں میں کچھ خاص دلچسپی نہیں۔۔۔۔اس لڑکی نے حارب کے کان کے قریب ہو کر زرا اونچی آواز میں کہا۔۔

جی کچھ ایسا ہی سمجھ لیں۔۔۔ حارب نے اس لڑکی کو گھماتے کہا۔۔

پھر اس قسم کی پارٹیز۔۔۔۔؟؟؟

حارب ہلکا سا ہنس دیا۔۔جی بس دوست کے فورس کرنے پر۔۔۔۔

دوست۔۔۔؟؟؟اس لڑکی نے سوالیہ نظروں سے حارب کی طرف دیکھا۔۔م

Posted on Kitab Nagri

دانیال.... حارب نے تھوڑا دور دانیال کی طرف اشارہ کر کہ کہا....

اوہ... اچھا... دانیال آپکا دوست ہے.... پھر تو بڑے مختلف مزاج ہیں آپ کے....

ہاہا.... حارب ہنس دیا....

ویسے ایسا کیسے ہو سکتا کہ آپ کو کوئی لڑکی پسند ہی نا ہو....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں ایسا نہیں ہے.... پسند تو ہے.... بس....

بس...؟؟؟؟ اسے آپ نہیں پسند...؟؟؟ وہ لڑکی ہنس دی...

ویسے ایسا ہو نہیں سکتا کہ کوئی آپ جیسے ہیڈسم کو منع کرے...

Posted on Kitab Nagri

شکریہ...

بس کبھی بتایا نہیں اسے۔.....حارب نے پھر سے اسے گھماتے کہا...

وہ لڑکی مسکرادی....بتادیں...آئی ایم شور...آپ کو انکار نہیں کرے گی....

حارب مسکرادیا...کچھ دیر اور یونی ڈانس کرنے کے بعد حارب نے کہا

مس مجھے اجازت دیں....اس سے زیادہ میں نہیں کر سکتا....

اوکے....آیز یووش....اس لڑکی نے حارب کا ہاتھ چھوڑ دیا...

Posted on Kitab Nagri

حارب یہ کہہ کر کہ وہاں سے چلا. گیا....

..............................

بیٹا یہ لو پیسے...کل فیس جمع کروادینا....عالیہ بیگم نے حور کو پیسے پکڑاتے کہا....

جی امی.... حور نے پیسے پکڑ لئے....

بیٹا....وہ ساجدہ بتا رہی تھی...

کیا....؟؟

ایک لڑکے کا...کہ رہی تھی کہ بینک میں نوکری کرتا....گھر بھی اچھا خاصا ہے.....اور صرف ایک بہن ہے...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

امی پلیز..... میں نے کہا تھا نا آپ کو... کہ مجھے نوکری کرنی ہے.... ابھی میری پڑھائی ختم ہونے دیں....

لیکن میں چاہتی ہوں کہ میرے مرنے سے پہلے پہلے تیری شادی کر دوں...

امی.... خدا کے ل ئے یار.... اللہ آپ کو لمبی عمر دے...... کر لوں گی شادی بھی..... حور نے اپنی ماں کو گلے لگایا....

ابھی تو مجھے نوکری کرنی ہے... ہمارے حالات ٹھیک کرنے ہیں... اور تو اور امی آپکو بھی تو آرام دینا ہے....

عالیہ بیگم. مسکرادی... اللہ میرے بچی کے نصیب اچھے کرے....

بیٹا وہ...

Posted on Kitab Nagri

جی امی...؟

تمہارے ماموں کا فون آیا تھا....

اب کیا ضرورت پڑ گئی انہیں.... حور نے غصے سے کہا...

بیٹا ایسے نہیں کہو...وہ تمہارے ماموں ہیں....

تو امی کہاں تھے وہ...جب ہمیں ضرورت تھی....

چھوڑو تم...ہمارے پاس اللہ ہیں نا...ہمیں کسی اور کے سہارے کی کیا ضرورت.....

اچھا کیا کہہ کرے تھے....

Posted on Kitab Nagri

حال چال پوچھ رہے تھے... کہہ رہے تھے کہ کسے دن آئیں گے تم سے ملنے.....

مجھے کوئی شوق نہیں!!!!!.....

وہ شرمندہ تھے... کہ پہلے پوچھ نہیں سکے.... تمہیں تو پتا ہی ہے نا... تمہاری مامی کا.... اسے ہی میں اچھی نہیں لگتی تھی...

ہاں تو مامی ساجدہ کو تو ڈر ہی لگا رہتا تھا کہ ماموں ہم پر کوئی پیسہ نا لگا دیں.... اب ماموں میں اتنا حوصلہ کہاں سے آ گیا....

ایسے نہیں کہتے.... وہ بری نہیں ہے... بس زرا میری وجہ سے.....

امی آپ نے کیا بگاڑ دیا تھا ان کا....

Posted on Kitab Nagri

عالیہ بیگم ہنس دی۔۔۔۔

اچھا چھوڑو۔۔۔۔جب ماموں آئیں نا۔۔۔تو زرا پیار سے ہی رہنا۔۔۔شاید مامی بھی تمہاری۔۔۔

اچھا امی۔۔۔۔۔میں اب تھوڑا پڑھ لوں۔۔۔۔ حوریہ کہہ کر اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم کل کیوں نہیں آئی۔۔۔۔۔حور اور ملائکہ یونی میں کینٹین میں بیٹھی ہوئی تھیں۔۔۔

وہ بس اچانک ماما کی طبیعت خراب ہو گئی۔۔۔۔

اوہو۔۔۔۔کیا ہوا آنٹی کو۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

بس بلڈ پریشر تیز ہو گیا تھا۔۔۔وہ بھائی کو لے کر تھوڑا پریشان تھیں۔۔۔ملائکہ نے افسوس سے کہا۔۔۔

کیوں کیا ہوا۔۔۔؟؟؟

بس یار بھائی سٹڈیز کو زیادہ سیریس نہیں لیتے۔۔۔

اچھا۔۔۔آنٹی سے کہو پریشان نہ ہوا کریں۔۔۔

ہممممم۔۔۔۔اچھا تم بتاؤ۔۔۔کیسا رہا کل کا دن؟؟۔۔۔

تمہیں مس کیا اور کیا!!!۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

او.... ملائکہ ہنس دی....

اچھا یار یہ کیسے تم سارا دن نقاب اور حجاب میں رہ لیتی ہو.... حور نے اسے دیکھ کر کہا جو ویل ک ئے بیٹھی ہوئی تھی...

لو اس میں کیا مشکل....؟؟؟

گرمی.........!!!!!!!!!حور ہنس دی..

ہاہا... نہیں عادت ہو جاتی ہے....

تمہاری فیملی میں کہتے کہ ویل کرو... حور نے مسکراتے کہا

ارے نہیں تو.... بابا نے تو کبھی فورس نہیں کیا..

Posted on Kitab Nagri

پھر کیوں.....؟؟؟؟حور نے تجسس سے پوچھا..

یار ایک دفع ایک ایسے ہی فیسبک پر ایک تحریر پڑی تھی...پردے کے متعلق...وہ اچھی لگی...

پہلے تو بابا کہ لئے کرتی تھی...کیوں کہ لکھا تھا کہ مرد کی غیرت کا اندازہ اس کے ساتھ چلتی عورت کے لباس سے لگایا جاسکتا ہے. میں اس بات کو مانتی تو نہیں مگر سوچنے پر مجبور ہو گئی....

کیا.....؟؟؟

یہی کہ بابا مجھ سے اتنا پیار کرتے کبھی روکا ہی نہیں کہ ایسے کپڑے نہیں پہننے ویسے کپڑے نہیں پہننے.... مگر ایسا تو ہر گز نہیں نا کہ اگر میں خود کو کور رکھوں تو بابا کو اچھا نا لگے...وہ کہتے نہیں ہیں... مگر میں جانتی ہوں انہیں بہت اچھا لگتا...بلکے جب وہ سب لڑکیوں میں مجھے دیکھتے تو انہیں فخر ہوتا مجھ پر...ان کی آنکھوں میں نظر آتا..... اور اس دنیا میں کوئی بھی مرد ہو وہ کسی بھی کلاس سے بلونگ کرتا ہو اسے اپنے سے منسلک عورت پردے میں ہی اچھی لگتی ہے.... خود چاہے وہ کتنا موڈرن ہی کیوں نا ہو.....

Posted on Kitab Nagri

حور مسکرا دی...

مگر تمہیں پتا جب شروع کیا نا... تو اندازہ ہوا کہ پردہ کتنا خوبصورت ہے.....

پردہ خوبصورت.... ؟؟؟ہیں.... ؟؟؟حور نے حیرت سے کہا

ہاں نا... بہت خوبصورت.... اپنا آپ اتنا خوبصورت لگتا... ایک عجیب سا سکون..... اور تو اور اتنی بری نظروں سے محفوظ.... قیمتی چیزیں تو کور ہی اچھی لگتی نا.... ملائکہ ہنس دی.....

مجھے لگتا کہ ہم انسان بہت گنگار ہیں... مگر میں اللہ کو پسند آنے کے ل ئے جتنی کوشش کر سکتی ہوں میں اتنی کروں گی.... اب میں اللہ کہ ل ئے کرتی.... پتا میں سوچتی ہوں کہ جب میں ایسے پردہ کرتی ہوں تو شاید عرش پر اللہ کو میں اچھی لگوں.... ملائکہ کے آنکھوں میں پانی بھر آیا....

Posted on Kitab Nagri

واؤ یار..... تمہاری تو ساری دعائیں قبول ہو جاتی ہوں گی..

دعا تو ہر انسان کی قبول ہوتی... پر دہ کرنے نا کرنے کی تو الگ بات ہے.... .

میری کہاں ہوتیں ہیں.... حور نے اداس ہوتے کہا...

تمہیں پتا دعا قبول کیوں نہیں ہوتی. اس کی بہت سی وجہ ہیں.... ایک تو یہ کہ سمٹائم اللہ کو ہمارا مانگنا اچھا لگ رہا ہوتا... اللہ چاہتے کہ ہم اور مانگے.....

لیکن کبھی کبھی دعا اس لئے بھی قبول نہیں ہوتی کہ ہمارا یقین نہیں ہوتا...

یقین مطلب....؟؟؟؟ حور نے نا سمجھتے کہا...

دیکھو ہم جب دعا مانگ رہے ہوتے ہم سوچتے کہ پتا نہیں قبول ہو گی یا نہیں.... پتا نہیں اللہ سنیں گے یا نہیں.... جب بھی مانگتے شک کے ساتھ مانگتے...... جس ذات سے مانگ رہیں ہیں اس کے بس میں سب ہے.... ایسا

Posted on Kitab Nagri

کیسے ہو سکتا کہ وہ اپنے بندے کو خالی ہاتھ لوٹا دیں.... مگر ہمارا یقین ہی نہیں... کبھی پورے یقین سے مانگ کر دیکھو...دل سے ہر وسوسے کو نکال کر.... پھر دیکھنا... اس رب پر یقین کر کے.... تمہیں پتا بزرگ کہتے کہ اگر یقین ہوناتو ہم دیوار سے پار بھی جاسکتے...اصل. بات یقین کی ہے.....

ہاں تم سہی کہہ رہی مجھے بھی لگتا کہ میری دعا قبول نہیں ہونی......

تمہیں پتا نبی پاک صلی اللہ وسلم نے فرمایا....

کہ اللہ حیادار ہے...وہ حیا کرتا کہ میرا بندہ مجھ سے کچھ مانگے اور میں اسے خالی ہاتھ لٹاؤں...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا تم کیا دعا مانگتی اللہ سے....؟؟؟؟.

Posted on Kitab Nagri

سچ کہوں تو اب دنیاوی بہت سے خواہشات پوری نہ ہونے کا دکھ ہی نہیں ہوتا... اور میں مانگتی بھی بہت کم.... مجھے ہوتا کہ میں اللہ کو پسند آجاؤں.... یا پھر میری بخشش ہو جائے...یا میرے گناہ معاف ہو جائیں.... اتنے سارے تو کر دیتے ہم..

یار تم کتنی نیک ہو.....

ہاہاہا.... اللہ تعالی ہمارے عیبوں پر پردہ ڈال دیتے.... دیکھو آج مجھ جیسی گنہگار کو تم نیک کہہ رہی......

کاش میں بھی تمہارے جیسی ہوتی..... حور نے مسکرا کہ کہا...

اچھا اچھا اب بس.... بہت اچھی ہو تم..... اب اٹھو کلاس کا وقت ہو گیا ہے.....

اوکے.....

یہ کہہ کر حور اور ملائکہ اٹھ کر چلی گئیں....

Posted on Kitab Nagri

........................

ساجدہ.... منیر صاحب نے اپنی بیگم کو آواز دی....

جی....!!!ساجدہ بیگم کیچن سے باہر آئیں...

کل عالیہ کی طرف بھی جانا ہے.....بچوں سے بھی کہنا.... سب جائیں گے....

اب وہاں جانے کی کیا ضرورت ہے.....ساجدہ بیگم نے منہ بنا کر کہا....

چپ کرو...پہلے ہی تمہاری باتوں کی وجہ سے میں نے اتنے عرصے سے اپنی بہن کو اکیلا چھوڑ دیا....

Posted on Kitab Nagri

ہاں تو چلے جاتے میں نے کونسا آپ کے بازو پکڑی ہوئی تھی....

منیر صاحب نے تعاسف سے اسے دیکھا....

جویریہ اور علی سے بھی کہہ دینا...

اور ہاں میرے ساتھ چلو ان کے لیے کچھ تحفے بھے لے آئیں.....

اتی ہوں چادر لے آؤں.... ساجدہ بیگم منہ بنا کر اندر چلی گئیں....

ہنہ... پھر کوئی پٹی پڑھادی ہونی اس نے... تحفے لے کر جانے... آپنا گھر ہی نا دے دوں اسے....

انہیں بھی پتا نہیں کہاں سے دورہ پڑ گیا....

Posted on Kitab Nagri

ساجدہ بیگم منہ میں بڑبڑائے جا رہی تھیں.....

............. .....

ہائے حور....!!! حارب حور کے پاس آیا جو لائبریری میں بیٹھی ہوئی تھی...

ٹیبل پر کتاب رکھے وہ کچھ پڑھ رہی تھی...ملائکہ کچھ نوٹس کاپی کروانے گئی ہوئی تھی...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی....؟؟؟حور نے مڑ کہ اس کی طرف دیکھا...

وہ اصل میں مجھے کل والے ٹوپکس کے نوٹس چاہیئے تھے...اگر آپ کو برا نا لگے تو.....

آئی ایم سوری...لیکن میں نے وہ تیار نہیں کیۓ.... حور نے آہستہ آواز میں کہا....

Posted on Kitab Nagri

اوہ...وہ اصل میں مجھے کل والا لیکچر سمجھ نہیں آیا.... حور نے سر کے پیچھے ہاتھ پھیرتے کہا..

اگر آپ برا نا منائیں تو آپ سمجھا سکتی مجھے.... حارب نے ہچکچاتے کہا..

جی ضرور... حور نے کتاب بند کرتے کہا....

حارب جلدی سے ساتھ والی چیئر پر بیٹھ گیا....

..........................

تیار ہو گئے.... زبیدہ بیگم نے دانیال کو دیکھ کر کہا....

Posted on Kitab Nagri

یار ماما کیا مصیبت ہے... میرا نہیں دل کرتا آفس جانے کو.....

دانیال نے ٹائی ٹھیک کرتے کہا....

اپنے پاپا کو کہو.... زبیدہ بیگم نے ہنستے کہا...

انہوں نے تو جیسے مان لینا....

دیکھو... تم ہمارے اکلوتے بیٹے ہو.... یہ تم نے ہی سنبھالنا ہے....

تو ماما جب وقت آئے گا تو سنبھال لوں گا..... دانیال نے بے زار ہوتے کہا...

ابھی سے سیکھو گے تو کل اس قابل ہو گے.....

Posted on Kitab Nagri

اور بیٹی برخودار.... ہو گ ئے تیار.... ارشد صاحب نے کمرے سے نکل کر کہا...

جی پاپا....

آج میں تمہیں کاشف صاحب سے ملوادوں گا...وہ تمہیں سمجھا دیں گے.... میں چاہتا ہوں پہلے تم بیسک سمجھو.... یہ مت سمجھنا کہ جاتے ہی کوئی عہدہ مل جائے گا تمہیں...ایک ایمپلوئی کی طرح کام کرنا پڑنا.....

دانیال نے ماں کی طرف دیکھا...انہیوں نے آنکھوں سے خاموش رہنے کا اشارہ دیا....

جی پاپا.....

چلو نکلتے ہیں پھر....

Posted on Kitab Nagri

..........................

تھینکس حور..... حارب نے کاپی بند کرتے کہا...

کوئی بات نہیں.... لیکن حیرت ہے کہ اتنا آسان ٹاپک آپکو کیسے سمجھ نہیں آیا....

آپ. میرا مزاق اڑا رہی ہیں.....

نہیں نہیں... میرا ہرگز یہ مطلب نہیں تھا.... آپ اتنے ذہین ہیں....

شکریہ...!!! حارب نے سر جھکاتے کہا....

کچھ سیکنڈ تک وہ دونوں ہونی خاموش بیٹھے رہے...

Posted on Kitab Nagri

حور کو تھوڑا عجیب لگا...وہ اپنی کتاب کھول کر پڑھنے لگی....

برا نا منائیں تو ایک بات پوچھوں....؟؟؟حارب نے حور کو مہو دیکھ کر کہا...

جی....

آپ بہت چپ چپ رہتی ہیں....

حور مسکرا دی.... نہیں ایسی بات تو نہیں.....

اچھا میرے ساتھ تو ایسے ہی ہوتی ہیں... حارب نے منہ بنا کر کہا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

آپ خود اتنا بولتے ہیں کسی کی سنتے بھی ہیں..... حور نے مسکراہٹ دباتے کہا...

جی سنتا بھی ہوں... اگر کوئی سنانا چاہے.... حارب نے برا مناتے کہا...

اتنی لڑکیاں تو پیچھے گھومتی آپ کے.... سن سن کے تھکتے نہیں..... جو میری سننے آگ ئے.....

ان میں سے کوئی آپ جیسی بھی تو نہیں...

حور نے کتاب سے نظر اٹھا کر پلٹ کر حارب کو دیکھا.....

میرا مطلب وہ سب اتنا بولتی رہتی... آپ ہمیشہ چپ چپ.... حارب کو اپنے کہے جملے پر افسوس ہوا.....

میں ایسی ہی ہوں.... حور نے پھر سے نظریں کتاب کی جانب کر لیں...

Posted on Kitab Nagri

اسی لئے تو پاگل ہوں.... حارب نے دل میں سوچا....

حور ہوگئے کاپی... ملائکہ نے حور کے پاس آکر کہا....

میں چلتا ہوں.... حارب یہ کہہ کر اٹھ گیا...

اینڈ تھینکس ونس آگین۔۔..

حور مسکرا دی... اور حارب چلا گیا....

یہ حارب!!!!.....

ملائکہ نے بیٹھتے کہا....

Posted on Kitab Nagri

وہ اسے کل والا ٹوپک سمجھتا تھا....

کل والا.... ملائکہ کے ذہن میں ساتھ ہی نساء کی بات آئی جس نے کل وہی ٹوپک حارب سے سمجھا تھا.... تو حارب ...؟؟؟اس نے دل میں سوچا.... کچھ کچھ تو اندازہ اسے تھا.... مگر اس کا شک اب یقین میں بدل رہا تھا....

کس سوچ میں پڑ گئی..... حور نے اسے گم دیکھ کر کہا..

کچھ نہیں ایسے ہی....

اسلام علیکم....!!!!عالیہ بیگم .نے دروازہ کھولا تو منیر صاحب سامنے کھڑے تھے...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وعلیکم اسلام....!!! عالیہ بیگم .نے جواب دیا...

آئی ئے....!!!عالیہ بیگم نے اندر جانے کا اشارہ کرتے کہا....

Posted on Kitab Nagri

اسلام عالیکم بھابھی....عالیہ بیگم نے ساجدہ کو دیکھ کر کہا...

وعلیکم اسلام...ساجدہ بیگم .نے منہ بناتے کہا...

اسلام عالیکم .... علی نے آگے بڑھ کر سلام کیا....

وعلیکم اسلام....بیٹا ...کیسے ہو...

جی الحمد اللہ....

علی گاڑی میں سے تحفے اور باقی چیزیں نکال لاؤ....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

جی.... علی یہ کہہ کر باہر چلا گیا...

ارے بھائی اس کی کیا ضرورت تھی... آپ آگ ئے کافی تھا....

خالی ہاتھ آتے تو طعنہ نا ملتا.... ساجدہ بیگم نے کہا...

بھابھی طعنہ کیسا...

اب یہیں کھڑا رکھو گی کیا.....؟؟ منیر صاحب نے کہا

ارے نہین نہیں...... اندر آئیں آپ.....

سب اندر کی جانب چل دی ئے.....

Posted on Kitab Nagri

........................

حارب...!!!!حارب....!! خالد صاحب اسے زور زور سے آوازیں دے رہے تھے....

جی پاپا....!!! حارب نے کمرے سے نکل کر کہا...

آؤ میرے پاس بیٹھو...

جی...حارب صوفے پر آکر بیٹھ گیا....

بیٹا تمہارے ماموں کا فون آیا تھا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

جی... حارب نظر جھکا کر بیٹھا رہا...

میں نے ان سے کہہ دیا ہے... کہ اس سمسٹر کے بعد تم جاؤ گے....

مگر بابا....

اگر مگر کچھ نہیں.... ایک دو سال کی ہی بات ہے....

لیکن پاپا میں جانا نہیں چاہتا....

میں نے ان سے کہہ دیا ہے اور یہ پہلے سے ڈیسائڈ ہے تو اب کیا مسئلہ ہے.....

مگر میں یہاں بھی کچھ اچھا کر سکتا پاپا....

Posted on Kitab Nagri

وہاں کا ایکسپیر ئنس لے آؤ گے تو بہت اچھا ہو گا...ویسے بھی ہمارے حالات بھی اور بہتر ہو جائیں گے....

پہلے بھی الحمد اللہ...اللہ کا دیا سب تو ہے پاپا....

تمہارے ماموں کا بہت بڑا بسنس ہے... تمہیں ان سے بہت مدد ملے گی.... اور پھر تمہاری شادی بھی تو کرنی ہے.... خالد صاحب نے ہنستے کہا.....

ٹھیک ہے...میری بھی ایک شرط ہے پھر.... حارب نے ہچکچاتے کہا...

کونسی شرط.... ؟؟؟؟ خالد صاحب نے ماتھے پر سلوٹیں ل ئے کہا..

وہ میں آپ کو بعد میں بتاؤں گا..... حارب نے کہا...

Posted on Kitab Nagri

ٹھیک ہے مگر ہر صورت میں تمہیں وہاں جانا پڑنا ہے....

حارب خاموش رہا...

کھانا تیار ہے... آجائیں.... لائبہ بیگم نے آواز دی....

چلو کھانا کھاتے ہیں..... خالد صاحب نے اٹھتے کہا...

حارب بھی ان کے ساتھ ہی اٹھ گیا...

............. .........

حور بیٹی کہاں ہے..... منیر صاحب نے ادھر ادھر دیکھتے کہا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

بس کچن میں ہو گی...

حور.... عالیہ بیگم .نے آواز دی.... چائے لے آؤ...

کچھ ہی دیر میں حور کمرے میں داخل ہوئی....ہاتھ میں ٹرے پکڑے.... اس نے ٹیل پونی کی ہوئی تھی.... سینے پر دوپٹا پھلائے وہ اندر داخل ہوئی...

اسلام علیکم.... حور نے میز پر ٹرے رکھتے کہا....

وعلیکم اسلام.... منیر صاحب نے جواب دیا...

آؤ.. حور بیٹا.... میرے پاس بیٹھو.... منیر صاحب نے اپنے پاس پڑی چیئر کی طرف اشارہ کیا..

Posted on Kitab Nagri

علی نے نظر اٹھا کر حور کی طرف دیکھا....اس کے چہرے پر مسکراہٹ آ گئی....وہ حور کو ہی دیکھے گیا....

حور منیر صاحب کے پاس آ کر بیٹھ گئی....

کیسی ہے میری بیٹی....

جی.ماموں بلکل ٹھیک...حور نظریں جھکائے بیٹھی رہی....

پڑھائی کیسی جا رہی ہے....؟؟؟

لاسٹ سمسٹر چل رہا ہے....

بھابھی جویریہ نہیں آئی....عالیہ بیگم.نے ساجدہ سے پوچھا....

Posted on Kitab Nagri

نہیں...اس کے پیپرز ہیں.... ساجدہ بیگم نے رکھے سے انداز میں کہا....

منیر صاحب کے دو بچے تھے...ایک علی جو حور کا ہی ہم عمر تھا... اور دوسری جویریہ جو سیکنڈ ائر میں تھی....

علی مسلسل حور کو دیکھے جا رہا تھا... حور نے اس کی اس حرکت کو محسوس کیا....اس نے علی کو مکمل طور پر نظر انداز کیا... مگر وہ عجیب سی نظروں سے اسے دیکھے جا رہا تھا....

اچھا عالیہ اب حور کو لے کر تم ضرور ہماری طرف آنا.... کچھ دن ہمارے پاس بھی رکنا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی بھائی.... انشااللہ....

صرف جی نہیں... آنا بھی ہے.... میں روز فون کروں گا... جس دن کا پروگرام ہوا بتانا... میں علی کو بھیج دوں گا....

Posted on Kitab Nagri

بھائی علی بیٹے کو کیوں تنگ کرنا... ہم آجائیں گے....

ارے پھوپھو.... پریشانی کیسی مجھے خوشی ہو گی.... علی نے حور کی طرف دیکھ کر کہا.....

جیتے رہو بیٹا..... علیہ بیگم مسکرا دی....

حور کو علی کا یوں مسلسل دیکھنا زہر لگ رہا تھا... مگر وہ برداشت کئے جا رہی تھی....

.....................

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیسا رہا آج کا دن.... ؟؟؟ زبیدہ بیگم نے کھانے کے ٹیبل پر بیٹھے دانیال سے پوچھا....

اچھا تھا.... دانیال نے ارشد صاحب کو دیکھ کر روکھے انداز میں کہا...

Posted on Kitab Nagri

کوئی نہیں کچھ دن جائے گا عقل ٹھکانے آجائے.... ارشد صاحب نے پلیٹ میں چاول ڈالتے کہا

اب آپ ہر وقت میرے بیٹے کو ایسے بھی مت کہا کریں....مان تولی ہے آپ کی بات.....

تمہارے اسے لاڈ نے بگاڑا ہے.... اور میری بات نہیں مانی...پیسوں کے چکروں میں جا رہا....

چلیں جو بھی ہے جا تو رہا ہے نا.... چلو بیٹا تم کچھ لو...

جی.... دانیال اس سارے عرصے میں منہ بنا کر بیٹھا رہا....

.......................

ملائکہ.... حارب نے ملائکہ کو اواز دی....

Posted on Kitab Nagri

جی.....

وہ حور کہاں ہے.....؟؟؟

کیوں خیریت...؟؟؟ آج والا لیکچر بھی سمجھ نہیں آیا.... ملائکہ تھوڑا ہنس دی....

آپ میرا مزاق اڑا رہی ہیں..... حارب نے اس کے ساتھ چلتے کہا....

میرے اتنی مجال.... ویسے....؟؟؟؟

کیا...؟؟؟ حارب نے نا سمجھتے کہا..

Posted on Kitab Nagri

حور کے پاس بیٹھنے کا بہانا تھانا... کیوں کہ وہ ٹوپک تو نساء کو آپ نے ہی سمجھایا تھا....

حارب رک گیا.... اور سکتے کے عالم میں ملائکہ کی طرف دیکھتا رہا...

پریشان نہ ہوں میں نے اس سے ذکر نہیں کیا.... ملائکہ نے رک کر کہا....

تھینکس... حارب نے سکون کا سانس لیا...

ویسے اتنا ڈر کس بات کا.....؟؟؟

ڈر لگتا اگر اس نے منع کر دیا تو..... حارب نے کندھے پر بیگ ٹھیک کرتے کہا...

بتانا تو پڑے گا نا.....ورنہ کوئی اور اسے لے جائے گا.....

Posted on Kitab Nagri

حارب کے ماتھے پر سلوٹیں پڑ گئ...

یار آپ تو ایسے بد دعا نہ دیں..... حارب نے برا مناتے کہا...

میں بد دعا تو نہیں دے رہی.... ملائکہ نے ہچکچاتے کہا

اچھا ملائکہ ایک ہیلپ کریں گی....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی...؟؟؟

وہ کچھ دنوں تک یونی کا ٹرپ جا رہا نا... تو آپ بتا سکتیں کہ حور جائے گی یا نہیں....

Posted on Kitab Nagri

میرا خیال ہے نہیں!!.....

کیوں... میرا مطلب... کہ کوئی فائننشل پروبلم کی وجہ سے...؟؟؟

یہ بھی ہو سکتا مگر وہ اپنی امی کو اکیلا نہیں چھوڑ کر جا سکتی.....

اچھا.... حارب اداس ہو گیا...

مگر میں پھر بھی پوچھوں گی.....

اوکے تھینک یو..... حارب یہ کہہ کر چلا گیا... اور ملائکہ لائبریری کی طرف چل دی.....

.........................

Posted on Kitab Nagri

ہائے!!!!.....

حور کمرے میں بیٹھی پڑھ رہی تھی کہ فون پر میسج آیا....

جی کون..؟؟؟کسی ان نون نمبر سے میسج آیا تھا....

میں علی.....ایک اور میسج آیا...

کون علی....؟؟؟حور کے ماتھے پر سلوٹیں پڑی...وہ بلاک کرنے ہی والی تھی کہ اگلا میسج آیا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وللہ....آپ اپنے کزن کو نہیں پہنچانتی....افسوس.....

اوہہ...آپ ....جی...کوئی کام....اور آپ کو میرا نمبر کہاں سے ملا...

Posted on Kitab Nagri

نمبر ڈھونڈنا کونسا مشکل کام ہے......ساتھ میں ایک سمائل والا ایموجی بھی تھا...

آپ مہربانی کر کے کام بتادیں.. نہیں تو پلیز میسج مت کریں...مجھے پڑھنا ہے.... حور نے غصے سے میسج کیا...

اوکے... آپ پڑھ لیں پھر بات ہو گی.....بائے..... حور نے میسج پڑھ کر موبائل سائڈ پر رکھ دیا....

.............................

حور...مالائکہ اور حور کلاس میں بیٹھی ہوئی تھیں.....

ہاں...

Posted on Kitab Nagri

یار نیکسٹ ویک ٹرپ جا رہا..... ملائکہ نے ہچکچاتے کہا

تو.... ؟؟؟

جانا تم نے.... ؟؟؟

تمہیں پتا ہے میں نہیں جاتی..... ماما کی وجہ سے یار.....

لیکن میں سوچ رہی تھی کہ چلو نا... اس کے بعد تو پتا نہیں کب ہم اکھٹے ہوں..... ملائکہ نے بک بند کرتے کہا...

دل تو میرا بھی تھا... مگر امی کا مسئلہ ہے نا... انہیں اکیلا نہیں چھوڑا جا سکتا.....

تو آنٹی ہماری طرف رک جائیں.... ایسا کوئی مسئلہ نہیں.... ملائکہ نے کہا...

Posted on Kitab Nagri

نہیں یار ایسا اچھا نہیں لگتا....امی کبھی بھی نہیں مانے گیں..اور اوپر سے کچھ دنوں تک ماموں کی طرف بھی جانا....

یار تو تم امی کو دو دن ماموں کی طرف رہنے دینا...میر امطلب وہ وہاں تو رہ سکتی ہیں نا.....ملائکہ نے کندھے اچکاتے کہا

نہیں یار...مامی کا رویہ....کوئی بات نہیں تم لوگ چلے جاؤ....حور نے اداس ہوتے کہا...

سب کہہ رہے تھے....خاص طور پر.....ملائکہ نے بات ادھوری چھوڑ دی....

خاص طور پر.....؟؟؟؟حور نے سوالیہ نظروں سے اس کی جانب دیکھا.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

کچھ نہیں.... ایسا کرو... تم امی سے بات کر لو.... اور سوچ لو اگر موڈ ہوا تو..... کیوں کہ اس بار پوری کلاس جا رہی ہے....

اچھا سوچوں گی....

اگر کوئی پیسوں کا مسئلہ....؟؟ تو میں...؟؟؟

نہیں نہیں ...وہ تو ہو جائے گا.....

اوکے پھر سوچنا تم..... ملائکہ نے کہا...

حور مسکرا دی.....

.........................................

Posted on Kitab Nagri

ہیلو.... حور کینٹین میں بیٹھی تھی کہ حارب آیا....

میں بیٹھ سکتا ہوں....؟؟؟

جی... حور نے جواب دیا....

آج دوستیں کہاں غائب ہیں تمہاری..... میرا مطلب آپ کی... سوری... حارب نے ہاتھ اٹھاتے کہا....

کچھ زیادہ ہی سوری نہیں بولنے لگ گئے آپ.....

وہ اصل میں باقیوں کو ایسے بلانے کی عادت تو منہ سے نکل گیا....

کوئی بات نہیں.... حور نے مسکرا کر کہا... مگر ساتھ ہی اس کے موبائل پر میسج آیا...اس نے پڑھ کر اگنور کر دیا.....

Posted on Kitab Nagri

آپ اکیلے کہاں گھوم رہے آج....؟؟حور نے موبائل رکھتے کہا...

کیا مطلب میں اکیلا نہیں گھوم سکتا....؟؟؟

نہیں وہ شہزادے ہیں نا آپ...تو.... آپ کے تو آگے پیچھے لڑکیاں گھومتی ہیں.... حور نے مسکراہٹ دباتے کہا...

اچھا جی....تو آپ طنز کر رہی ہیں..... شہزادہ تو میں ہوں....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حور مسکرادی....

تو کیا کر رہے ہیں آپ یہاں شہزادے جی.....

شہزادی ڈھونڈ رہا ہوں......حارب نے حور کی آنکھوں میں دیکھتے کہا....

Posted on Kitab Nagri

جی........ حور نے حیرت سے اس کی طرف دیکھا..

مزاق کر رہا تھا....

اچانک حور کا فون بجنے لگا.....

ہیلو.. کون...؟؟؟

میں نے کتنی بار کہا ہے آپ کو کہ مجھے فون مت کریں.... آپ کو سمجھ نہیں آتی....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حارب کے ماتھے پر سلوٹیں پڑی....

حارب نے آگے ہو کر اس کے ہاتھ سے موبائل پکڑا اور کال بند کر دی....

کون تھا...؟؟؟ حارب کا لہجہ تھوڑا سخت تھا....

Posted on Kitab Nagri

وہ میرا کزن ہے... آپ فون دیں مجھے.....

تو بار بار کیوں کالز کر رہا.....

میں آپ کو جواب دہ نہیں ہوں... میرا فون دیں.... حور نے اس کے ہاتھ سے موبائل پکڑ لیا...

بلاک کرو..... حارب نے اونچی آواز میں کہا...

حور نے ادھر ادھر دیکھا.... آہستہ بولیں... نہیں کر سکتی میں .... وہ میرا کزن ہے....

تو تنگ کیوں کر رہا ہے.... اس بار حارب کی آواز زرا کم تھی.....

Posted on Kitab Nagri

یہ میرا پروبلم ہے....

حور بہتر ہے تم بلاک کر دو.... پلیز......

حور کے دل کی دھڑکن تیز ہوئی.... اسے حارب کا ہوں کہنا اچھا لگا...

میں ماموں سے بات کروں گی وہ آئندہ نہیں کرے گا..... حور کا لہجہ نرم پڑ گیا...

حارب نے کوئی جواب نا دیا... اور کرسی کے ساتھ ٹیک لگالی...

حارب کے ماتھے پر پڑی سلوٹیں... اس کی آنکھوں میں آیا غصہ... حور کے دل کی دھڑکن کو تیز کئے جا رہا تھا....

بیٹا... عالیہ بیگم حور کے کمرے میں آئیں....

Posted on Kitab Nagri

جی امی....وہ میز پر کتابیں رکھے بیٹھی ہوئی....

بیٹا تمہارے ماموں کی طرف بھی جانا ہے....

امی کوئی ضرورت نہیں ہے......حور نے غصے سے کہا..

دیکھو وہ خود چل کر ائے تھے....اب اگر ان کے اتنے اصرار کے بعد بھی میں ہم ناگ ئے تو بیٹا برا لگتا ہے.....

امی....لگتا رہے برا....اب انہیں یاد آگیا.....میں نہیں جارہی....

وہ پوچھیں گے تو میں کیا کہوں گی.....عالیہ بیگم بیڈ پر بیٹھ گئیں....

Posted on Kitab Nagri

آپ کوئی بہانا بنا دیج ئے گا..... حور نے کتاب بند کی اور امی کے پاس آ کر بیٹھ گئی..

اصل میں مسئلہ یہ ہے کہ بھائی صاحب کہہ رہے ہیں کہ ایک دو دن ان کے ساتھ ہی گزاریں ہم......

جی نہیں...امی میں بتا رہی ہوں.... میں ان کے گھر نہیں رہوں گی....

اب تمہیں میں اکیلا تو نہیں چھوڑ سکتی نا...عالیہ بیگم نے پریشانی سے کہا...

امی یاد آیا...اگلے ہفتے میرا ٹرپ جا رہا ہے.... مری..... دو دن کے ل ئے....

تو.....؟؟؟؟

میری ساری دوستیں کہہ رہی تھیں کہ تم چلو...... میں آپ کی وجہ سے نہیں جا سکتی.... آپ ایسا کریں ان دنوں ماموں کی طرف چلی جائیں..... اس طرح مجھے ان کے پاس رہنا بھی نہیں پڑے گا.....

Posted on Kitab Nagri

لیکن اکیلے.... ٹرپ... اتنی دور..... عالیہ بیگم کا دل اس بات کے ل ئے آمادہ نہیں تھا....

امی سب دوستیں جا رہی ہیں...... ملائکہ تک جا رہی ہے..... نشوا.. ارم سب....

بیٹا مجھے ڈر لگتا ہے.....

ارے امی.... کچھ نہیں ہوتا.... میں ماموں کی طرف نہیں رکنا چاہتی.... میں آپ کے ساتھ چلوں گی... ماموں کی طرف... وہاں سے یونی.... آپ اتنے دن وہاں رک جائے گا.....

اچھا وہ تو ٹھیک ہے.... مگر... پیسے.....؟؟؟

اتنے ہیں میرے پاس.... آپ فکر نا کریں.... اچھا اب مجھے ایک کپ چائے تو بنا دیں.....

Posted on Kitab Nagri

اچھا۔۔۔بناتی ہوں۔۔۔عالیہ بیگم اٹھ کر چلی گئیں۔۔۔۔

شکریہ امی!!!۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یار اداس کیوں بیٹھا ہے۔۔۔۔ دانیال نے حارب سے پوچھا۔۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔۔یار!!!!۔۔۔۔

یار کون ہے وہ لڑکی۔۔۔۔۔؟؟؟دانیال نے زچ ہوتے کہا۔۔۔

کون لڑکی۔۔۔؟؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

جس نے چار سے پاگل کرر کھا ہے.....

حارب مسکرادیا.....بس ہے!!!.....

مجھے بھی ملوادو....دیکھوں کون ہے وہ..... جس نے تمہارا دماغ خراب کرر کھا ہے....

ملوادوں گا....پہلے خود تو اس سے کہہ دوں......حارب نے مایوسی سے کہا...

تو یار کب بتائے گا اسے.......دانیال نے بے زار ہوتے کہا....تم کہو تو میں بتادوں اسے......

نہیں....!!!میں اب سوچ رہا ہوں کہ کہہ دوں جو ہو گا دیکھا جائے گا......

Posted on Kitab Nagri

چلو شکر ہے یہ خیال بھی آیا تمہیں...

میری چھوڑ تو سنا....... کیا چل رہا..... آج کل....

کچھ نہیں پاپا ساتھ آفس پھر وہی... شام میں... دوستوں ساتھ..... دانیال نے انکھ مارتے کہا....

یار تو تھکتا نہیں ہے..... ہر روز نئی لڑکی..... کسی ایک کے ساتھ تو سینسئر ہو جا....

تیری مہربانی..... سینسئر ہو کہ تیرے جیسا حال کروالوں اپنا....

میں خوش ہوں... مجھے کیا ہوا.... حارب نے کندھے اچکاتے کہا...

خود کو دیکھا ہے.... آہستہ آہستہ کتنا سیریس ہوتا جا رہا ہے......

Posted on Kitab Nagri

سیئریس نہیں میچور.....حارب نے مسکرتے کہا....

......

ملائکہ نشوااور حور کلاس میں اکھٹی بیٹھیں تھیں.....

ملائکہ میں چلوں گی ٹرپ پر...... حور نے مسکراتے کہا....

واؤ یار.....سچ میں...... ملائکہ نے کہا....

شکر ہے یار.....تم بھی کہیں چلو گی...... نشوا نے کہا....

Posted on Kitab Nagri

مگر آنٹی ....؟؟؟ ملائکہ نے کہا...

ہاں وو ماموں کی طرف چلی جائیں گی.... انہوں نے انوائٹ کیا ہے......

چلو یہ تو اچھا ہے...... ملائکہ نے کہا....

یار وہ دیکھو...... نشوا نے کہا...

کیا..... حور نے اس جانب دیکھتے کہا...

حارب کو...... حارب کچھ دور دوستوں کے ساتھ کھڑا تھا.....

تو کیا ہوا اسے..... حور نے منہ بناتے کہا...

Posted on Kitab Nagri

کتنا ہینڈسم ہے..... ہر لڑکی کا کرش...... نشوا نے کہا...

حور نے ایک نظر حارب کو دیکھا.... وہ واقعی بہت ہینڈسم تھا.. حور کے چہرے پر مسکراہٹ آگئ...

نشوا خیر تو ہے...... ملائکہ نے کہا....

یار میری دوستی کروا دو حور اس سے..... نشوا نے حور کا ہاتھ پکڑ کر ہلاتے کہا...مجھے بہت پسند ہے حارب.....

ہیں...... میں کیوں کرواؤں.....؟؟؟ حور نے حیرت سے اسے دیکھ کر کہا...

یار وہ تمہاری بہت ریسپکٹ کرتا ہے..... آئی مین تمہاری بات ضرور سنے گا.....

Posted on Kitab Nagri

ملائکہ بھی ہنس دی....

لو جی..... یہ کیا بات ہوئی.... میں نہیں کہنے والی اسے کچھ.... کیا سوچے گا میرے بارے میں وہ.... اور کہوں بھی تو کیا... کہ میری دوست سے دوستی کر لو..... کتنا چیپ. لگے گا.....

جاؤ نا سہی.... میں خود ہی اس سے بات کرتی ہوں... تم دعا کرنا..... نشوا نے اٹھتے کہا.....

ابھی جا رہی ہو..... ملائکہ نے حیرت سے کہا.....

نشوا چلے گئ اور حارب سے کچھ کہا.... وہ اپنے دوستوں کو چھوڑ کر سائڈ پر نشوا کے پاس چلا گیا......

یار یہ لڑکی کیا کہہ رہی ہے..... حور نے ملائکہ کو دیکھ کر کہا....

جو یہاں کہہ کر گئی ہے.... چھوڑو تم انہیں...... ہم چلتے ہیں باہر.....

Posted on Kitab Nagri

نہیں رکو..... حور حارب کو دیکھ رہی تھی.... وہ مسکرا کر نشوا سے بات کر رہا تھا... حور کو برا لگا...اس کے ماتھے پر ہلکی ہلکی سلوٹیں پڑی... جسے ملائکہ نے محسوس کیا...

کیا ہوا...؟؟؟

ہاں.... حور چونکی...کچھ نہیں...وہ. مسکرادی....

چلو ہم چلتے ہیں..... حور نے کہا اور کھڑی ہو گئی...

اوکے!!!!!........

.....................

Posted on Kitab Nagri

ساجدہ.... منیر صاحب نے بیگم کو آواز دی....

وہ کچن میں تھیں...

علی جویریہ اور منیر صاحب ڈائنگ ٹیبل کر بیٹھے ہوئے تھے....

جی...ساجدہ بیگم بھی ٹیبل پر آ کر بیٹھ گئیں...اور چاول کی ٹرے ٹیبل پر رکھ دی....

گیسٹ روم صاف کر دینا......

کیوں....؟؟؟؟اب کون آرہا ہے.....؟؟

جویرہہ نے علی کو آنکھوں سے اشارہ کیا...اور علی نے کندھے اچکا دیئے.....

عالیہ اور حور آرہے ہیں کچھ دن کہ ل ئے...... منیر صاحب نے چاول ڈالتے کہا.....

Posted on Kitab Nagri

وہ کیوں....؟؟؟؟؟

کیامطلب کیوں.... میری بہن پے.... میرے گھر آرہی ہے...... منیر صاحب برہم ہوگ ئے.....

ہنہ.... ساجدہ بیگم نے منہ بنالیا....

علی تم پرسولے آنا انہیں.......

جی پاپا.....

..................

Posted on Kitab Nagri

ہائے.....حارب کودتا ہوا حور کے ساتھ چئیر پر بیٹھ گیا.....

حور نے کوئی جواب نا دیا....

ہائے.......!!!!حارب نے اس بار اونچی کہا...

آہستہ یہ لائبریری ہے.......

یہاں کوئی آس پاس نظر آرہا ہے....حارب نے ادھر ادھر دیکھا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حور پھر سے چپ ہو گئی.....

کیا ہوا ہے....میری کوئی بات بری لگی......

نہیں....!!!!!حور نے دوٹوک کہا....

Posted on Kitab Nagri

تو...ایسے کیوں بے ہیو کر رہی ہو.... حارب نے اس بار پریشانی سے کہا....

آپ کو اس سے کیا.....حور یہ کہہ کر کرسی سے اٹھی اور جانے لگی.....

حارب اٹھا اور اس کا بازو پکڑا....رکو!!!!!.....

بازو چھوڑیں میرا... حور پلٹ کر اس کے سامنے آگئی....

نہیں چھوڑ رہا....... حارب نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا....

یار کیا کیا ہے میں نے.....؟؟؟؟

حور نظریں جھکائی کھڑی رہی......

Posted on Kitab Nagri

نشوا کو ہاں کہہ دی.....

کیا....؟؟؟حارب نے نا سمجھتے کہا..... کس بات کی ہاں....؟؟؟؟

وہ کچھ کہنے آئی تھی آپ سے.....

ہاں آئی تو تھی.....وہ پروفیسر کی بات بتانے....

کیا پروفیسر......؟؟؟؟حور نے دل میں سوچا.... نشوا......اسے یک دم اس پر غصہ آیا.....

تمہیں میرا اس سے بات کرنا برا لگا......

Posted on Kitab Nagri

مجھے کیوں برا لگے گا..... آپ دن میں پتا نہیں کتنی لڑکیوں سے بات کرتے ہیں......

تم کہو تو آئندہ کسی سے نہیں کروں گا......حارب نے مسکراہٹ دباتے کہا.م...

جس سے مرضی کریں...مجھے فرق نہیں پڑتا.... خیر نشوا کہ رہی تھی آپکو بتادوں کہ اسے آپ بہت پسند ہیں. ......

ہاہاہا.... حارب ہنس دیا..... اب سمجھا میں......

کیا سمجھے.... ؟؟؟؟ حور نے حیرت سے اسے دیکھتے کہا.......

کچھ نہیں.... چلو اسے کہہ دینا...مجھے کوئی پروبلم نہیں....

کیا.... !!!خود ہی کہنا.... میں کیوں کہوں..... حور یہ کہہ کر لائبریری سے باہر جانے لگی....

Posted on Kitab Nagri

ارے روکو.... مزاق کررہا تھا.... حارب اس نے پیچھے بھاگا....

...... ............

یار کل ٹرپ بھی جانا ہے..... ہاں... یار جلدی نکلنا ہے..... رات کو ہی سب سیٹ کرنا پڑنا ہے... ملائکہ نے کہا.

ہاں ٹھیک کہہ رہی تم......

آج رات ماموں کی. طرف جانا ہم نے... صبح ماموں چھوڑ دیں گے.....

یار تم ماموں کے گھر جانے پر ایسے منہ کیوں بنا لیتی ہو......

Posted on Kitab Nagri

یار ماموں کا بیٹا.....

کیا ہوا اسے......

عجیب سی حرکتیں کرتا.... مجھے زرا نہیں پسند.... ہر وقت فضول میں میسج کرتا رہتا ہے.....

ہو سکتا تم میں انٹرسٹڈ ہو.........

یار یہی ڈر ہے..... مجھے ڈر ہے ماموں اس قسم کی کوئی بات نا کر دیں امی سے.... اور امی تو پہلے ہی اپنے بھائی کے پیار میں سب کرنے کو تیار ہوتی ہیں...

تو یار برائی کیا ہے اس میں... یا تم کسی اور.......

Posted on Kitab Nagri

نہیں یار ایسی بات نہیں ہے... میں ابھی شادی کرنا ہی نہیں چاہتی..... ابھی مجھے جاب کرنی ہے اپنے حالات بہتر کرتے.... جاب کرنا میرا جنون ہے...... اور مجھے امی کے لئے بھی بہت کچھ کرنا ہے......

ہم...... سہی..... چلو اللہ بہتر کریں گے سب......

یار اللہ سب انسانوں کو برابر کیوں نہیں بنا دیتے..... حور نے زمین سے گھاس اکھاڑتے کہا.....

سب انسان برابر ہی ہیں.....

نہیں یار... کسی کے پاس اتنے پیسے.... اور کوئی بھوک سے مر رہا...... اور اللہ چاہیں تو سب کو ہدائیت دے کر نیک بنا لیں.... پھر وہ کیوں کسی کو اپنے اتنا قریب رکھتے اور کسی کو غافل.....

مجھے یاد تو نہیں کہ وہ کونسے نبی تھے یا کوئی بزرگ تھے... مگر ایک واقعہ پڑھا تھا.... کہ انہوں نے اللہ سے یہی سوال کیا تھا...... کہ سب کو کیوں نہیں.....

Posted on Kitab Nagri

تو اللہ نے فرمایا کہ وہ سامنے باغ ہے اس میں سے میرے لئے پھول توڑ کر لاؤ.....

وہ چلے گئے.... اس باغ میں گئے اور سب سے بہترین پھول توڑنا شروع کر دیئے.... جو جو انہیں خوبصورت لگتا وہ وہ والا پھول توڑ لیتے..... پھر وہ پھول لے کر اللہ کے سامنے پیش کر دیئے....

اللہ نے فرمایا کہ اتنے سے کیوں لائے ہو..... سارے باغ کے پھول بھی تو لا سکتے تھے..... تو انہوں نے کہا جو جو مجھے اچھا لگا میں لے آیا جو ان میں سے بہترین تھے جو مجھے اچھے نہیں لگے میں نے انہیں چھوڑ دیا...... تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا بلکل اسی طرح جو جو مجھے اچھا لگتا میں اسے ہدائیت دے دیتا ہوں.... اسے اپنے قریب کر لیتا ہوں......

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حور مسکرا دی...... اچھا دیکھو پردہ کرنا اچھی بات ہے اگر کوئی نہیں کرتا تو..... میرا مطلب دیکھو... اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہوتا ہے.... اور ہم میک اپ کر کے بال بنا کر باہر جاتے ہم کونسا لڑکوں کے لئے کرتے ہم اپنے لئے کرتے...... تو اس میں کیا گناہ.....

Posted on Kitab Nagri

ہاہا... اپنے لئے......... تو...... اپنے لئے تو گھر رہ کر بھی کیا جا سکتا... ساری رات دن جب تک آپ گھر میں ہو کر لو..... لیکن اصل بات یہ ہے کہ ہم خود کو تسلی دیتے کہ ہم کسی کے لئے نہیں کر رہے... جب کہ ہم دوسروں کے لئے ہی کرتے.... شادیوں پر جاؤ تو یہ ہوتا کہ سب سے خوبصورت میں لگوں.... سب میری تعریف کریں تو یہ اپنے لئے کیسے ہوا...... ؟؟؟؟؟ اور چلو مان لیا کہ ہم دوسروں کے لئے نہیں کرتے.... مگر کیا دوسرے بھی آپ کو اسی صاف نیت سے دیکھتے ... جتنی صاف اور نیک آپ کی نیت ہے...... اس طرح تو آپ دوسروں کو بڑھاوا دے رہے نا کہ لو ہم available ہیں...... کیک کھلا پڑا ہو تو کتنی مکھیاں آکر بیٹھ جاتی ہیں..... کور رہے تو محفوظ رہتا ہے... اور ہر شخص اسی کو پسند بھی کرتا......

ٹھیک کہہ رہی ہو تم....... اللہ میرا دل بھی بدل دیں.... پتا ہے یہ سب اچھا لگتا.... دل بھی کرتا.... مگر ہمت نہیں پڑتی...... نجانے کیوں..... کچھ دنوں تک اثر رہتا مگر پھر.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دل صرف اللہ بدل سکتے کسی کی باتیں صرف ذریعہ بن سکتی ہیں.... تم دعا کرو...... پتا بھی نہیں چلنا جب بدلنے لگا.....

اور سب لوگ پتا کیا سوچتے پردہ کرنا تو آج سے نقاب کرنا شروع کر دو.... آہستہ آہستہ کرلو.... تھوڑے سے شروع کر لو...... سب نا کر پانے کے خوف سے جو کر سکتے وہ بھی چھوڑ دینا تو غلط ہے نا......

Posted on Kitab Nagri

انشااللہ میں بھی کوشش کروں گی۔۔۔۔۔

انشااللہ!!!!......

..............................

حور مجھے تم سے ضروری بات کرنی ہے۔۔۔؟؟؟حارب تیزی سے چلتا اس کا پیچھے آیا

کیا۔۔؟؟؟

کہیں بیٹھ کر بات کرسکتے ہیں۔۔؟؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

ہم کل کرلیں....؟؟؟؟

کیوں...؟؟؟

ابھی مجھے دیر ہو رہی ہے.....

کل تو ٹرپ....؟؟؟؟ تم جا رہی ہو.....؟؟؟؟

جی.....

واؤ.... گریٹ.... ٹھیک پے پھر.... اب وہیں بات کریں گے.... حارب نے مسکرا کر کہا

کوئی خاص......اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتی.... سامنے پڑے ایک پتھر سے ٹھوکر لگ گئ....

Posted on Kitab Nagri

اس سے پہلے وہ گرتی حارب اسے پکڑ چکا تھا....

ہاتھ میں پکڑی کتابیں نیچے گر گئیں....

دھیان سے.... حارب نے اسے چھوڑا اور نیچے بیٹھ کر اس کی کتابیں اٹھانے لگا.....

حور چپ چاپ اسے دیکھے گئی......دل اچانک زور سے دھڑکہ....

کیا ہوا.... حارب نے اسے کتابیں پکڑائیں....

کچھ نہیں.... میں چلتی ہوں....

اوکے.... لیکن دھیان سے پلیز......

Posted on Kitab Nagri

ہم..... تھینکس اللہ حافظ..... حور نے کہا اور آگے بڑھ گئ....

اللہ حافظ........

حور اپنے کمرے میں بیٹھی ہوئی تھی.....

حارب کو کونسی خاص بات کرنی ہے.....وہ خود سے سوچے جا رہی تھی....

نشوا سے متعلق....؟؟؟؟ نہیں نہیں!!!....

ایسا نہیں ہو گا.....

مجھے کیوں برا لگ رہا.... کیا مجھے حارب..... نہیں .....یا اللہ ایسا نا ہو.....اس چیز کی خواہش جسے میں پا نہیں سکتی...وہ احساس جس کی کوئی منزل ہی نہیں.....مجھے حارب سے دور رہنا ہو گا......

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

بیٹا....حور.....عالیہ بیگم نے حور کع کندھے سے ہلایا....

جی امی....وہ.یک دم چونکی....

میں کب سے آوازیں دے رہی.... کہاں گم.ہو......؟؟

کیاہوا....؟؟؟

وہ علی آرہاہے....

کیوں ....؟؟؟وہ.کیوں آرہاہے.....؟حور کو غصہ آگیا....

Posted on Kitab Nagri

ہمیں لینے کے ل ئے..... تم. نے پیکنگ کر لی ٹرپ کے ل ئے.....

جی وہ تو ہو گئی مگر....... امی ہم خود جا سکتے تھے..... اسے بلانے کی کیا ضرورت ہے.... میں انکا کوئی احسان نہیں لینا چاہتی......

احسان کیسا.... تمہارے ماموں نے بھیجا کہ ہمیں مشکل. نا ہو.... اب جلدی تیار ہو جاؤ.......

یہ کہہ کر وہ باہر چلی گئیں....

مصیبت اب اسے جھیلنا پڑنا.....

.............................

حارب....!!لائبہ بیگم نے حارب کو آواز دی...

Posted on Kitab Nagri

جی ماما.....وہ. کمرے سے باہر آیا...

آؤ میرے پاس بیٹھو......

جی.....

بیٹا ....!!! میں جانتی ہوں کہ تم اپنے ماموں کے پاس نہیں جانا چاہتے.....اگر تمہارا ارادہ نہیں ہے تو منع کر دو.....

نہیں ماما.....باباکی خواہش ہے......

میں ان سے بات کرلوں گی....کچھ وقت ناراض ہوں گے پھر مان جائیں گے.....

نہیں ماما....میں جانا چاہتا.....

Posted on Kitab Nagri

کیوں.....؟؟؟

ماما بابا نے وعدہ. کیا ہے کہ وہ میری شرط مانے گیں.... اور وہ بات ان سے. منوانے کا بس یہی طریقہ ہے کہ میں ان کی بات مانوں..... پھر میں ان سے اپنی بات کہوں گا... اور وہ انکار نہیں کر پائیں گے.......

ایسا بھی کیا ہے....؟؟؟؟؟؟لائبہ بیگم. نے تجسس سے پوچھا.....

ماما..... حارب ان کے قریب ہوا...... آپ ابھی بابا سے ذکر مت کیجئے گا.......

اچھا.....!!!! نہیں کرتی.....

ماما وہ ایک لڑکی..... ....

Posted on Kitab Nagri

پسند ہے.... لائبہ بیگم نے جملہ مکمل کر دیا...

جی ماما... آپ ملیں گی نا تو دیکھنا بہت پیاری ہے وہ....

کہاں ملی......لائبہ بیگم نے مسکرا کر کہا....

وہ ماما یونی میں..... حارب نے نظریں جھکا لیں....

وہ بھی پسند کرتی.....؟؟؟ یا بس تم ہی......

حارب اداس ہو گیا.... ماما بتایا ہی نہیں اسے..... چار سال سے پسند ہے..... ہر روز ہمت کرتا مگر.....

تو بتا کہ دیکھ لو......

Posted on Kitab Nagri

لیلن اگر وہ نامانی تو.........

لو میرے اتنے پیارے بیٹے کو کون پسند نہیں کرے گا.....

ماماوہ تو دیکھتی بھی نہیں مجھے....... ساری لڑکیاں آس پاس گھومتی رہتی... مگر وہ جیسے میں چاہتا کہ وہ پاس آئے.. وہ دیکھتی بھی نہیں......

اچھا... اب تو مجھے بھی شوق ہے اسے دیکھنے کا...... کون ہے ایسا کیا ہے. اس میں...؟؟

میں رکیں .... اپنا فون لایا..... میں اس کی تصویر دیکھاتا..... حارب اٹھ کر کمرے میں بھاگا.....

کچھ دیر بعد واپس آکر ماں کو فون پکڑایا.....

Posted on Kitab Nagri

لائبہ بیگم. کچھ دیر تصویر کو دیکھتی رہیں....

کیسی لگی.....؟؟؟ حارب نے بے چینی سے پوچھا.

بہت پیاری پے ماشااللہ.....!!!!! تمہارے ابو کیوں منع کریں گے......

ماما ...وہ ایک پور فیملی سے بلانگ کرتی.... آئی مین کہ اس کے فادر کی ڈیتھ ہو گئی تھی...تو اس کی ماما اور اس نے بہت مشکل حالات میں گزارا کیا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوہ اچھا....

تو آپ کو تو پتا کہ بابا کتنے کلاس کونشئس ہیں.....میرے پاس بس ایک یہی طریقہ ہے......

مگر وہ لڑکی اتنا انتظار کر لے گی.....؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

ماما اتنا کہاں... ایک دو سال. کی بات ہے......

پھر بھی بیٹا....

امی ابھی. بتا تو دوں....... اسے...... پھر دیکھتے ہیں.....

اوکے.....لائبہ بیگم. مسکرا دیں.....

اوکے ماما میں کل کے ل ۓ تیاری کر لوں......

حارب اٹھ کر چلا. گیا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

مگر لائبہ بیگم کسی سوچ میں گم ہو گئیں....

یا اللہ.... اس کے دل سے اس لڑکی کا خیال نکال دیں.... اس کے والد کبھی نہیں مانیں گے....

وہ. دل. ہی دل میں دعا کرنے لگیں......

...............

عالیہ آنے میں کوئی مشکل تو نہیں ہوئی.....

نہیں بھائی جان.... عالیہ بیگم اور حور صوفے پر بیٹھے ہوئے تھے.....

کچھ رسمی باتوں کے بعد.... کھانا لگا دیا گیا.... سب کھانا کھا کر ٹی وی لاؤنج میں بیٹھ گ ئے.....

Posted on Kitab Nagri

حور نے امی کو اشارہ کیا.....

بھائی صاحب وہ صبح حور کا ٹرپ جا رہا ہے.... تو اس نے صبح یونی جانا ہے.....

ٹرپ کہاں....؟؟؟؟

مری.... اس بار حور نے کہا....

تو بیٹا آپ ہمارے پاس نہیں رکو گے.....

یہ تو رکنا چاہتی تھی لیکن اس کی دوستوں نے بہت فورس کیا..... اس وجہ سے.... اس سے پہلے کہ حور کچھ کہتی... عالیہ بیگم بول اٹھی.... بھائی صاحب پھر آ جائے گی.... اپنا ہی تو گھر ہے......

کیوں نہیں.... جب چاہے آئے......

Posted on Kitab Nagri

میں چائے بنا کر لاتی ہوں....ساجدہ بیگم اٹھ کر چلی گئیں....ان کے تیوروں کو وہاں بیٹھے ہر شخص نے محسوس کیا.....

تو بیٹا آپ کو علی چھوڑ کر آئے گا کل....

نہیں ماموں اس کی ضرورت نہیں.....میں چلی جاؤں گی....

کیوں ضرورت نہیں وہ چھوڑ کر آئے گا.....

علی نے فاتحانہ انداز میں اسے دیکھا....

اچھا جویریہ بیٹا....تم حور کو اپنا کمرہ تو دیکھاؤ.....

Posted on Kitab Nagri

جی .... آجائیں.....

حور اٹھ کر جویریہ کے ساتھ چلی گئی.....

...........

یہ تمہارا کمرہ ہے.... ...؟؟؟

جی.....اندر آئیں.....

بہت پیارا ہے..... حور نے مسکراتے کہا...

تھنک یو.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

آئیں ہم باتیں کرتے ہیں.....

میں اکیلی بہت بعر ہوتی ہوں.... علی بھی ہر وقت باہر رہتا....

کیا کرتی ہو.....؟؟؟حور بیڈ پر بیٹھ گئی.....

میں پڑھتی ہوں...ابھی کالج سے فری ہوئی ہوں.... بس اب یونی.....اس نے مسکراتے کہا...

تمہیں یونی جانے کا بہت شوق ہے.....؟؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی بہت زیادہ....یونی میں مزہ آتا نا...ہم آزاد ہوتے.....

ہاہاا....اچھا.....

Posted on Kitab Nagri

اور ایک. بات بتاؤ.... ؟؟؟

بتاؤ.... ؟؟؟حور کو وہ بیت معصوم لگی تھی.....

وہاں بیت ہینڈ سم لڑکے بھی ہوتے ہیں نا......

ہاہاا.... اچھا تم نے اس ل ئے جانا ہے..... ؟؟؟؟

نہیں نہیں ...میں تو مزاق کر رہی تھی. ....

ویسے ہوتے تو ہیں...... حور نے آنکھ مارت کہا....

اچھا آپکی کلاس میں بھی ہے کوئی......

Posted on Kitab Nagri

حارب.... حور نے دل میں سوچا......

ہاں ہیں...نا.....

اچھا.. آپ. کا کل ٹرپ جا رہا.... کتنا مزہ آئے گا....

ہاں .... میں بھی پہلی بار جا رہی......

اچھا..... آپ ٹرپ کے بعد یہاں رہنے آئیں گی .... ؟؟؟؟

تو تم آ جانا..... میرے پاس.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

مگر ماما نہیں مانے گی... چلیں میں بابا سے پوچھوں گی.... میں آپ. کو اپنی ایلبم دیکھاتی......

اوکے....

................

ملائکہ !!!!....

حارب کی آواز آئی......

ملائکہ نے پیچھے مڑ کر دیکھا....

وہ.... حارب نے سر کھجاتے کہا.... حور نہیں آئی ابھی تک.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

نہیں ابھی تو نہیں آئی....

کیوں....؟؟؟؟

کیا ہو گیا.... آجائے گی.... راستے میں ہو گی......

..............

چلیں....!!حور کمرے سے نکلی تو علی اس کا منتظر کھڑا تھا.....

آج اس نے اچھے سے سر پر دوپٹا لیا ہوا تھا.....

جی....

Posted on Kitab Nagri

راستے میں علی بار بار اس سے سوال پوچھی جارہا تھا....

ویسے آپ اتنا ہی چپ رہتی ہیں.....؟؟؟؟

جی...!!!حور نے شیشے سے باہر دیکھتے کہا.....

کیوں.... مجھ سے بات کرنے کا دل نہیں کرتا.....

جی نہیں کرتا..... حور نے دوٹوک جواب دیا....

چلیں کوئی نہیں....!!!میں بات کرلوں گا..

Posted on Kitab Nagri

حور کو لگا کہ اب اس کا صبر جواب دے دے گا... مگر وہ اپنی امی کی وجہ سے چپ تھی.....

ویسے آپ کے آنے سے مجھے بہت خوشی ہوئی......

وجہ.....؟؟

ویسے ہی اچھا ہے نا... کہ پھوپھو اور بابا مل لیا کریں گے اب.....

حور نے کوئی جواب نہ دیا....

ویسے ایک. بات کہوں....؟؟؟

جی. فرمائیں....؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

آپ بہت خوبصورت ہیں.....

دیکھیۓ میں کب سے برداشت کر رہی.... آپ چپ نہیں رہ سکتے اور زرا اپنی لمٹس میں رہیں.....

اوکے اوکے... آپ. تو ناراض ہو گئیں.....

...........................

حور گاڑی سے اتری تو حارب کی نظر اس پر پڑ گئی....

وہ. مسکرایا مگر... گاڑی میں بیٹھے لڑکے کو دیکھ کر اس کے ماتھے پر سلوٹیں پڑ گئیں.......

حارب حور کی طرف گیا...

Posted on Kitab Nagri

ہائے... گور نے رسمی طور پر کہا

یہ لڑکا کون تھا.... حارب نے جواب دینے کی بجائے سیدھا پوچھا...

حور نے مڑ کر دیکھا.....

علی گاڑی میں بیٹھا تھوڑی دور ادھر ہی دیکھ رہا تھا...

حارب ہم اندر جا کر بات کرتے.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے پوچھا یہ لڑکا کون تھا........ حارب نے اونچی آواز میں کہا...

حور نے پھر سے مڑ کر دیکھا مگر علی جا چکا تھا...

Posted on Kitab Nagri

اس نے سکھ کا سانس لیا......

آپ کو اس سے مطلب.... حور کو حارب کی اس حرکت پر غصہ تھا..... یہ کہہ کر وہ جانے لگی...

حارب نے زور سے اس کا بازو پکڑ کر کھینچا....

کون..... تھا......وہ.... حارب نے لفظوں پر زور دیتے کہا...

حور نے اس کی طرف دیکھا.... جس کی آنکھوں میں بلا کا غصہ.....رگیں تنی ہوئیں.....اور اس نے حور کے بازو پر اپنی گرفت اور مضبوط کر دی..... .

وہ...وہ... کزن تھا میرا.....

Posted on Kitab Nagri

کزن۔۔۔؟؟؟ جس کے اس دن میسج۔۔۔۔ تم اس کے ساتھ کیوں آئی ہو۔۔

وہ میرے ماموں کا بیٹا ہے۔۔۔ ہم ان کی طرف تھے۔۔۔ تو اس لئے ماموں نے کہا کہ وہ چھوڑ دے گا۔۔۔۔۔۔ حور نا جانے کیوں اسے وضاحت دینے لگی۔۔۔۔

تم اس کی طرف رہ رہی ہو۔۔۔۔۔۔ حارب کو جھٹکا سا لگا۔۔۔۔

حارب وہ میرے ماموں کا گھر ہے۔۔۔۔ اور جیسا آپ سوچ رہے ہیں ویسا کچھ نہیں ہے۔۔۔۔

اتنی دیر میں ملائکہ وہاں آ گئی۔۔۔۔ حارب نت اسے دیکھ کر بازو چھوڑ دیا۔۔۔

حارب۔۔۔ کنٹرول۔۔۔۔ یہ یونی ہے۔۔۔ کوئی دیکھ کے گا۔۔۔۔ ملائکہ نے حارب سے کہا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

چلو حور...... حور اس کے ساتھ چل دی... مگر جاتے جاتے ایک نظر حارب کو دیکھا.... اور یہ دیکھنا اس کی دھڑکن کو تیز کر گیا......

..................

حور اور ملائکہ ساتھ والی سیٹ پر بیٹھ گئیں.... سفر شروع ہو چکا....

بس میں گانے چل رہے تھے....

حارب آگے اپنے دوستوں کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا.....

حارب کیا کہہ رہا تھا..... ملائکہ نے اس سے سوال کیا.....

کچھ نہیں یار وہ علی چھوڑنے آ گیا تھا نا... تو حارب نے دیکھ لیا...

Posted on Kitab Nagri

حارب تمہیں.....

پلیز .... حور نے اسے بات بھی مکمل نہیں کرنے دی.....

کیوں....؟؟

ڈر لگتا ہے مجھے.....

کس بات کا.....؟؟؟؟

میں نے جب بھی کبھی کسی کو اہمیت دی.... وہ انسان مجھ ے چھوڑ کے چلا جاتا.... میرے بابا میرے دوست وہ بھی تو چلے گ ئے.....مجھے رشتوں سے خوف آتا پے..... ان کے ختم ہونے کا خوف.....لوگوں سے اموشنلی آٹیچ ہونے کا خوف......کیوں کہ آخر میں آپ صرف تنہا رہ جاتے ہیں.....

Posted on Kitab Nagri

انسانوں کو تو ایک نا ایک دن جانا ہی ہوتا..... ملائکہ نے کہا....

مگر میں چاہتی کہ کوئی ایسا دوست جو مجھے کبھی نا چھوڑے.....

تو انسانوں کو دوست نا بناؤ..... ملائکہ نے نرمی سے کہا....

مطلب....؟؟؟

ہم انسانوں کو دوست بنا لیتے پھر ان سے آٹیچ بھی ہو جاتے.... لگتا کہ وہ انسان نا ہوا تو جینا مشکل ہو جائے گا.... یہ جانتے ہوئے بھی کہ ایک دن الگ ہونا ہی ہے..... کیوں پھر بھی انسانوں سے امیدیں وابسطہ کر لیتے ہیں.......

تو کس کے پاس جائیں... کیا اکیلے رہنا شروع کر دیں.....

Posted on Kitab Nagri

نہیں اللہ کو دوست کیوں نا بنالیں.... جانتے ہیں کہ وہ ذات ہمیں کبھی اکیلا نہیں چھوڑے گی..... کبھی تنہا نہیں کرے گی.... ہماری ہر امید.... ہر یقین... ہر آس... پر کن کہہ دینے والی ذات..... پھر بھی انسانوں کے پیچھے بھاگتے.... اللہ کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھاؤ تو وہ بنا ہمارے گناہ ہماری غلطیاں جتائے اس ہاتھ کو تھام لیتے.... پوچھتے بھی نہیں کہ جب انسانوں نے توڑ دیا تب میرے پاس کیوں آئے ہو... جب زمین پر کوئی سہارا نا ملا تو اب مجھے کیوں یاد کیا.... جب ہر کسے نے ٹھکرا دیا تب کیوں آئے.... وہ کہتا کہ.. بس آگئے ہو آجاؤ..... ملائکہ کی آنکھیں تک بھیک گئیں.....

اللہ سے دوستی کیسے ہوتی... میں دعا مانگتی ہی ہوں اللہ سے.... نماز بھی تو پڑھتی ہوں....

کبھی دعا کی جگہ اپنے دکھ سنا کر دیکھو... خوش ہو تو بتاؤ کہ کس بات نے خوشی دی.....

مگر اللہ کو تو سب پہلے ہی پتا ہے....

پتا تو ہے.... مگر اللہ کو اچھا لگتا کہ اس کا بندہ اس سے باتیں کریں.... خود کہے.... اس سے مانگے..... اور رہی بات نماز کی تو یہ نہیں کہ تم نماز پڑھ لیتی ہو.... بات یہ ہے کہ شکر کرو کہ اللہ نے اتنا قابل سمجھا کہ اپنے سامنے کھڑا ہونے

Posted on Kitab Nagri

دیا.....جو انسان کہتے نا کہ ہم تو نماز نہیں پڑھتے دراصل اللہ انہیں اپنے سامنے کھڑا ہی نہیں کرنا چاہتے.... وہ بد قسمت ہیں.... کہ اللہ کو پسند ہی نہیں کہ وہ اللہ سے بات کریں......

اچھا ایک بات بتاؤ تمہیں سب سے زیادہ کس بات کی خوشی ہوتی..... نماز پڑھنے کی....؟؟؟

ہاں نماز پڑھنے کی الگ ہی خوشی ہے.... مگر مجھے تب سب سے زیادہ خوشی ہوتی کہ جس دن آلارم لگانا بھول جائے مگر اللہ تعالی بنا آلارم کے اٹھادیں اور نماز قضا ہونے سے بچ جائے...مجھے اس دن بہت خوشی ہوتی.... ایسا لگتا کہ اللہ تعالی نے مجھے بلایا خود اپنے پاس.... انہیں میری نماز پسند آئی.......

اچھا.....اور...؟؟؟

یہ تم میرا انٹرویو لے رہی ہو.....؟؟؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

نہیں بتاؤنا.... مجھے اچھی لگتی ہیں تمہاری باتیں..... ؟؟؟ اچھا کبھی کبھی ایسا ہوتا کہ نماز کو لے کر میری نیت خراب ہونے لگتی اور میں کہتی کل پڑھ لوں گی.....

ہاں ... ایسا ہو جاتا.... شیطان کا یہی کام ہے..... پتا بتاؤں کہ مجھے اس سے بھی زیادہ خوشی کب ہوتی..... بلکے فخر.....

کیسا فخر..... ؟؟؟

میں لیٹ جاؤں یا تھکی ہوں... اور نماز کا وقت ہو مگر میرا دل نا کرے... میں خود سے کہہ کر لیٹ جاتی کہ کل پڑھوں گی... مگر کچھ دیر لیٹوں تو سکون نہیں ملتا..... ضمیر ملامت کرتا رہتا کہ پھر میں سوچتی کہ اس وقت عرش پر اللہ مجھے دیکھ رہے ہیں.... اور میرے پاس شیطان کھڑا ہے.... اور میں لیٹ کر کل کا کہہ کر نماز چھوڑ کر شیطان کو جتا رہی.... اگر میں شیطان کو اس کے مقصد میں ہرادوں تو ہو سکتا عرش پر ان سب فرشتوں کے سامنے میرا نام پکارا جائے.... اور اللہ کہیں دیکھو فرشتو میرا یہ بندہ میری محبت میں اٹھا... میرا یہ بندہ مجھ سے پیار کرتا ہے...... پھر مجھے شیطان کو ہرا کر بڑا ہی فخر ہوتا.... ساتھ ہی ملائکہ ہنس دی.......

میں بھی اب یہی سوچا کروں گی...... حور نے کہا.....

Posted on Kitab Nagri

شاید اللہ مجھ سے بھی خوش ہو جائیں.......

ویسے آج بہت پیاری لگ رہی...یوں دوپٹے میں...میں بہت خوش ہوں.....

تمہاری وجہ سے ہی ہے یہ......

لو میری وجہ سے نئی اللہ کو تمہاری نیت صاف لگی....انہوں نے تمہارا دل بدل دیا......

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شاید.......!!!حور نے مسکرا کر کہا....

نشوا کہاں ہے......اور ارم بھی....؟؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

وہ آگے حارب لوگوں کے ساتھ تھیں..... حور نے جواب دیا....

بہتر ہے تم حارب سے بات کرلوں.... اس طرح یونی میں کسی نے حارب کو تمہاری یوں کیر کرتا دیکھ لیا تو فضول میں باتیں بنائیں گے.....

وہ خود کوئی بات کرنا چاہتا ہے.... بس اللہ کرے کہ وہ بات صرف عام سی کوئی بات ہو جو تم سوچ رہی وہ نہیں......

تمہیں حارب پسند نہیں ہے..... میرا مطلب اگر وہ خود تمہارے لئے پرپوزل بھیج دے.....

میں ایسا کچھ سوچنا نہیں چاہتی جس کی کوئی منزل نا ہو.... اس کی اور میری کلاس میں زمین آسمان کا فرق ہے... اس لئے مجھے صرف اس سے دور رہنا ہے بہت دور..... حور نے آہ بھرتے کہا.....

ایک رائٹر کو کیا چاہیئے ہوتا ہے کہ آپ لوگ کمنٹس کرکے بتائیں کہ کیسا لگا.... کوئی بات اچھی لگی... کسی بات کو آپنایا.... کوئی ائیڈیا.... کچھ تو بتاؤ... آپ آتے ہو چپ چاپ پڑھ کے چلے جاتے... کچھ لوگ جاتے جاتے لائک کا

Posted on Kitab Nagri

پٹن پریس کر دیتے ...کچھ تو یہ بھی ضروری نہیں سمجھتے... اتنے لوگوں نے پڑھا ہوتا.. پھر دکھ ہوتا....نا لکھنے کا دل کرتا.. اور لیٹ آنے کی ٹروو جہ... میں جب لکھنے بیٹھتی میرا دل نہیں کرتا... اتنے برے رسپانس کے بعد... میں چھوڑ کر پھر اپنا لیکچر لینے لگ جاتی.... اس ل ئے مہربانی سے next مت لکھا کریں.... آپ کو پسند نہیں آیا.... آپ نا کمنٹ کریں.... مگر اس امید سے کمنٹ اوپن کرو کہ کچھ advice دی ہو گی... مگر لکھا ہوتا نیکسٹ......

شکریہ!!!....

سفر یوں ہی گزرتا گیا....

سب کبھی مل کر گانے گانے لگتے تو کبھی کچھ کھانے لگتے... لڑکے لڑکیاں ساتھ بیٹھے گوسپ کر رہے تھے.... کچھ لڑکیاں لڑکوں ساتھ ہی بیٹھی ہوئیں تھیں....

راستے میں ایک جگہ قیام کیا... سردی بڑھ جانے کے باعس حور نے جیکٹ پہن لی...

اچھا میں کچھ وقت نشوا کی پاس سے ہو آوں وہ ناراض نا ہو.... ملائکہ نے کہا اور سیٹ سے سہارا لے کر کھڑی ہو گئی....

Posted on Kitab Nagri

ارے یار میں بور ہو جاؤں گی۔۔۔۔۔۔

میں ارم کو بھیج دیتی ہوں۔۔۔۔ملائکہ نے کیا۔۔

اور آگے کی طرف چلی گئی۔۔حور اور ملائکہ گاڑی میں آخری والی سیٹ پر بیٹھی ہوئیں تھیں۔۔۔۔

اسلام علیکم نشوا۔۔۔۔ملائکہ نے نشوا کی سیٹ کے پاس جا کر کہا۔۔۔

ہائے۔۔۔مین ویٹ کر رہی تھی۔۔تم آئی نہیں۔۔۔

ہائے۔۔۔حارب نے مڑ کر کہا۔۔۔۔وہ اگے والی سیٹ پر بیٹھا تھا۔۔۔

حور ۔۔۔؟؟؟نشوا نے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

ارم تم اس کے پاس تھوڑی دیر چلی جاؤ......ملائکہ نے کہا...

ارم رکو.... میں جاتا ہوں.... حارب نے کہا... اور ساتھ ہی ملائکہ کو آنکھ سے اشارہ. کیا....

ارم اٹھتے اٹھتے بیٹھ گئی....

کیوں...... نشوا نے حارب کو گھورا

اوہو.....کام ہے نا.....حارب یہ کہہ کر چلا گیا...

............

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

ہائے.....حارب حور کے ساتھ آ کر بیٹھ گیا.....

جی....حور تھوڑا سمٹ کر شیشے کے ساتھ لگ گئی....

ارے کھا تو نہیں جاؤں گا.....

آپ کو اپنے بی ہیوئر کو زرا ٹھیک کرنا چاہیے.....حور نے کہا...

اچھا....سوری کرنے ہی آیا ہوں.....حارب نے اس کی طرف دیکھتے کہا.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حور نے کوئی جواب نا دیا.....

یار.....مجھے غصہ آ گیا تھا........سوری.....

Posted on Kitab Nagri

کس بات کا غصہ.......ہاں کس بات کا....؟؟؟؟؟

تم اس کے ساتھ آئی تھی...یار....وہ پہلے بھی تمہیں تنگ کرتا ہے....تو بس برا لگا مجھے....

وہ.میرا کزن ہے...یہ بات آپ اپنے دل میں بیٹھالیں.....

دل ہی میں نہیں بیٹھتی......دل کو تو دھڑکا ہی سالگا رہتا ہے....حارب نے حور کی طرف رخ موڑتے کہا.....

حور نے پلٹ کر اسے دیکھا....دونوں کی نظریں ملیں....

مگر حور فوراہی سنبھل گئی.....

Posted on Kitab Nagri

تو دماغ میں بیٹھا لیں... حور نے روکھے سے انداز سے کہا....

اچھا اب مان جاؤ.. ورنہ.....

ورنہ....؟؟؟؟ ورنہ کیا....؟؟

میں پوری بس میں چینخ چینخ کر تم سے معافی مانگوں گا.....حارب نے کھڑے ہوتے کہا....

نہیں.....!!!! حور نے اس کا بازو پکڑ کر کھینچا....وہ ویسے ہی سیٹ پر بیٹھ گیا....

تو کیا معاف کیا.......؟؟؟؟ حارب نے معصوم سی شکل بناتے کہا.....

ہاں کیا...اب بس.... حور نے بات ختم کرتے کہا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

تھینکس.... حارب نے چہرہ سیدھا کر لیا.....

حور نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا.....

اپنے اوپر نظریں محسوس کرتے حارب نے پلٹ کر دیکھا...

کیا!!!!....

جانا نہیں....؟؟؟؟ حور نے آگے کی جانب اشارہ کرتے کہا.....

نہیں....!!! میں کیوں جاؤں...؟؟؟ حارب ٹیک لگا کر بیٹھ گیا......

جب ملائکہ آئے گی تب جاؤں گا...... حارب نے آنکھیں بند کر کے ٹیک لگالی.....

Posted on Kitab Nagri

حور اس کے چہرے کی طرف دیکھتی رہی....جو کہ پر سکون لیٹا ہوا تھا....

پھر شیشے سے باہر دیکھنے لگی......

حارب....پلیز....!!!!اس نے زور سے آنکھیں بند کرتے کہا....میرے اتنا قریب مت آؤ...کہ دور جانا مشکل ہو جائے.....

...........................

رات کو سب لوگ باہر چلے گ ئے.....مال روڈ پر گھوم رہے تھے...ہوٹل کا سب کو اندازہ تھا.... صبح چیئر لفٹ کے ل ئے جانا تھا...اس ل ئے رات کو نو بجے کے قریب سب سٹوڈنٹ مال روڈ پر گھوم رہے تھے.... ہلکی ہلکی دھند چھائی ہوئی تھی.... کھانوں کی خوشبو آ رہی تھی.... ہر طرف لوگوں کی چہل پہل تھی..... حور نے سٹالر سر پر لیا ہوا تھا اور جیکٹ پہنی ہوئی تھی.....

Posted on Kitab Nagri

ملائکہ وہ دیکھو یار.....

کیا... ملائکہ نے کہا...

بینگلز..... حور نے کہا..... مجھے لینی ہیں پلیز......

حور یار... بعد میں لیتے ہیں.... ارم نے کہا....

ہاں حور مجھے ابھی کچھ کھانا ہے...... اس بار نشوا نے کہا....

ہاں حور بعد میں لے لینا..... ملائکہ بھی ان دونوں کے ساتھ تھی....

اچھا ایک کام کرو تم لوگ جا کر کچھ اوڈر کرو.... میں لے آتی ہوں.... حور نے ملائکہ کا ہاتھ چھوڑتے کہا....

Posted on Kitab Nagri

نہیں اکیلے نہیں....... ملائکہ نے کہا....

نہیں پاس تو ہے.... تم لوگ جاؤ... اوڈر کرو... میں آئی ابھی بس.... میں وہی آ جاؤں گی.... اوکے.... تم لوگ نا آنا.... ورنہ کوئی ماناہو جائے.....

ہاں ٹھیک ہے.... نشوا نے ملائکہ کا ہاتھ پکڑا اور اسے کھینچا.... .

اوکے مین چلتی ہوں.... حور دکان کی جانب چل دی.... اور وہ تینوں ریسٹورنٹ کی طرف......

حور دکان پر آئی اور چوڑیاں دیکھنے لگی.... آس پاس لوگوں کا رش لگا ہوا تھا.... کبھی ایک چوڑی اٹھاتی اور اس کا سائز چیک کرتی... اس نے ایک جوڑو پسند کیا.... اور دکان دار کو پیسے آدا کرتے ہی وپ اپنی کندھے پر لٹکائے بیگ میں رکھ دیں..... اچانک اس کی نظر کچھ دور ایک دکان پر پڑی...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

واؤ شالز..... امی کے ل ئے لے لوں ایک.... بہت خوش ہو جائیں گی.... وہ سوچتی سوچتی اس دکان کی طرف چل دی......

.......................

حارب اور اس کے دوست مال روڈ پر گھوم رہے تھے....

اوئے یار..... لڑکیاں چیک کر....... حیدر نے کہا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں تو خود یہی سوچ رہا ہوں..... اس بار بلال بولا....

شرم کر لو.... بلال ارم کو بتا دوں میں.... تیری اس حرکت کا..... حارب نے کہا....

ارے میں تو مزاق کر رہا تھا...... بلال نے کہا....

Posted on Kitab Nagri

مجھے تو لگ رہا یہ ٹائم پاس کر رہا ارم کے ساتھ..... حیدر بولا...

تو تو چپ ہی رہ.... خود تیرے پاس کوئی لڑکی آتی نہیں ہے.... مجھے کہ رہا...... بلال نے منہ بناتے کہا....

کیوں نہیں آتی...... حیدر کو برا لگا..... میں ہی لفٹ نہیں کرواتا.....

ہاہا.... لفٹ.... بلال زور سے ہنسا.....

بس کر دو لڑنا....... حارب نے کہا....

رکو میں آتا ہوں... تم لوگ چلو.......

Posted on Kitab Nagri

ملائکہ .... آپ یہاں کیوں کھڑی ہیں؟؟؟؟ حارب نے اسے نقاب میں بھی پہچان لیا.... شاید کپڑوں کی وجہ سے.......

حارب۔!!!!....

کیاہوا.... آپ پریشان..... ایک منٹ حور کہاں ہے.....؟؟؟؟ حارب نے ادھر ادھر دیکھتے کہا.....

حور..... وہ..... ملائکہ کی آواز لڑکھڑائی.....

کیاہوا اپے...... کہاں ہے وہ.....؟؟؟؟؟ حارب اس بار پریشانی سے بولا.....

وہ اس شاپ پر گئی تھی آئی ہی نہیں.... ابھی تک..... ملائکہ نے اسی شاپ کی طرف اشارہ کرتے کہا....

حارب یک دم پلٹا..... اور جانے لگا......

Posted on Kitab Nagri

آپ یہی رہیئے گا... حارب فورا بھاگا....

مگر اس دکان پر وہ نہیں تھی......حارب کو سمجھ نا آئے وہ کہاں ڈھونڈے....

وہ پھر سے پیچھے بھاگا..... آس پاس والی ساری دکانیں دیکھ لیں.... مگر اتنے رش میں کہاں ڈھونڈھتا.....

سانس پھولا ہوا.....وہ گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر نیچے جھک گیا....

پھر نظر اٹھا کر اوپر دیکھا...تو سامنے کچھ فاصلے پر حور پر نظر پڑی....

وہ فورا اس کی جانب بھاگا...رش سے ہوتا اس کے سامنے جا کھڑا ہوا.....

"ہائے حارب...." حور نے اسے یہاں دیکھ کر مسکرا

Posted on Kitab Nagri

کر کہا....

حارب..... حور نے اس کی طرف دیکھا...جو غصے سے اسے گھور رہا تھا...ماتھے پر سلوٹیں.... سانس پھولا ہوا.....

کیا ہوا....؟؟؟؟؟

"تمہیں سمجھ نہیں آتا کہ ساتھ رہو"...

حارب نے اونچی آواز میں کہا..... اور دونوں ہاتھوں سے اس کی بازو پکڑنے لگا.. مگر پھر ہاتھوں کو ہیں سے نیچے گرا دیا...شاید وہ جانتا تھا کہ اسے یوں چھونے کا اختیار اس کے پاس نہیں ہے...

"اگر کچھ ہو جاتا تو".....

"میں تو".....

Posted on Kitab Nagri

کیا میں تو.... تھوڑی سی بھی عقل ہوتی تم میں تو یوں اکیلی نا گھوم رہی ہوتی...

حارب مجھے ہوٹل کا پتا ہے.... حور نے نرمی سے کہا....

اگر لیٹ ہو جاتی نا تو اندازہ بھی ہے سب کیسی کیسی باتیں بناتے....... حارب کو ابھی بھی اس پر اتنا ہی غصہ تھا.....

"تو کیا فرق پڑتا ہے..... میں جانتی ہوں خود کو"...

مجھے فرق پڑتا ہے.. بے وقوفوں کی طرح ڈھونڈ رہا ہوں تمہیں.. ملائکہ الگ پریشان ہے وہاں... کسی کا خیال نہیں ہے تمہیں... تم سے زیادہ لاپرواہ انسان میں نے زندگی میں نہیں دیکھا...

کیوں.... مجھے کس لئے ڈھونڈ رہے... اور میرے لئے یوں....

Posted on Kitab Nagri

Because i love you....

حارب نے اونچی آواز میں کہا...

"حارب"....

چپ...!!!اب میری سنو... حور کا دل. زور سے دھڑکا...

تمہیں کچھ ہو جاتا تو میں مر جاتا... تمہیں دیکھتا ہوں تو سکون ملتا ہے... مجھے نہیں پتا ایسا کیوں ہوا... کیسے ہوا... لیکن یونی میں چار سال سے میں گھنٹوں تم سے نظریں چرا کر تمہیں دیکھتا رہتا تھا... میں نے کسی کے لئے کبھی ایسا محسوس نہیں کیا.... اگر یہ احساس محبت ہے تو مجھے تم سے محبت ہے حور....

حور سکتے کے عالم میں اسے دیکھے جا رہی تھی....

حار..... حور نے دھڑکتے دل کے ساتھ کچھ بولنا چاہا...

Posted on Kitab Nagri

تمہیں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہے... تم اچھی طرح سوچ لو... حارب کا غصہ کافی حد تک ٹھنڈا ہو چکا تھا....

ملائکہ تمہارا ویٹ کر رہی ہے... چلو...

وہ..میں...وہ یہ چوڑیاں لینے آئی تھی... حور نے بیگ سے دو چوڑیاں نکالی جو کڑے نما تھیں....

حارب کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی...اس نے حور کے ہاتھ سے چوڑیاں لیں اور اس کا ہاتھ پکڑ اور پہنانے لگا...
حور نے حارب کی طرف دیکھا جو پہلے ہی حور کو دیکھ رہا تھا....اس نے آہستہ سے چوڑیاں پہنا دیں....

حارب مسکرا دیا .... چلیں.....

حور کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کرے.....

Posted on Kitab Nagri

وہ چپ چاپ چل دی...

..................

ایسے کیوں بیٹھی ہو یار.... ملائکہ حور کے پاس آئی..

ارم نشو اور دوستیں سو چکیں تھیں .... دو بج تھے.... ملائکہ کی آنکھ کھلی تو اس نے پوچھا....

کچھ نہین ایسے ہی.... حور نے آہستہ سے کہا....

کوئی تو بات ہے.... کہیں حارب....؟؟؟؟

ہار مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ میں کیا کروں...؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

"کیوم کیا ہوا ہے... کوئی بات تو پتا چلے...؟؟"

حارب نے کہا ہے کہ وہ مجھ سے محبت کرتا... مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہی ہے کہ میں کیا کروں...؟؟؟

"واؤ.... یار تمہیں وہ پسند ہے یا نہیں"....

پتا نہیں!!!...

یار تم اپنی فیلنگز سے کیوں بھاگ رہی ہو....؟؟؟ تمہیں اچھا لگتا ہے جب وہ تمہارا خیال رکھتا.... آخر مسئلہ ہے کیا....

اس کے گھر والے کبھی نہیں مانیں گے.... حور نے اداسی سی کہا..

Posted on Kitab Nagri

تم کیسے کہہ سکتی ہو..... جس نے تمہیں امید دلائی ہے... کچھ سوچ کہ ہی کہا ہو گا....

یار اسے میں پسند ہوں مگر اس کی فیملی کو نہیں....

وہ منا لے گا... یہ اس کا مسئلہ ہے.. تم کیوں خود کو کم تر سمجھتی ہو....

میری مانوں تو اگر تم اسے پسند کرتی ہو تو بتا دو اسے... تا کہ وہ اپنی فیملی سے بات کر لے...

حور کی نظر چوڑیوں پر پڑی... اس کے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ آ گئی... ملائکہ نے محسوس تو کیا مگر وہ چاہتی تھی کہ اس وقت وہ خود ڈیسائڈ کرے کہ اسے کیا کرنا ہے....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوکے مجھے نیند آ رہی ہے میں سونے لگی ہوں... نماز کے لئے بھی اٹھنا ہے صبح.... یہ کہہ کر وہ لحاف میں گھس گئی...

حور چوڑیوں کو اپنے بازوں میں ہلاتی ٹیک لگا کر بیٹھ گئی.... شاید اسے حارب اچھا لگنے لگ گیا تھا....

Posted on Kitab Nagri

...........................۔

اگلے دن سارا گھومنے کے بعد رات کو سب لوگ اگ جلا کر گروپ کی صورت میں بیٹھ گ ئے....وہ مختلف گیمز کھیلنے لگے...

چلو ٹروتھ اینڈ ڈیر کھیلتے....ارم نے کہا.....کچھ لوگ جا چکے تھی رات کے بارے بجے ہوئے تھے...کل صبح واپسی تھی...

دس بارہ لوگ دائرے کی صورت میں بیٹھے ہوئے تھے.....

چلو بوتل گھماؤ.... حیدر نے کہا...

میں گھماتی ہوں..... نشوا اٹھی...

Posted on Kitab Nagri

حارب حور کے سامنے بیٹھا ہوا تھا...وہ کبھی کبھار ہی نظر اٹھا کر اسے دیکھتا شاید کسی کو کوئی بات کرنے کا موقع نہیں دینا چاہتا تھا.....

چلو گھماؤ....زبیر نے کہا...

بوتل گھومتے گھومتے حیدر پر آکر رکی....

اووووو....سب کی چینخیں بلند ہوئی...

یار یہ کیا بات ہوئی....ارم تم نے جان بوجھ کر کیا ہے نا.....یہ لڑکی میری دشمن ہے پہلے دن سے ہی....حیدر نے کہا....

حیدر ڈرامے نا کر....اس بار حارب بولا..تو حور نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا....دونوں کی نظریں ملیں.....

Posted on Kitab Nagri

تیری باری آنے دے حارب..... میں بتاؤں گا تجھے.....

چل روناب.... حارب نے اسے چڑایا.... سب ہنس دی ئے....

ٹھیک ہے ڈئیر......میں ٹرتھ نہیں چوز کروں گا.... تم. لوگوں کا کیا اعتبار..... حیدر نے منہ بناتے کہا.....

اچھا اس کو میں بتاتی.... نشوا نے کہا...

وہ لڑکی دیکھ رہے ہو.....

کونسی.....؟؟؟؟

وہ جو اس گروپ میں بیٹھی ہے.... نشوا نے اشارہ کرتے کہا.

Posted on Kitab Nagri

وہ.... وہ چڑیل ...... حیدر چینخا....

ہاں اس کو کہہ کر آؤ کہ تم اسے پسند کرتے ہو......

اوئے.... دماغ خراب ہے تم لوگوں کا.... وہ چڑیل لڑاکا تیارہ....

میں نہیں جا رہا.....

جانا تو پڑے گا...... حور نے کہا....

حیدر حیدر.... سب آوازیں لگانے گے....

ٹھیک ہے ٹھیک ہے.... جا رہا ہوں.... وہ منہ بناتے کہتا ہوا اٹھا....

Posted on Kitab Nagri

..............................

کچھ دیر بعد حیدر واپس آیا۔۔۔۔

ارم ارم..... تمہارا بہت شکریہ ....... وہ آتے ہی بیٹھ گیا۔۔۔۔

کیا ہوا...... ؟؟؟؟ کیا بنا.... ؟؟؟ تھپڑ نہیں پڑا....... حارب نے کہا....

نہیں. میری جان.... !!! ارم نے اسے گھورا.... اوہ میرا طلب میری بہن.... تمہارا شکریہ.... یار اس چڑیل... میرا.. مطلب اس پری کو میں پسند تھا.... کب سے....؟؟؟؟ اوئے بلال ہاں جی ....... کیا کہا تھا تم نے....

اچھا اب بعد میں خوشیاں منانا...... ارم نے کہا

اور دوبارہ بوتل گھمانے لگی۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اس بار بوتل حارب پر آکر رکی.......

او.....

رک جاؤ سارے.... میری باری.... حیدر چینخا.....

بچو.......میں بتاتا تجھے.......

ارے یار.....حارب نے منہ بناتے کہا...

بتا ٹرتھ یا ڈئر.....؟؟؟؟حیدر نے تجسس سے پوچھا....

Posted on Kitab Nagri

ڑتھ..... میں نہیں کرنے والا کچھ تم لوگوں کا کیا پتا کیا کروالو....

اچھا سوچ لے...... حیدر نے پھر سے اسے وارن کیا.....

کسی سے محبت کرتا ہے..؟ کب سے اور کیوں...؟؟؟؟؟ حیدر نے اسے آنکھ مارتے کہا

حارب نے اسے گھورا......

چلو چلو...بتاؤ.... نشوا بولی......

ہاں حیدر شاباش..... یہ. ہمیشہ ہمیں کہتا ہے.... اب آئے گا مزہ.... بلال نے کہا....

حور کو سمجھ نہیں آرہا تھا کیا کرے.... دل. کی دھڑکن تھی کہ تیز ہوئے جا رہی تھی......

Posted on Kitab Nagri

اچھاٹھیک ہے....ہاں کرتاہوں محبت......حارب نے حور کو دیکھ کر کہا.....

حور کا دل زور سے دھڑکا......

اوئے ہوئے!!!!!......

کب سے......؟؟؟؟؟ نشوا کو تو دکھ ہی بہت ہوا.....

کوئی تین چار سالوں سے....حارب نے بلاجھجک کہا...

حور نے حیرت سے نظریں اٹھا کر حارب کو دیکھا...جو مسکرا رہا تھا....حیدر کو اس سیچیوشن میں بہت مزہ آرہا تھا.....

Posted on Kitab Nagri

یار....سچ میں.... آئی مین حیرت کی بات ہے... تم اور محبت ...اور کبھی بتایا بھی نہیں ...ارم نے کہا..

صرف ملائکہ حور اور حیدر تھا.. جنہیں اس کے لفظوں کی سمجھ آرہی تھی...

کون ہے نام بتاؤ.... ؟؟؟؟ نشوا نے کہا....

حور کا دل زور سے دھڑکا..... حیدر نے حیرت سے حارب کو دیکھا کہ کیا وہ بول دے گا.....

سوال ایک کرنا تھا.... ساری لو سٹوری نہیں سنانی میں نے... حارب نے کہا...

حور کی سانس میں سانس آیا..... حارب اس کو یوں دیکھ کر مسکرا رہا تھا....

www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

چلو یار بہت کھیل لی گیمز..... حارب تم اب ہمیں گانا سناؤ....؟؟

نشوا نے حارب کو دیکھ کر کہا....

جی نہیں.... آج حیدر گانا سنائے گا..... حارب نے اس کو آنکھ مار کر کہا...

او جا او جا.... تیرا دماغ ٹھیک ہے..... میں اور گانا...... حیدر نے جلدی سے کہا...

کیوں تو گانا نہیں گا سکتا...؟؟؟ حارب نے کہا

نہیں.... تم نے لوگوں کو بھگانا ہے... خدا کا خوف کر.....

ویسے حارب سنا دے آج تو بھاب....

حارب نے اسے گھورا.....

Posted on Kitab Nagri

میرا... مطلب... بھائی کہہ رہا تیرا... میں نے کبھی کہا پہلے تجھے.... حیدر نے جلدی سے بات بدلی....

اچھا گٹار پکڑا میرا......

آہم اہم.... حارب نے گٹار پکڑتے کہا....

اوکے... تو گانا..... امم..... حارب کسی سوچ میں پڑ گیا....

حور نے مسکرا کر دیکھا پھر نظریں نیچے کر لی...

حارب نے گٹار بجانا شروع کیا.....

چاہے کچھ نہ کہنا...

Posted on Kitab Nagri

بھلے چپ تو رہنا....

مجھے ہے پتہ تیرے پیار کا....

)حارب نے ایک نظر حور کو دیکھا(...

خاموش چہرہ، آنکھوں پہ پہرہ..

خود ہے گواہ تیرے پیار کا...

)حور نے نظریں جھکا لیں(..

تیری جھکی نظر تیری ہر ادا....

Posted on Kitab Nagri

مجھے کہہ رہی ہے یہ داستاں...

کوئی شخص ہے جو کہ ان دنوں...

تیرے ذہن و دل پہ ہے چھا گیا...

تیری جھکی نظر تیری ہر ادا...

مجھے کہہ رہی ہے یہ داستان....

.....................

واہ.....سب نے تالیاں بجائیں....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

شکریہ شکریہ..... حارب نے حور کی طرف دیکھا.. جو اپنا نچلا ہونٹ دبائے مسکرا رہی تھی...

حارب کو مت کھونا... یار.... ملائکہ نے کہا...

He loves you madly... حور مسکرا دی....

حور نے اسے گھورا......

Even i like himm....

حور نے آہستہ سے ملائکہ کے کان میں کہا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

حارب پہلے تو تم آنکھیں بند کر کے گاتے تھے.... آج...... نشوا نے حیرت سے پوچھا..

آج اسے ضرورت نہیں پڑی...... حیدر نے فوراً اسے آنکھ مارتے کہا....

کیا مطلب میں سمجھی نہیں......

نشوا چھوڑو تم.... بہت رات ہو گئی... میں تو اندر جا رہی.... چلو چلیں.... حور نے کہا اور کھڑی ہو گئی...

شاید حارب کا اسے دیکھنا اس کے دل کی دھڑکن تیز کیے جا رہا تھا......

جاتے جاتے اس نے ایک بار حارب کو دیکھا.... جو اسے ہی دیکھ رہا تھا.... شاید اس کی آنکھیں شکوہ کر رہی تھیں.... جسے حور نے محسوس تو کیا... مگر مسکرا کر چلی گئی.....

بس کر..... ساری یونی کو پتا چل جائے گا.... حیدر نے اس کے قریب آ کر کہا....

Posted on Kitab Nagri

کیا پتا چل جائے گا.....

بھابھی کا..... حیدر نے کہا....

حیدر میں تیرا منہ توڑ دینا ہے...... حارب نے ادھر ادھر دیکھ کر غصے سے کہا....

اچھا... پیار کیا تو ڈرنا کیا...... حیدر نے کندھے اچکاتے کہا....

تمہیں پتا ہے میں کیوں ڈرتا ہوں.....

بس کر یار... یونی میں یہاں سب کا ہی ایسا حال ہے... سب کے آفیرز چل رہے....

Posted on Kitab Nagri

یہی تو بات ہے... میرا کوئی آفیئر نہیں چل رہا.... جس کو میں عزت دینا چاہتا ہوں... میں کیوں کسی کو موقع دوں کہ کوئی اس کا نام بھی لے.....

اچھا چل ناراض نا ہو... ویسے آج بہت خوش ہے... کہیں ہاں تو نہیں کہ دیا بھاب... میرا مطلب حور نے....

بس سمجھ ہاں ہو جائے گی.... حارب نے آنکھ مارتے کہا....

چل ٹھیک ہے.... مگر میری ٹریٹ....

مل جائے گی یار......

..........................

حور نے کس دن آنا ہے.....

Posted on Kitab Nagri

جی بھائی بس کل آجانا ہے......

ویسے عالیہ حیرت ہے اتنی دور بچی کو بھیج دیا......ساجدہ بیگم نے چائے پیتے کہا

جی بھابی اس کی کافی دوستیں بھی تھیں....

وہ توٹھیک پے.... مگر آج کل .پتا تھوڑی نا لگتا.... کوئی گل نا کھلا آئے....

منیر صاحب نے اسے گھورا....

نہیں بھابی مجھے اپنی بچی پر پورا بھروسہ ہے.....

Posted on Kitab Nagri

دیکھ لینا... عالیہ.... !!!ساجدہ بیگم نے منہ بناتے کہا....

..................

یار کیا سوچ رہی ہو..... ملائکہ نے حور کو دیکھا تو کہا... جو مسلسل بس میں شیشے سے باہر دیکھنے میں مصروف تھی..

یار سوچ رہی ہوں.. ہماری ماں کو ہم پر کتنا یقین ہوتا نا.. مطلب دیکھو یوں اتنی دور اکیلے بھیج دیا...

ہاں یہ تو ہے.. ملائکہ نے کہا...

مگر یار کچھ لڑکیاں اس بھروسے کا مان بھی نہیں رکھتیں...

کیا مطلب..؟؟

Posted on Kitab Nagri

یار ہمارے محلے میں ایک لڑکی تھی... یار وہ رات کو ایک لڑکے کے ساتھ بھاگ گئی.. حیرت کی بات تو یہ کہ اس کی عمر صرف اٹھارہ سال کی تھی.. مجھے تو اس دن حیرت ہی بہت ہوئی.. اور اس پر غصے مجھے اتنا چڑا...

اچھا!!!....

یار اس کی امی مطلب اتنا رو رہی تھیں...

کیوں...؟؟؟ ملائکہ نے سوال کیا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ کیا بات ہوئی ... ان کی بچی بھاگ گئی اتنی بے عزتی....

واہ... حیرت ہے... ان کی بچی کیوں بھاگی...؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

کوئی لڑکا تھا... اسے پسند تھا وہ... اس نے اکسایا ہو گا...

اچھا اس لڑکے سے کونٹیکٹ کیسے ہوا...؟

یار مجھے کیا پتا... کہیں کالج وغیرہ میں ہو گیا ہو گا... اور اس کی دوستیں بھی کچھ ایسی ہی تھیں...

اچھا... چلو اسے جلدی ہی سمجھ آجائے گا کہ اس نے کتنی بڑی غلطی کی... اللہ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھیں..

یار تم ایسی لڑکی کو دعا دے رہی ہو....

لڑکی... وہ بچی تھی... ملائکہ نے کہا...

جو بھی ہو.. زرا خیال نہیں آیا اسے اپنی ماں کو دھوکا دیتے وقت....

Posted on Kitab Nagri

یار مجھے تو حیرت ہو رہی ہے کہ ماں دھوکے میں کیسے آسکتی... کہاں سوئی وی تھی وہ ماں جسے پتا ہی نہیں چلا کہ اس کی بچی غلط صحبت میں پڑ گئی....

میری ماں... میرے چلنے اٹھنے بیٹھنے سے اندازہ لگا سکتیں کہ میرے دماغ میں کیا چل رہا...

کیوں نہیں اس لڑکی سے وہ چیزیں دور کر دی گئیں.. جس کے ذریعے وہ بگڑ رہی تھی... کیوں اس ماں کو خبر نا ہوئی..

کوئی بھی سب سیکھ کر پیدا نہیں ہوتا... بچے کو سکھایا جاتا کہ کیا غلط ہے کیا صحیح... کیوں نہیں اسے ماں باپ کی محبت اور لوگوں کے دھوکے کا فرق نہیں سمجھایا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسے کی تو عمر ہے غلطیاں کرنے کی.. کیوں ہر روز پاس بٹھا کر اس کے دماغ میں یہ بات نہیں ڈالی کہ باہر کی دنیا پر بھروسہ نہیں کرنا... کیوں اس کے ماں باپ نے اتنا پیار نہیں دیا... کیوں انہیں اپنا دوست نہیں بنایا کہ وہ ہر بات ان سے شئیر کریں...

Posted on Kitab Nagri

کیوں اسے اتنا پیار نہیں دیا گیا کہ اسے باہر لوگوں کے پیار کی ضرورت پڑ گئی....

اس عمر میں پیار توجہ چاہتا ہر انسان...جب والدین اپنے بچوں کو ٹائم نہیں دیتے پھر انہیں باہر سے جب پیار ملتا تو انہیں لگتا وہی اس کے ساتھ مخلص ہیں...

یہ بات بھی صحیح ہے یار...... حور کسی سوچ میں پڑ گئی...

یار جب آپ کی ماما یا آپ کے پاپا آپ کے پاس بیٹھ کر آپ کو ٹائم دیتے... محبت دیتے... توجہ دیتے... اپنے بچوں کو سمجھاتے... انہیں اپنا دوست بناتے انہیں یقین دلاتے کہ وہ ان پر بھروسہ کرتے.. پھر وہ بچے جب غلط کام کرنے لگے نا تو ایک بار ضرور ان کا دل کانپتا... سب سے زیادہ باپ کا بھروسہ اور مان... جب پتا ہونا کہ وہ آپ کے لئے اتنا سب کرتے پھر بہت سے بچے یہ غلطی کرنے سے بچ جاتے....

اس نے جو کیا وہ تو انتہائی غلط تھا... مگر اس میں قصور اس کے والدین کا بھی تھا... اسے تو اس کام کی سزا مل جائے گی... سزا نہیں بلکے احساس ہو جائے گا... اور یار غلطی تو سب کرتے ہیں...ہمارا معاشرہ کیوں عورت کی غلطی معاف نہیں کرتا...ہو سکتا کل وہ شرمندہ ہو جائے... معافی مانگے... مگر کیا ہو گا.. یا غیرت کے نام پر مار دی جائے گی... نہیں تو اگر والدین معاف کر بھی دیں تو یہ معاشرہ معاف نہی کرے گا... مرتے دم تک نہیں.... وہ چاہے کتنی نیک اور پارسہ ہو جائے... اللہ کے کتنا قریب ہو جائے... مگر معاشرہ اسے بدکردار ہی کہے گا...

Posted on Kitab Nagri

وہ بھی تو ہمارے جیسی ہی ایک لڑکی تھی...ہاں غلطی بہت بڑی ہے... مگر ہر انسان کو دوسرا چانس ملنا چاہئے... سدھرنے کا چانس.... بدلنے کا چانس...

ہم خود اللہ سے معافی مانگتے رہتے ہیں... اور اس امید سے کہ وہ معاف بھی کر دیں گے... مگر ہم خود کسی کو معاف کرنے کے لئے تیار ہی نہیں ہوتے...

اور ملائکہ مرد کے کیس میں ایسا نہیں ہوتا..... حور نے اس کی بات سمجھتے کہا...

ہاں مرد کی تو کوئی سزا ہی نہیں... اللہ کے ہاں تو ہو گی... مگر ہمارا یہ معاشرہ مردوں کا معاشرہ ہے... مرد جسے احساس نا بھی ہو اسے معافی مل جاتی... اس کے گناہ کچھ ہی وقت میں بھولا بھی دیئے جاتے مگر عورت کا گناہ اس کے مرنے کے بعد بھی نہیں بھولا یا جاتا... یہاں تک کہ اسکی اگلی نسلوں کو بھی اسی گناہ کہ سزا دی جاتی....

مگر پتا ہے اس سب کے بعد بھی ایک چیز سکون دے دیتی ہے..

کہ میرے اللہ کی عدالت ہمارے معاشرے جیسی نہیں ہے... اس چھوٹی سی دنیا میں سزا سے بچ جائے تو کوئی نہیں... آخرت میں ملنے والی سزا سے کیسے بچیں گے... ہاں وہ جو توبہ نا کرے... جس نے توبہ کر لی وہ چاہے مرد ہو یا عورت اللہ معاف کرنے والے ہیں.... بس پتا دل کرتا مرد تھوڑا سا سوچیں... کہ عورت کوئی چیز نہیں ہے... آپ کی بہن ماں جیسی ہی ہے... مگر افسوس بہت کم مرد ہیں جو ایسا سوچتے....

Posted on Kitab Nagri

ہر کوئی حارب تھوڑی ناہو تا..... ملائکہ کہتے ہنس دی....

تم کیسے کہہ سکتی کہ حارب ایسا نہیں ہے...

تمہیں پتا ہے وہ چار سالوں سے تم سے محبت کر تا... مگر سوچا کہ کبھی اس نے ذکر کیوں نہیں کیا...؟؟؟؟

کیوں نہیں کیا.... ہمت نہیں ہو گئی.....

نہیں یار.... وہ اسنہیں یار وہ اس لئے نہیں بتا تا تھا کہ کہیں یونی میں کوئی تمہارے بارے میں کوئی بات نا کر دے۔۔۔اور دوسری بات کہ اس نے ب تم سے ظہار کیا جب وہ اس پوسیشن میں ہے کہ وہ تمہیں اپنا سکے ۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

تم خود بتاؤ کہ ایسا کون کرتا ہے۔۔ آج کل تو ہر لڑکا صرف ٹائم پاس کرتا۔۔ یونی میں مزے کرو اور بس۔۔۔ وہ چاہتا تو تمہیں پہلے بتا سکتا تھا۔۔ مگر وہ کسی قسم کے ناجائز رشتے میں رہنے کی بجائے جب وہ ایک حلال رشتہ قائم کرنا چاہت ہے۔۔۔

شاید تم ٹھیک کہہ رہی ہو۔۔

کو دیکھو سب سفر کی تھکن کی وجہ سے کیسے سوئے پڑے ہیں۔۔۔ ملائکہ نے بس میں چھائی خاموشی کو دیکھ کر کہا۔۔۔

مجھے تو خود نیند آ رہی ہے.... حور نے کہا...

رکع.... حارب کا میسج آیا ہے... وہ تم سے بات کرنا چاہتا ہے....

یار... میں کیا... مطلب..... حور نے کنفیوز ہوتے کہا...

Posted on Kitab Nagri

اوہو...سن لو کیا کہنا چاہتا....

اوکے.... حور نے مسکرا کر کہا.....

کچھ دیر بعد حارب پیچھے آیا....

ہائے گرلز......

ہائے گرلز۔۔۔!!!

ملائکہ کھڑی ہو گئی۔۔۔

اوکے میں چلتی ہوں۔۔حارب دھیان سے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

لو میں نے کونسا آپکی دوست کو کھا جانا ہے۔۔حارب نے سیٹ پر بیٹھتے کہا۔۔

حور شیشے سے باہر دیکھتی رہی۔۔

میں نے ایسا بھی کچھ نہیں کہہ دی تھا۔۔کہ یوں مجھے اگنور کیا جائے۔۔حارب نے آہستہ آواز میں کہا۔۔حور کا دل زور سے دھڑکا۔۔۔

میں آپ کو اگنور نہیں کر رہی۔حور نے نظریں جھکا کر کہا۔۔

اچھا۔۔مجھے تو لگ رہا ہے کہ مجھے دیکھنا بھی پسند نہیں کر رہی تم۔۔۔

حور نے ایک لمحے کے لئے حارب کی طرف دیکھ مگر ساتھ ہی نظریں جھکا لیں۔۔

حارب نے سیٹ کے ساتھ ٹیک۔لگالی اور آنکھیں موند لیں۔۔

Posted on Kitab Nagri

حارب۔۔۔حور نے آہستہ آواز میں کہا۔۔

ہنہ۔۔۔۔وہ ویسے ہی بیٹھ رہا

میری اور آپ کی کلاس میں فرق ہے۔۔

حارب نے آنکھیں کھولیں۔۔

کیا مطلب۔۔؟؟حارب چونکا

اس سفر کا فائدہ جسکی کوئی منزل ہی نہیں ہے۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیوں نہیں ہے۔۔۔میں شادی کرنا چاہتا ہوں تم سے۔۔۔ایک۔منٹ تم یہ سمجھ رہی ہو کہ میں ٹائم پاس کر رہا۔۔۔حارب کے ماتھے پر سلوٹیں پڑیں۔۔

نہیں میرا یہ۔مطلب نہیں تھا۔۔

تو۔۔؟؟

آپ کے گھر والے نہیں مانیں گے۔۔

کیوں نہیں مانے گے۔۔۔ماما کو تو میں بتا چکا۔۔وہ پھر سے آنکھیں بند کر کہ سیٹ کے ساتھ سر لگا کر بیٹھ گیا۔۔

کیا۔۔۔۔!!!آپ نے۔۔۔میرا بتا دیا۔۔؟؟

ہاں میں نے کہا۔مجھے ایک لڑکی پسند ہے اور میں اس سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔۔

تو۔۔۔؟؟وہ مان گئیں۔۔؟؟آ نے نہیں ہماری کنڈیشن کے بارے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

سب پتا ہے انہیں۔۔۔اور یہ کیا بار بار ایک ہی رٹ لگالی ہے۔۔کہا۔نا تم سے شادی کرنی ہے تو بس کرنی ہے۔۔۔وہ آنکھیں بند کئے کتنی آسانی سے کہہ گیا۔۔۔

حور کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی۔۔۔وہ حارب کے چہرے کی طرف دیکھنے لگی۔۔وہ پر سکون آنکھیں بند ک ئے بیٹھا تھا۔۔

مجھے ایسے ہی دیکھتی رہو گی یا کچھ کہو گی بھی۔۔

حور نے فورا نظریں دوسری طرف کرلیں۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حارب آپ۔۔۔سچ میں مجھ سے شادی کریں گے۔۔۔

نہیں تمہارے خیال میں میں کسی قسم کا مزاق کر رہا ہوں۔۔

Posted on Kitab Nagri

نہیں۔۔مگر ڈر لگتا ہے۔۔

کیوں۔۔؟؟میں چھوڑ دوں۔۔۔حور دیکھو۔۔اگر مجھے ٹائم پاس کرنا ہوتا۔۔۔میرے پاس چار سال تھے ۔۔۔اب جب یونی ختم ہونے والی اب میں ٹائم پاس کروں گا۔

اور رہی بات چھوڑنے کی تو میں وعدہ کرتا ہوں۔۔میں ایسا کچھ نہیں کروں گا۔۔مگر شرط یہ کہ تمہیں بھی پھر ساتھ دینا ہو گا۔۔دو گی۔۔۔؟؟

حور خاموش رہی۔۔۔

اوکے۔۔۔حارب اٹھ کر جانے لگا۔۔

نہیں رکیں۔۔۔آپ خود سے فیصلے کیوں کر لیتے ہیں۔۔۔

مجھے لگا تمہارے لئے مشکل ہو گا کہنا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

مجھے پسند ہیں آپ۔۔۔ حور نے جھکی نظروں کے ساتھ کہا۔۔

یا اللہ۔۔۔ تیرا شکر۔۔۔۔

حارب آہستہ۔۔۔۔ سب سوئے ہوئے ہیں۔۔۔۔

میں خوش ہوں۔۔۔

تو اب آپ جائیں۔۔۔۔ مجھے نیند آرہی ہے۔۔۔

لو جی۔۔۔ میں نہیں جا رہا۔۔۔ تم سوئی جاؤ۔۔۔۔ میں یہیں ہوں۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

مرضی۔۔حور نے آنکھیں بند کر کہ سیٹ کے ساتھ ٹیک لگا لی۔۔۔

حارب موبائل پر کچھ ٹائپ کرنے لگا۔۔۔

____________________

دانیال۔۔۔بیٹا۔۔۔

جی امی۔۔۔!!

تمہارے ابو بولا رہے ہیں۔۔۔

یار اب میں نے کیا کر دیا ہے۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہو سکتا کوئی ضروری کام۔ہو۔۔

انہیں مجھ سے ایک ہی کام ہوتا۔۔۔

اچھا چلے جائو۔۔۔

کہاں ہیں اب۔۔۔؟؟

اپنے کمرے میں ہی ہیں۔۔۔

اچھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

--------------------

حارب نے حور کی طرف دیکھا۔شاید وہ سو چکی تھی۔۔

وہ اس کی طرف دیکھ کر مسکرایا۔۔۔

حارب نے اوپر سے کیبن کھولا اور شال نکالی۔۔اس کے ٹانگوں پر پھیلا دی۔۔۔

بس کے جھولنے کی وجہ سے حور کا سر تھوڑا سرکا۔۔

حارب نے پکڑنا چاہا مگر پھر ہتھ روک دیے۔۔۔

وہ خود ٹیک لگائے آنکھیں بند کیے بیٹھ گیا۔۔۔

حور کا سر حارب کے کندھے سے ٹکرایا تو اس نے آنکھیں کھولیں۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

وہ چپ چاپ حارب کے کندھے سے سر ٹکائے سو رہی تھی۔۔

اٹھادوں میں اسے۔۔۔اگر اٹھی تو شرمندہ ہو گی۔۔۔حرب نے دل میں سوچا۔۔۔مگر پھر مسکرا کر موبائل دیکھنے لگا۔۔۔

وہ اسے چھونا نہیں چاہتا تھا۔۔نہ ہی اس کے پاس اس کا کوئی حق تھا۔۔مگر اسکا قریب ہونا حارب کے دل کو سکون پہنچا تا تھا...نا چاہتے ہوئے بھی آج اسے یہ سب اچھا لگ رہا تھا...اس کا یوں حارب کے پاس ہونا.....

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تین ماہ بعد۔۔۔

یار اب پتا نہیں کب ملیں گے۔۔۔۔۔نشوا کو یونی ختم۔ہونے کا افسوس ستائے جا رہا تھا۔۔۔

لو جب دل۔کیا مل لیں گے۔۔۔ملائکہ نے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

نہیں یار۔۔۔میں حارب کو کیسے دیکھوں گی۔۔۔

حور فوراچونکی۔۔

ہاہاہا۔اچھا وجہ یہ تھی۔۔۔ملائکہ ہنس دی۔۔

تم۔کیا حارب کے پیچھے ہی پڑ گئی ہو۔۔۔اسے نشوا کا یوں ہر وقت حارب کے قریب رہنا زہر لگتا تھا۔

کیوں۔۔تمہیں کوئی مسئلہ ہے۔۔۔۔نشوا نے کہا۔۔

ہاں ہے مسئلہ۔۔۔۔حور نے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

ارے یار تم لوگ بس بھی کرو اب۔۔۔ ملائکہ نے کہا۔۔

میں لائبریری جا رہی ہوں۔۔۔ نشوا یہ کہہ کر اٹھی۔۔

ہاں۔۔ مگر حارب سے دور رہنا۔۔۔ حور بھی فوراً اٹھی اور کلاس سے باہر نکلنے لگی۔۔۔

ملائکہ پیچھے بھاگتی آئی۔۔۔

حور یہ کیا حرکت تھی۔۔۔

وہ کیوں ہر بار حارب کا ذکر کرتی رہتی ہے۔۔۔

اب تم کیا کر رہی ہو۔۔

Posted on Kitab Nagri

میں حارب کو میسج کر رہی ہوں۔۔

کیوں۔۔۔؟؟

مجھے اس سے بات کرنی ہے۔۔

اچھامیں کینٹین جا۔رہی ہوں۔۔میں تھوڑی دیر تک تم سے لائبریری میں ملتی ہوں۔۔

اوکے مگر حارب۔پر غصہ نا نکال دینا۔۔۔

---------------

کیاہوا۔۔؟؟اتنی ایمرجنسی میں کیوں بلایا۔۔؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

حارب نے اس کے سامنے کرسی پر بیٹھتے کہا۔۔۔

میں یہاں اتنی دیر سے ویٹ کر رہی ہوں۔۔

لیکن میں تو پندرہ منٹ میں آگیا۔۔۔میں دوسرے ڈپارٹمنٹ میں تھا۔۔۔

وہاں کیا کر رہے تھے۔۔۔؟؟

حور۔۔۔ کیا ہوا ہے۔۔۔؟؟ کوئی بات ہے۔۔؟؟۔ تم غصے میں لگ رہی ہو۔۔

وہ ہے نا آپ کی چہیتی۔۔۔۔

کون۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

نشوا۔۔۔اور کون۔۔۔ہاں ویسے تو اور بھی بہت لڑکیاں گھومتی رہتی۔۔۔اسی لئے کہاں پتا ہو گا کہ کونسی والی۔۔۔

حارب نے زور سے سانس لیا۔۔۔

کیا ہو گیا ہے...کچھ کہا ہے نشوا نے....؟؟؟

حور نے کوئی جواب نا دیا...

حور......میری طرف دیکھو....

حور نے نظریں اوپر کیں..

کیا فرق پڑتا ہے.. کوئی کیا سوچتا... کیا کہتا..؟؟ فرق پڑتا تم اور میں کیا سوچتے.....

Posted on Kitab Nagri

اسے افسوس ہے کہ اب وہ تمہیں یونی میں دیکھ نہیں پائے گی... حور نے منہ بناتے کہا...

حارب نے مسکراہٹ دبانے کی کوشش کی...

کیوں تمہیے نہیں ہے.... افسوس...؟؟؟ حارب نے اسے چڑانے کے لئے کہا...

حارب اب کیا...؟؟؟؟

میں خود تم سے بات کرنا چاہتا تھا آج.....

کیا....؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

میں کینیڈا جا رہا ہوں... نیکسٹ ویک... ماموں کے پاس...

کیوں.... ؟؟؟؟؟؟ حور نے پریشان ہوتے کہا..

ایک. منٹ میری پوری بات دھیان سے سن لو....

بابا چاہتے ہیں کہ میں ماموں کے پاس جاؤں... ان کا بزنس ہے... مجھے ایکسپر ئینس ملے گا.. اور میں اپنا زنس سیٹ کر پاؤں گا... میں نے بہت کوشش کی انہیں منا کرنے کی.. مگر....

تو.... ؟؟؟ اب... ؟؟؟

میں نے ان کے سامنے ایک شرط رکھی ہے... میں اس صورت میں جاؤں گا جب وہ میری شرط پوری کریں گے .....

کونسی شرط... ؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

تم سے شادی.....

دیکھو حور ایک دو سال کی بات ہے.... تم نے بھی کہا تھا کہ تم ابھی جاب کرنا چاہتی ہو... تم کر لو.....ایک دو سال تک میں واپس آجاؤں گا.... تم میرا انتظار کرنا......

حور نے کوئی جواب نہ دیا..

کرو گی نا انتظار.... ؟؟؟ میں وعدہ کرتا ہوں میں جلدی آجوں گا....

حور نے سر ہلا دیا....

پلیز میرا انتظار کرنا..... پلیز.....

وعدہ... مگر حارب جلدی آنا.... پلیز... میں بہت مس کروں گی تمہیں....

Posted on Kitab Nagri

واہ...میں چار سال سے کر رہا ہوں...اور تم دو سال نہیں کر سکتی.....

میں نے کب کہا.... کہ نہیں کروں گی ... حور نے منہ بناتے کہا...

یہ رنگ میں تمہارے لیے لایا تھا....

حارب نے جیب سے رنگ نکالی...

پہنی ہوئی پہن لینا... نہیں تو پاس رکھ لینا.... تمہیں یاد رہے گا کہ میری امانت ہو تم.....

مگر حارب....ح

Posted on Kitab Nagri

اوہ یار میں کونسا نکاح کرنے کا کہہ رہا ہوں... مجھے تسلی ہو گی کہ کوئی چیز ہے جو تمہیں میری یاد دلاتی رہے گی...

آپ کو یاد کرنے کے لئے مجھے کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے....

ہاں ویسے تو یہ کام نشوا اچھے سے کر دیتی..... حارب نے شرارت سے کہا....

حارب .... حور نے غصے سے کہا....

اچھا سوری... مگر جب تم جیلس ہوتی ہو نا... مجھے بہت پیاری لگتی ہو....

ہنہ.... خود کا پتا نہیں....

کیا مطلب....؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

پتا ہے علی کا میسج آیا تھا کل.....

کیا مصیبت ہے یار.... ہزار دفعہ بکواس کی ہے میں نے کہ اسے بلوک کر دو..... حارب کے ماتھے پر ایک سیکنڈ کے اندر اندر سلوٹیں پڑی....

ہاہاہاہاہ.... واہ... مسٹر حارب واہ... اب آئندہ نشوا کا نام مت لینا.... اوکے..

تو یہ مزاق تھا.... ویسے بہت بری ہو تم.....

پھر بھی مجھ سے محبت کرتے.......

حارب نے اسکی آنکھوں میں دیکھا... کاش لفظوں میں بیان کر پاتا....

Posted on Kitab Nagri

حور کے دل کی دھڑکن تیز ہو گئی... حارب کا یوں اسے دیکھنا ہمیشہ اسے کنفیوز کر دیتا تھا.....

حارب ایسے مت دیکھا کریں......

کیوں.....؟؟؟ حارب نے آہستہ سے کہا....

ویسے ہی.....

ہائے.... کاش ہمیں بھی کوئی ایسے دیکھے.... حارب نے دل پر ہاتھ رکھ کر کہا.....

اچھا بس... زیادہ ڈرامے نا کریں.....

یار ایک تو تمہیں ہر چیز ڈرامہ لگتی ہے...... پتا بھی ہے لڑکیوں کو یہ چیزیں کتنی پسند ہوتیں ہیں..؟

Posted on Kitab Nagri

آپ کو بہت پتا ہے.... حور نے گھورتے کہا

بس ایک اسی طرح تمہاری محبت نظر آتی ہے......

حور نے مسکرا کر نظریں جھکا لیں... مگر حارب اسے دیکھتا گیا... کیوں کہ شاید اب کافی عرصے تک وہ اسے دیکھ نہیں پائے گا.....

............. .......................

کچھ عرصے بعد...

بیٹا اگے کیا ارادے ہیں..... عالیہ بیگم نے حور کے پاس آکر کہا... جو لیب ٹاپ میں مصروف تھی

Posted on Kitab Nagri

جی امی میں نے جاب کے لیے اپلائے کیا ہے.... کل انٹرویو بھی ہے....

اچھا چلو یہ تو اچھا ہے.....

آپ بس دعا کریں کے مجھے یہ جاب مل جائے....

انشااللہ مل جائے گی..... اتنی ذہین تو ہے میری بچی.....

انشااللہ...

میں بھی سوچ رہی ہوں کہ تمہیں اچھی سی جاب ملے تو کسی اچھی جگہ تمہاری شادی کر دوں....

امی پلیز.... ابھی مجھ سے ایک دو سال شادی کی بات بھی مت کیجئے گا. ....

Posted on Kitab Nagri

لیکن بیٹا.....

امی میں بتارہی ہوں...مجھے جاب کرنی ہے... آپ کو پتا ہے مجھے کتنا شوق ہے.. اپنے حالات بہتر کرنے ہے.....

بیٹا تم شادی کے بعد بھی کرلینا...

امی کیا گرینٹی ہے کہ وہ کرنے دے گے.. اس لئے پلیز مجھ سے شادی کی بات مت کریں....ورنہ میں آپ سے بات بھی نہی کروں گی..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا ناراض نہ ہو.....

آپ بس پلیز مجھے ایک کپ چائے پلادیں....

Posted on Kitab Nagri

اچھا ٹھیک ہے..... تمہارے ماموں کا فون آیا تھا....

امی مجھے نہیں سننا... میں کام کر لوں....

یہ لڑکی پتا نہیں کیسے سمجھ آئے گی اسے......

عالیہ بیگم یہ کہتی کچن کی جانب چل دیں...

کیسا رہا انٹرویو...؟؟؟

حور نے کمرے میں داخل ہو کر فائلز بیڈ پر رکھیں... اور گرنے کے انداز میں بیٹھ گئی...

امی پلیز پانی پلا دیں...

Posted on Kitab Nagri

اچھا اچھا میں لائی...

عالیہ بیگم .نے پانی کا گلاس پکڑ یا...

اتنی گرمی امی میرا تو برا حال ہو گیا....

ہاں گرمی تو ہے...اب آرام کرو...انٹرویو کیسا رہا...؟؟

امی اچھا تھا...امید تو ہے کہ کال آجائے گی....

اچھا...لوگ اچھے ہیں وہاں....؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

امی.... میں صرف انٹرویو کے لیے گئی تھی.... ہاں باس وہ تو کافی اچھے انسان تھے... ماموں کی طرح لگے مجھے تو... میرا طلب عمر میں.....

اچھا.. چلو اللہ کرے تمہیں نوکری مل جائے....

آمین....

........................

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دانیال ..... ارشد صاحب نے آواز دی...

جی......

آج وہ ایک لڑکی آئی تھی انٹرویو کے لیے... بڑی قابل بچی تھی..

Posted on Kitab Nagri

میں سوچ رہا ہوں اسے ہائیر کر لوں....

تو کر لیں پاپا.....

کر لیں نہیں.... وہ تمہارے انڈر کام کرے گی...

مگر پاپا.... ابھی میرا کونسا بہت ایکسپرینس ہے....

جیسا بھی ہو... اس لڑکی سے تم کچھ سیکھ ہی لو گے..... ارشد صاحب نے ہستے کہا...

پاپا.. میں آپ کے لئے روز آفس جاتا.. کبھی تو خوش ہو جایا کریں....

میرے لئے.... سیریسلی.... آپکی جیب بھاری رکھنے کے لئے.....

Posted on Kitab Nagri

توکام کی ہی تنخواہ لیتاہوں..... دانیال نے منہ بناتے کہا....

دانیال اب یہ عیاشیاں چھوڑدو...زندگی کو سیریس لو...میں سوچ رہاہوں تمہاری شادی کردوں....

نوڈیڈنو... پلیز.... میراایسا کوئی موڈ نہیں...اور شادی میں اپنی مرضی سے کروں گا....

ہاں کرو... کیں نے کب منع کیا... مگر زندگی کو سیریس لو اب....

اچھااب اس کی جان چھوڑ بھی دیں آپ.... زبیدہ کچن سے فارغ ہو کر آئیں...

آہ امی آپ. نے مجھے بچالیا..... دانیال نے امی کے گلے لگتے کہا

اب بس کرو...ڈرامے باز....

Posted on Kitab Nagri

.......................

اسلام عالیکم. سر..... حور نے آفس میں داخل ہوتے کہا

وعلیکم اسلام.... بیٹھیے مس حور آپ...

جی سر.... حور نے بیٹھتے کہا....

آپ. کو سیلکٹ کر لیا گیا ہے... مگر آپ دانیال صاحب کے اندر کچھ وقت کام کریں گی... اگر آپ کا کام ہمیں پسند آیا تو آپ کی پرموشن کر دی جائے گی..

جی انشااللہ سر.. میں پوری کوشش کروں گی .... آپ کو مایوس نہیں کروں گی....

Posted on Kitab Nagri

اوکے....

ہاں دانیال سر کو بھیجو.....

مے آئی کم ان.....دانیال نے کہا...

یس...

جی ڈیڈ آپ نے بلایا....

(ڈیڈ..اوہ تو سر کا بیٹا ہے...) حور نے دل میں سوچا..

جی یہ مس حور ہیں...آج سے یہ آپ کے انڈر رہوں گی....انہیں آپ ان کا کام سمجھادیں...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

جی ڈیڈ.....

دانیال نے ابھی تک حور کی طرف نہیں دیکھا تھا.....وہ اس کی پچھے کھڑا تھا...

اوکے مس حور آجائیں آپ.....

دانیال یہ کہہ کر آفس سے باہر چلا گیا.. حور اس کے پیچھے چل. دی...

بیٹھئے...دانیال نے آپنی آفس میں کرسی پر بیٹھتے حور سے کہا

جی سر.....

دانیال نے حور کی طرف دیکھا....اس کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی...

Posted on Kitab Nagri

حور نے بیٹھنے کے بعد دانیال کی طرف دیکھا... جو حور کی طرف دیکھ رہا تھا...

سر....

مگر دانیال کہیں کھویا ہوا تھا....

سر...... اس بار حور نے زور سے کہا...

جی... دانیال کو جیسے ہوش آیا....

جی.. جی مس حور... تو آپ.... آپ مجھے اپنی فائل دیں...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی سر.....

.....................

Posted on Kitab Nagri

ساجدہ میں سوچ رہا ہوں کہ علی. کی شادی کر دیں ہم.... منیر صاحب نے ساجدہ بیگم سے کہا جو بیڈ پر بیٹھیں لوشن لگا رہی تھی

وہ تو ٹھیک ہے پر آپ علی سے تو بات کریں....

اس سے کیا بات کرنی....شادی کرنی ہی ہے اس نے.....ہاں ویسے تم بات کر لو.. ...

کیا بات کروں میں...

ارے بھئی پوچھو کہ اگر اسے کوئی لڑکی پسند ہے یا نہیں... منیر صاحب نے لیٹتے کہا

اسے کوئی نہیں پسند.....اس کی بہو میں اپنی مرضی سے ڈھونڈو گی..

Posted on Kitab Nagri

منیر صاحب نے تعاسف سے دیکھا...

لائٹ بند کر دینا...

....................

مس حور...میں نے جو کام دیا تھا آپ کو وہ ہو گیا...؟؟؟؟

جی سر....

اوکے میرے آفس میں آئیں....

جی...

Posted on Kitab Nagri

..........

دانیال کرسی پر بیٹھا حور کی طرف دیکھ رہا تھا....

حور تھوڑا انکنفرٹیبل ہوئی...

مس حور... آپ بہت خوبصورت ہیں....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی... سر.....؟؟؟؟ حور نے حیرت سے کہا...

کچھ نہیں.... خیر آپ یہ بتائیں... آپ ایزی ہیں... آئی مین آپ یہاں آفس میں.. کوئی بروپلم تو نہیں آپ کو.....

Posted on Kitab Nagri

نہیں سر... شکریہ... میں ٹھیک ہو۔...

آپ کے والد کیا کرتے ہیں۔....

جی... ان کی ڈیتھ ہو چکی ہے...

اوہ... بہت افسوس ہوا۔.

حور چپ چاپ بیٹھی رہی..

اوکے مس حور آپ جا سکتی ہیں....

حور اٹھ کر چلی گئی...

Posted on Kitab Nagri

تمہیں تو میں حاصل کر کے رہوں گا..دانیال کا جب کسی پر دل آجائے تو وہ اسے حاصل کر کہ رہتا ہے.....

......................

حور کمرے میں بیٹھی ہوئی...اچانک کسی خیال کے تحت اٹھی...الماری کھولی.....بیگ نکالا اور بیڈ پر آکر بیٹھ گئی...

بیگ کھولا اور اس میں سے رنگ نکالی...

حارب.....پلیز...

جلدی آجائیں.....وہ دل.میں سوچنے لگی.....

Posted on Kitab Nagri

دانیال سے ڈر لگتا ہے مجھے حارب. ...

اسلام علیکم.........

وہ یک دم چونکی.....

ملائکہ تم.....

تم. نے تو یاد کیا نہیں میں ہی آگئی...

آؤ بیٹھو.....

کیسی ہو تم..... ملائکہ. نے پرس سائیڈ پر رکھتے کہا.....

Posted on Kitab Nagri

میں بلکل ٹھیک ہوں.... تم کیسی ہو...

الحمداللہ...میں بھی ٹھیک ہوں....

کیا کرتی ہو آج کل..... کہاں بی زی ہوتی ہو.... ملائکہ نے کہا

مجھے جاب مل گئی...بس وہیں....

ارے یہ تو بہت اچھی بات ہے.....

ہممممم...... حور نے کہا اور بیگ اٹھانے لگی...

کیا ہوا اداس ہو.....؟؟ آفس میں کچھ ہوا ہے...

Posted on Kitab Nagri

یار میرے باس کا بیٹا ہے....

ہاں تو کیا ہوا....؟؟

یار پتا نہیں ہو سکتا میں غلط ہوں... مگر ایسا لگتا کہ وہ مجھ میں انٹرسٹڈ ہے...

ہو سکتا تم زیادہ سوچ رہی ہو...

ملائکہ ایک لڑکی اپنے اوپر پڑنے والی نظروں کو محسوس کر لیتی ہے... کہ کون اسے کس نظر دیکھ رہا....

تو اس میں پریشانی والی کیا بات ہے.... حارب....

Posted on Kitab Nagri

حارب پتانہیں کب آئے گا.... مجھے ڈر لگتا ہے.. میں کب تک امی کو روکے رکھوں گی......

کچھ نہیں ہوتا سب ٹھیک ہو جائے گا تم پریشان ناہو.....

ہم... تم آج کیسے .... میری یاد کہاں سے آگئی...

میری منگنی ہوگئی.....

واٹ........ نونو... حور نے حیرت سے نفی میں سرہلایا...

یس... ملائکہ ہنس دی...

Oh my God..

Posted on Kitab Nagri

کب کیسے....؟؟؟تم نے بتایا نہیں...

ایک. ہفتہ پہلے...یار بس سادگی سے ہی ...مجھے تو خود اندازہ نہیں تھا....

کون ہے....؟حور نے آنکھ مارتے کہا...

بابا کے دوست ہیں ان کا بیٹا ہے.... .

اوہو...تو شادی کب... .؟؟؟

شادی تو ابھی دور ہے.... ایک سال تک....

اچھا.... چلو مجھے سب سٹارٹ سے بتاؤ اب....

Posted on Kitab Nagri

.................

دو سال بعد......

بیٹا حور.....عالیہ بیگم کمرے میں آئیں....

امی آپ کیوں آئیں ہیں....مجھے بلا لیتیں... آپ کی طبیعت پہلے ہی نہیں ٹھیک.....

ب

بیٹا میں تمہاری شادی کر دینی ہے..پلیز....

تمہارے ماموں کا دل چاہ رہا کی وہ علی کے ل ئے تمہارا ہاتھ مانگ لیں.... مگر میں جانتی ہوں وہ میری بیٹی کے قابل ہی نہیں ہے....میں بھائی کو منع نہیں کر پاؤں گی....اس ل ئے میں چاہتی ہوں کہ میں تمہاری بات کہیں اور پکی کر دوں....

Posted on Kitab Nagri

امی میں نے کہا نا مجھے شادی نہیں کرنی .... میں آپ کے ساتھ ہوں بس.... میں خود ماموں کو منع کر دوں گی......

نہیں بیٹا اب میں نے تمہاری کوئی بات نہیں سننی....

امی پلیز.... بس تھوڑی دیر.....

کہا نا کہ بس.... وہ تمہارا ابا س کا رشتہ آیا تھا نا... میں نے کل ان لوگوں کو دوبارہ بلوایا ہے....

امی آپ. ایسے کیسے کر سکتی ہیں... آپ کو مجھ سے پوچھنا چاہئے تھا....

بہت کر لی تم نے اپنی من مانی.... آب نہیں... میرا کام تھا تمہیں بتانا... میں نے بتا دیا....

امی پلیز....

Posted on Kitab Nagri

میں کھانے لگانے لگی ہوں تم آ جانا.....

عالیہ بیگم چلی گئیں....

حور گرنے کے انداز میں بیڈ پر بیٹھی...

حارب.......اس نے زور سے سانس لیا....

اب تو آ جائیں.... پلیز.....حارب....

آنسو اسکی آنکھوں سے بہنے لگے....

..............................

Posted on Kitab Nagri

مس حور.....

جی سر آپ نے بلایا.....

جی.... دانیال نے اسے کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کیا...

حور آپ جانتی ہیں کہ میں نے آپ کے گھر پرپوزل بھیجا تھا... مگر اس وقت آپ نے کہا تھا کہ آپ کو وقت چاہیئے... آپ شادی کے لیے تیار نہیں ہیں.....

جی سر.......

دیکھیں... میں نے انتظار کیا..... مجھے بہت پسند ہیں آپ... اور میں آپ سے شادی کرنا چاہتا ہوں...

مگر کل آپ کی امی کا فون آیا تھا... آئی مین میں نے سوچا کہ میں ایک بار خود آپ سے بات کرلوں...

Posted on Kitab Nagri

اچانک فون بجا... حور نے بند کر دیا...

سوری سر.....

سر میں خود آپ سے بات کرنا چاہتی تھی... دراصل سر میں...

فون دوبارہ بجا......

آپ رسیو کر لیں.....

ہیلو..... حور نے فون اٹھایا.....

جی ماموں.... کیا....

Posted on Kitab Nagri

وہ فوراکرسی سے اٹھی..

کونسے ہاسپٹل....؟؟؟

سر مجھے جاناہو گا.... ایمر جنسی ہے.... میری امی کوہارٹ اٹیک ہوا ہے....

اوکے میں آپ کے ساتھ چلتا چلیں....

..........................

ماموں امی کیسی ہیں اب......

وہ روتے روتے بولی....

Posted on Kitab Nagri

آئی سی یو.. میں ہیں.... تم دعا کرو بیٹا.....

اللہ.... وہ زور سے رو دی....

حور سنبھالیں آپ خود کو.....

حور بیٹا دعا کرو... اللہ سے سب ٹھیک ہو جائے گا....

.................

اللہ پاک... میرے پاس میری امی کے علاوہ ہے ہی کون.... اللہ مجھ سے میری امی کو نا چھینیں... اپلیز....

میں کیا کروں گی ان کے بنا.... کہاں جاؤں گی.... اللہ میں بے سہارہ ہو جاؤں گی.....

میرے اللہ مجھ پر رحم. فرمائیں....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اللہ مجھے صبر دیں...میری امی کو جلد از جلد ٹھیک کر دیں...

بیٹا....عالیہ کو ہوش آیا ہے......وہ جلدی جلدی اٹھی اور بھاگی

.........

امی.....وہ رو دی....

بیٹا...حوصلہ کروں....ماموں نے اسے پکڑ کر حوصلہ دیا....

بھائی..عالیہ بیگم نے آہستہ سے کہا....

جی .....ابھی مت بولو تم....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

حور.........

ہاں یہ دیکھو حور یہیں ہے.....

دانیال..... حور کی ماں آدھے آدھے لفظ ادا کر رہیں تھیں...

دانیال.... وہ تو باہر.... حور بھاگی...

جی آنٹی...دانیال نے ان کا ہاتھ پکڑ کر کہا...

ب...بیٹا.. حو.. حور کا خ... خیال ر.. رر کھنا. .....

آنٹی آپ ٹھیک ہو جائیں... پھر سب ہو جائے گا.....

Posted on Kitab Nagri

امی... آپ ایسے کیوں کہہ رہی ہیں..... حور نے روتے کہا...

بھائی.... حور....

ابھی خود کو کیوں تھکا رہی ہو.... چلو چپ کر جاؤ....

حور تم دانیال کو باہر تک چھوڑ آؤ....

میں چلا جاتا ہوں... آپ یہیں رہیں حور.....

بھائی.... عالیہ بیگم نے منیر صاحب کا ہاتھ پکڑا....

منیر صاحب نے اپنا چہرہ نیچے کیا...

Posted on Kitab Nagri

کیاہوا...

حور.....کی....شادی...دانیال...

عالیہ بیگم.نے زور زور سے سانس لیناشروع کیا....

امی...امی.....

ماموں ڈاکٹر کو بلائیں......

امی آنکھیں کھولیں پلیز.....امی......وہ زور زور سے چیخ رہی تھی..

تھوڑے عرصے میں ڈاکٹر اندر آیا....

سب باہر چلیں جائیں پلیز...

Posted on Kitab Nagri

..........................

ڈالٹر صاحب کیا ہوا...میری امی کیسی ہیں...

ڈاکٹر کے باہر آنے پر حور نے پوچھا...

سوری ہم آپکی امی کو نہیں بچاپائے... آپ ہمت کریں....

نہیں... نہیں..... حور کو اپنا سر گھومتا محسوس ہوا....

وہ زمین پر بے ہوش ہو کر گر گئی.....

Posted on Kitab Nagri

چار ماہ بعد....

دانیال.... حور نے دانیال کے کمرے میں داخل ہوتے اسے دیکھ کر کہا....

ہن.....وہ سیدھا ڈریسنگ کے پاس گیا...

آپ اتنی دیر سے آئیں ہیں.... دیکھیں 12 بج گ ئے...میں کب سے آپکا ویٹ کر رہی تھی...

کیوں...؟؟ کام تھا مجھے اس ل ئے ہی باہر تھا.....

آج ہماری شادی کو ایک ماہ ہو گیا ہے.....

Posted on Kitab Nagri

ہاں یاد تھا مجھے.... ویسے اگر تمہاری امی کی خواہش نا ہوتی اور وہ آخری لمحات میں کہہ کر نا جاتیں تو تم تو کبھی مجھ سے شادی نا کرتی....

آپ ایسا کیوں کہہ رہے ہیں...وہ اپنی امی کا ذکر سن کر اداس ہو گئی....

ارے میں تو ویسے ہی دل میں آیا تو کہہ دیا.... ہم کل ڈنر کے ل ئے جائیں گے...اوکے.... دانیال نے مسکرا کر اس کی طرف دیکھا...

اوکے...وہ. مسکرا دی....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مگر دانیال ایک بات پوچھوں... آپ نے میرا اتنا ویٹ کیسے کر لیا...میرا مطلب آپ کسی اور سے شادی بھی تو کر سکتے تھے...

Posted on Kitab Nagri

ہاں ... مگر تم جب آفس میں آئی تھی مجھے اچھی لگی تھی تم... پھر میں نے بات کرنے کی جب جب کوشش کی تم.نے اگنور کیا...مجھے بڑی حیرت ہوئی...

وہ کوٹ ٹائی اتار کر اب صوفے پر بیٹھ گیا تھا....

کس بات کی حیرت....؟؟؟؟

کہ یہ لڑکی مجھے اگنور کر رہی...بس پھر میں نے سوچ لیا کہ اس سے تو میں شادی کر کے رہوں گا....

مطلب آپ کو مجھ سے محبت نہیں ہے....

ارے یار میرا یہ مطلب نہیں تھا...میں نے کہا تم مجھے اچھی لگی تھی بہت.... اور تم مختلف تھی کہ مجھ جیسے ہنڈسم امیر انسان کو اگنور کر رہی تھی.... اچھا مجھے بھوک لگی ہے...کچھ کھانے کے لئے لادو.....

Posted on Kitab Nagri

جی اچھا... میں لاتی ہوں....

حور اداس سی اٹھ کر چلی گئی....

............

حارب.... لائبہ بیگم کمرے میں داخل ہوئین

جی امی آجائیں....

سفر کی تھکان اتر گئی...؟؟؟

جی امی اچھا خاصا تو ریسٹ کر لیا میں نے.....

Posted on Kitab Nagri

ہم. نے بہت مس کیا تمہیں.....

میں نے بھی.... مجھے تو ہر وقت بس یہاں آنے کی جلدی ہوتی تھی...

امبر کیسی ہے....؟؟؟ لائبہ بیگم نے بیڈ پر بیٹھتے کہا

بلکل ٹھیک تھی وہ....

بہت باتیں کرتی ہے..... حارب نے مسکراتے کہا...

ہاں.. بھائی بتا رہے تھے.. کہ تمہارے ساتھ بہت اٹیچ ہے...

جی... اس کی وجہ سے میں بھی کم بور ہوا وہاں....

Posted on Kitab Nagri

میرا بیٹا.. لائبہ بیگم کھڑی ہوئیں... اور اس کے سر کو چوما...

تمہارے ابو بھی انتظار کر رہے آ جاؤ... باہر..

جی... حارب نے مسکراتے ہوئے کہا..

دوستوں سے ملنے تو نہیں جانا....

ایک دو دن تک دانیال کی طرف جاؤں گا... حیدر شہر سے باہر ہے ابھی...

اچھا ... چلو فریش ہو کر آ جاؤ.....

Posted on Kitab Nagri

جی....لائنہ بیگم باہر چلی گئیں.....

حارب نے بیڈ سے ٹیک لگا کر آنکھیں بند کر لیں...

حور.......اس نے لمبا سانس لیا...پھر مسکرا کر واشروم کی طرف چلا گیا.....

.....

حور.....دانیال نے گھر میں داخل ہوتے ہی آواز دی...

جی.....حور نے کچن سے آواز دی...

Posted on Kitab Nagri

کال. میرا دوست آ رہا ہے.... بس اچھا سا کھانا تیار کرنا...

او کے... مگر کتنے بجے...

اب وہ یہ بتا کے آئے گا.... کہ میں دو بجے آؤں گا یا تین بجے... حد ہے...

میرا مطلب تھا کہ لنچ یا ڈنر... وہ اکثر دانیال کی باتوں پر اداس ہو جایا کرتی تھی...شاید وہ حارب کی طرح اس کی عزت نہیں کرتا تھا...

ڈنر..... وہ یہ کہہ کر کمرے میں چلا گیا....

.........................

اسلام علیکم... حارب دانیال کے پاس آیا...

Posted on Kitab Nagri

وہ لان میں بیٹھا ہوا تھا...

ارے یار... تم.... وعلیکم اسلام.... آؤ بیٹھو...

حارب کرسی پر بیٹھ گیا...

)دانیال اور حارب دانیال کے گھر اس کے لان میں بیٹھے ہوئے تھے(...

یار..!!! تین سال بعد آرہے ہو تم پاکستان.... ایسا سٹڈیز کے بعد سے غائب ہوئے کہ مجھے لگا اب آؤ گے ہی نہیں......دانیال نے حارب کی دیکھ کر کہا...

نہیں آنا تو تھا...

Posted on Kitab Nagri

کیسا رہا پھر سب.... ؟؟؟

الحمد اللہ.... میں نے سارا بزنس پاکستان میں سیٹ کر لیا ہے...

اچھا واہ.... یہ تو بہت اچھا ہو گیا....

)اچھا رکو میں چائے کا کہتا( ....

تم سناؤ... اب بھی وہی حرکتیں ہیں تمہاری یا سیریس ہو گئے تم... ؟؟؟

شادی ہو گئی .... دانیال نے آنکھ مارتے کہا..

اوہ مائی گاڈ.... کب... ؟؟؟آ

Posted on Kitab Nagri

ئی مین کیسے تم تو کسی لڑکی کو لے کر سیریس ہی نہیں ہوتے تھے...

ہر کسی کے ساتھ ٹائم پاس.... حارب کو جیسے یہ سن کر یقین ہی نہیں آیا....

ا

بس تمہاری بھابی پر دل آگیا... سوچا شادی کر لیتے ہیں.... دانیال نے آنکھ مارتے کہا.....

ایک منٹ تم... تمہارا تو ہر کسی پر دل آجاتا... ایک منٹ تم. نے مجھے بتایا تک نہیں.....

ارے یار بس سب جلدی جلدی ہو گیا سب.....

کب ہوئی شادی.... ؟؟؟؟ حارب کے چہرے پر خوشی کے ساتھ ساتھ حیرت بھی تھی...

Posted on Kitab Nagri

بس ایک.ماہ ہوا ہے....

بس... تم. میرا ویٹ کر لیتے یار... مطلب یہ کہ میں ایک ماہ لیٹ ہو گیا.....

ہاں یہ تو ہے... تم لیٹ ہو گ ئے... اپنا سناؤ... کسی گوری سے شادی تو نہیں کر لی...

ہاہاہاہا... نہیں....

نہیں. نہیں... نا کرو.... دانیال نے حیرت سے کہا...

کیا نا کرو....

Posted on Kitab Nagri

تم ابھی بھی اسی لڑکی......یار....

تو میں کونسا تمہاری طرح لڑکیاں بدلتا رہتا.... حارب نے ہنستے کہا... میں اس کے لیئے گیا تھا اسی کے لیئے آیا ہوں....

تم بھابھی سے تو ملواؤ.... میں بھی تو دیکھوں کس پر دل آگیا....

لو آگئی میں ملواتا.....

حور ہاتھ میں چائے کی ٹرے پکڑے ان کی طرف آئی...اور ٹیبل کے پاس آگئ...

میٹ مائی وائف حور........ دانیال نے کہا...

حارب کرسی سے کھڑا ہوا...

Posted on Kitab Nagri

اسلام علیکم بھا....... حارب کی نظر حور پر پڑی...

حور نے حارب کو دیکھا....

حارب کے پیروں تلے زمین نکل گئی.... وہ یک لخت حور کو دیکھ رہا تھا... جیسے اسے اپنی آنکھوں پر یقین نہ آرہا ہو.....

حور کو لگا اس کا سانس رک جائے گا.....(دنیا کتنی چھوٹی ہے(....

حارب کو لگا کسی نے اسکی جان نکال لی ہے.... جیسے وہ کوئی خواب دیکھ رہا ہے...

حور کے ہاتھ میں پکڑی ٹرے لڑکھڑانے لگی... دانیال نے اٹھ کر پکڑا...

چائے مت گرا دینا یار..... دانیال نے کہا...

دونوں کو جیسے ہوش آیا....

بیٹھو حارب... دانیال نے کہا....

Posted on Kitab Nagri

حارب جبراً مسکرا کر بیٹھ گیا... مگر حور ابھی تک برف کا پتلا بنی کھڑی تھی....

یہ میرا دوست ہے... حارب.... ابھی کچھ دن پہلے پاکستان آیا ہے...

حور وہیں چپ کھڑی رہی....

حور.....!!! دانیال نے پھر سے آواز دی...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم ... حور نے کانپتی آواز میں کہا...

حارب نے نظر اٹھا کر ایک بار تو غصے سے اس کی آنکھوں میں دیکھا... حور کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا....

Posted on Kitab Nagri

یااللہ یہ کیا ہو گیا!!!.....

آؤ بیٹھو.....دانیال نے کہا....

نہیں..وہ...میں وہ... کھانا...

ہاں او کے چلو.....

حور جلدی وہاں سے چلی گئی

حارب......دانیال نے آواز دی....

چائے!!...

Posted on Kitab Nagri

ہاں...وہ.... حارب کو سمجھ نہیں آرہا تھا وہ کیا کرے.

ہاں تو پھر کیسی لگی میری چوائس....

ہاں...ہاں...وہ...حارب جبرا مسکرایا...

آفس میں تھی میرے.... مجھے تو پہلے دن ہی اتنی پیاری لگی...بس دل آگیا .... دانیال نے مسکرا کر کہا...

حارب نے اپنی مٹھی زور سے بند کی......

پھر موبائل نکالا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

یار سوری...مجھے جانا ہو گا.....

کیوں....؟؟ چائے.... حور کھانا بنا لے کھا کر جانا....

تم. پلیز منع کر دو... پھر کبھی سہی...ابھی جانا بہت ضروری ہے... معزرت... حارب کے لئے وہاں ایک لمحہ گزارنا بھی مشکل ہو گیا تھا.....

اچھا چلو.. پھر ضرور چکر لگانا....

ہاں اوکے... حارب فورا کھڑا ہوا اور چلا گیا...

...........................

اللہ پاک کیوں... حور جائے نماز پر بیٹھی زور زور سے رو رہی تھی...

Posted on Kitab Nagri

میں نے آپ سے کتنی دعائیں مانگیں تھیں...

اللہ میں نے تو شادی کے بعد دل سے آپنے شوہر کو تسلیم کیا تھا.. کوئی منافقت نہیں کی... دل و دماغ سے اپنے شوہر کو چاہا... ہر طرح سے ایک بیوی ہونے کا فرض نبھایا...

اللہ میں نے صرف اتنا ہی مانگا تھا کہ حارب میری زندگی میں نا آئے.... میں نے کتنی دعائیں مانگی تھیں کہ اس کی زندگی میں کوئی اور آجائے... وہ بھول جائے مجھے اللہ....

کتنا مانگا میں نے آپ سے.... اللہ ایسی تو کوئی دعا نہیں کی تھی جو جائز نا تھی... کیوں حارب کو پھر سے میری زندگی میں لا کر کھڑا کر دیا آپ نے...

اللہ کیا میری عبادتیں... میری دعائیں.. اس قابل نا تھیں...

Posted on Kitab Nagri

اللہ کتنا رو رو کر... راتوں کو اٹھ اٹھ کر مانگا میں نے...

اللہ میں بہت کمزور ہوں.... یہ کیسی آزمائش ہے اللہ...

میں ایک گنہگار کمزور بندی اللہ میں آپکی اس آزمائش پر پورا نہیں اتر پاؤں گی..... آنسو تھے کے رکنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے....

اللہ اتنی بڑی آزمائش.... احارب کی آنکھیں ... اللہ وہ بہت تکلیف میں ہو گا.... اللہ اس کے دل سے میرا خیال نکال دیں... میں اپنے شوہر کے ساتھ بہت مخلص ہوں اللہ.... میری امی کے جانے کے بعد وہ میرا سہارا بنے...

اللہ حارب کہیں غصے میں دانیال سے نا کچھ کہہ دے..

وپ. اپنی انا کی خاطر میرا گھر... اللہ میں کہاں جاؤں گی...

میرا گناہ اتنا بڑا تھا جس کی اتنی بڑی سزا مل رہی ہے مجھے..

کیوں اللہ کیوں.... .

وہ. اپنے ہاتھوں میں اپنا چہرہ چھپائے زور زور سے رو رہی تھی...

Posted on Kitab Nagri

حارب دروازہ کھولو..... لائبہ بیگم دروازے پر دستک دے رہیں تھیں...

حارب بیٹا کیا ہوا ہے.... شام سے بند ہو اسی طرح...

وہ. مسلسل دروازہ بجا رہیں تھیں..

حارب مجھے پریشانی ہو رہی ہے.... خدا کے لئے دروازہ تو کھولو...

میرے لئے ہی.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچانک دروازہ کھولا اور وہ پھر سے بیڈ سے ٹیک لگا کر بیٹھ گیا... آنکھیں بند کئے...

سارا کمرا بکھرا ہوا تھا... ڈریسنگ کی سب چیزیں زمین پر پڑی ہوئیں تھیں...

لیمپ ٹوٹا ہوا... پانی کا جگ اور گلاس ٹوٹ کر نیچے گرا ہوا تھا... شیشے پورے فرش پر پھیلے ہوئے تھے...

Posted on Kitab Nagri

وہ حیرت سے کبھی حارب کو دیکھتیں کبھی کمرے کو...

حارب... یہ کیا کیا ہے...؟؟؟ کیا ہوا ہے...؟؟؟

وہ چپ چاپ آنکھیں بند کیے بیٹھا رہا....

بیٹا ..... کچھ تو بولو.. وہ حارب کے پاس آئیں اور اس کے چہرے کو چھوا....

حارب نے آنکھیں کھولیں... آنسو لڑھک کر اس کی گال پر بہہ گیا

وہ امی کے ساتھ لگ گیا...

Posted on Kitab Nagri

ماما کیا میں بہت لیٹ ہو گیا تھا.... اس نے کیوں کیا میرے ساتھ آیا....

وہ میرا تھوڑا انتظار بھی نا کر سکی....

ماما.... میرے پاس تو کچھ رہا ہی نہیں اب...

بیٹا کس نے کیا کر دیا.....

ماما....... وہ زور سے چینخا... اس نے شادی کر لی.... مجھے اندر ہی اندر مار ڈالا اس نے.... میں اس کے گیا تھا... اس کے لئے آیا...

اس نے وعدہ توڑ دیا ماما......... وہ رو دیا... اس نے وعدہ توڑ دیا...

بیٹا.... کوئی بات نہیں.. صبر کرو....

میں نے کہا تھا... کہا تھا میں نے... کہ مجھے نہیں جانا.... وہ بیڈ سے اٹھا...

Posted on Kitab Nagri

اب کہیں بابا سے لو ہو گیا امیر میں...بن گیا بڑا بسنس مین.....

خوش ہیں اب وہ.....

مجھ سے میری ہر خوشی چھین کر..... ..

بیٹا....لائبہ بیگم کی آنکھوں میں آنسو آگ ئے...اپنے بیٹے کی یہ حالت ان سے دیکھی نہیں جا رہی تھی.....

میں لیٹ ہو گیا...ماما میں لیٹ ہو گیا....

بیٹا...وپ تمہاری قسمت میں نہیں تھی ... بھول جاؤ اسے..

بھول جاؤں....ماما چھے سالوں سے میں پاگلوں کی طرح اس سے محبت کرتا آیا ہوں... وہاں ایک لمحہ ایسا نہیں تھا کہ میں نے اسے یاد نہیں کیا...وہ مجھ سے کیا ایک وعدہ نہ پورا کر سکی.... دو سال صرف دو سال.... اس نے ہی کہا تھا کر رابطہ نا رکھنا...اپنے کام پر فوکس کرنا... جلدی آنا....

Posted on Kitab Nagri

بیٹا... حوصلہ کرو....

ماما.. مجھے سمجھ نہیں آ رہا کیا کروں میں.... مجھے یہاں... اس نے دل کی طرف اشارہ کر کے کہا...

مجھے یہاں درد ہو رہا ہے... تکلیف ہو رہی ہے... ماما میں مر رہا ہو.... اس نے اپنی کو بازوؤں سے پکڑ کر کہا...

لائبہ بیگم نے اس کے سر پر ہاتھ رکھا....

بیٹا اللہ کا فیصلہ ہے... قبول کرو....

میں اسے کبھی معاف نہیں کروں گا.... حارب نے اپنے آنسو صاف کرتے کہا.....

کبھی نہیں...

Posted on Kitab Nagri

بیٹا ایسا نہیں کہتے.....

نہیں ماما...بس.... آپ کو پتا اس نے کس سے شادی کی ہے...

کس سے...؟؟؟

دانیال سے...ماما وہ دانیال کی بیوی ہے.... میرے دوست کی...

لائبہ بیگم کو جھٹکا لگا...

بیٹا...بس اب قبول کرو.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

میں ٹھیک ہوں... میں اس سے اتنی نفرت کروں گا کہ وہ یاد رکھے گی... میں نے اتنی محبت دی اس کے قدر نا کی.... اب بس...

مجھے تھوڑا وقت دیں... اب میں کبھی اس کے لئے نہیں روؤں گا...

تم دانیال سے کم ملنا... باہر مل لیا کرنا... ضرور اس کے سامنے جانا..

نہیں اب میں جاؤں گا... ہر لمحہ اسے یاد دلاؤں گا.... دیکھو گا کہ کتنا خوش ہے وہ... کون ہے جو اسے مجھ سے زیادہ چاہ سکتا....

بیٹا نہیں دیکھ پاؤ گے...

نہیں ماما... اب بس... بہت کر لی میں نے محبت....

آپ کھانا لگائیں ...مجھے بھوک لگی ہے..... حارب نے باہر جاتے کہا...

Posted on Kitab Nagri

یااللہ... میرے بچے کو سکون دیں.... وہ کچھ غلط نا کر دے.... نا اپنے ساتھ نا اس لڑکی کے ساتھ.. نا جانے اس بچاری نے کس مجبوری میں کیا ہے... اب اسے کیسے سمجھاؤں میں....

......................

ملائکہ.... حور نے ملائکہ کو کال کی...

اسلام علیکم.... ملائکہ کی چہکتی آواز آئی....

وعلیکم اسلام.... تم. مجھ سے مل. سکتی ہو....؟؟؟

کیا ہوا...؟؟

Posted on Kitab Nagri

تم. بتاؤ مجھ سے مل سکتی ہو.....

ہاں مگر دو تین دن تک....

اوکے ٹھیک ہے... تم گھر آسکتی ہو...؟؟؟

ام.... گھر میں کاشف سے پوچھ کے بتا سکتی ہوں...

اوکے... پھر مجھے میسج کر دینا....

اوکے... مگر سب ٹھیک تو ہے....

ہاں تم ملو پھر بات کرتے ہیں.....

Posted on Kitab Nagri

اکوے.... اللہ حافظ....

اللہ حافظ.... حور نے فون بند کیا اور زور سے سانس لیا....

.......................

شکر ہے یار تم نے ٹائم تو نکالا.... دانیال نے حارب سے کہا...

وہ دانیال. کے گھر آیا ہوا تھا....

اس دن بھی تم چلے گ ۓ... پھر دو تین دن کوئی کونٹیکٹ ہی نہیں....

Posted on Kitab Nagri

ہاں بس بزی ہو گیا تھا....

میں حور سے کہہ ہی رہا تھا....

کیا.... حارب حور کے نام پر چونکا...

کہ ضرور کہیں بزنس میں لگ گیا ہونا.... کام کے علاوہ تمہیں کچھ پسند ہی نہیں ہے....

حارب مسکرا دیا....

کام.ہی مجھے ہر جگہ لے ڈوبتا....

مطلب... دانیال نے پوچھا...

Posted on Kitab Nagri

کچھ نہیں...چائے تو پلادو..... حارب نے مسکرا کر کہا...

ہاں...سوری... یہ حور پتا نہیں کہاں رہ گئی.. کبھی کبھی اسکی سمجھ نہیں آتی مجھے.....

حور.... دانیال نے اسے آواز دی...

کچھ ہی دیر میں حور آگئی...

چائے.... اس نے ٹی وی لاؤنج میں ٹیبل. پر رکھتے کہا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا اس دن بھی انکل آنٹی نہیں نظر آئے آج بھی.....

حارب نے حور کو اگنور کرتے کہا...جب کے اس کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا...

وہ یار..نانو کی طبعیت ٹھیک نہیں..تو ماما پاپا وہاں دبئی ان کے پاس چلے گ ئے کہتے کچھ ماہ اب وہاں ریلکس ہو کر آئیں

Posted on Kitab Nagri

ریلکس....؟؟؟

حور نے حارب کو کپ. پکڑیا...اس کے ہاتھ کانپ رہے تھے... حارب نے کپ. پکڑا مگر اس کے کانپے ہاتھ دیکھ کر ایک لمحے کے ل ئے طنزیہ مسکرایا....

ہاں پاپا کا خیال ہے کہ اب میں نے کام سنبھال. لیا ہے تو انہیں اب آرام چاہیئے. ...

ہاہاہاہا...اچھا...

حور دانیال کو چائے دے کر جانے لگی...

ارے آپ بیٹھیں نا.... حارب نے کہا...

جی....؟؟؟حور نے دانیال کی. طرف دیکھا...

Posted on Kitab Nagri

وہ کھانا.....

اس نے کچن کی جانب اشارہ. کیا...

مجھے لگ رہا آپ مجھ سے بھاگ رہیں ہیں... حارب نے مسکرا کر کہا...

ارے نہیں نہیں... تم بیٹھو حور کھانا رانی بنا لے گی.... دانیال. نے کہا...

حور بادل ناخواستہ حارب کے سامنے دانیال والے صوفے پر بیٹھ گئی.....

حور نے نظر اٹھا کر حارب کو دیکھا.....

دل. زور سے دھڑکا.....

حارب طنزیہ مسکرایا... جس نے حور کو اندر تک ہلا. کر رکھ دیا....

Posted on Kitab Nagri

آج وہ اس کے سامنے بیٹھا تھا.. جس کا اتنا انتظار کیا تھا اس نے... جسے ہر روز اپنی دعاؤں میں مانگا تھا... مگر آج حور کو اس کا آنا اچھا نہیں لگ رہا تھا....

حارب پلیز ایسے مت دیکھیں مجھے.... حور نے دل. میں سوچا..

دانیال. نے چائے پیتے کہا...

اور حارب تم کب شادی کر رہے ہو....

میں سوچ رہا ہوں کہ اب جلد ہی کر لوں.... حور نے نظریں جھکا لیں....

ہاں یار آخر ملوا دو ہمیں بھی اب اس لڑکی سے..... جس نے تجھے پاگل کر رکھا ہے....

Posted on Kitab Nagri

حور نے پلٹ کر دانیال کی طرف دیکھا....

دانیال نے حور کی طرف دیکھا...

حیران ناہو...یہ برخودار کئی سالوں سے ایک لڑکی کے پیچھے پاگل ہیں.... اتنی لڑکیاں اسے کوئی پسند ہی نہیں آتی......

ہاہاہا... حارب ہلکا سا ہنس دیا...

حور جبرا مسکرادی..

اب تو مجھے بھی اس سے ملنے کا اشتیاق ہے..... دانیال. نے کہا...

جلد ملوادوں گا.... حارب نے حور کو دیکھ کر کہا...

Posted on Kitab Nagri

نہیں... حور نے دل میں سوچا... پلیز حارب.... اس کے دل نے کہا...

اس نے حارب کو دیکھ کر ہلکا سا نفی میں سر ہلایا... وہ یہ کہنا چاہ رہی تھی کہ دانیال کو کچھ نا بتانا...

حارب اس کی آنکھوں میں آیا خوف دیکھ سکتا تھا... ڈر... خوف..... وہ شاید آج اس سے بھیک مانگ رہی تھی...

اچھا حور.... دانیال نے حور کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا....

حارب نے اپنے ہاتھ کی مٹھی کو زور سے بند کر لیا... غصہ... تکلیف....

میں ایک ضروری کال کر لوں... تم حارب کو کمپنی دو....

حارب ایک منٹ یار..... وہ یہ کہتا اٹھا...

Posted on Kitab Nagri

ہاں اٹس اوکے.... حارب مسکرا دیا...

دانیال ٹی وہ لاؤنج سے باہر چلا گیا...

حارب نے صوفے کے ساتھ ٹیک لگائی اور سینے پر ہاتھ باندھے حور کو دیکھنے لگا...

حور اٹھ کر جانے لگی...

آرام سے بیٹھ جاؤ.... حارب نے تلخ لہجے میں کہا

اس نے پلٹ کر حارب کو دیکھا...

حارب نے آنکھوں سے اسے پھر سے بیٹھنے کا اشارہ کیا...

حور کو لگا آج اس کا دل پھٹ جائے گا...

Posted on Kitab Nagri

بے وفائی میں تو پی ایچ ڈی کی ہے تم نے... حارب نے غصے میں کہا...

ایسا کیا تھا جو میں نہی دے سکتا تھا.... پیسے.... ہنہ.... دیکھ لو آج.. تمہارے شوہر سے کئ زیادہ پیسے ہوں گے میرے پاس....اور میرے ہی دوست سے.... حیرت ہوتی ہے مجھے...

حور کا دل کیا کہ وہ یہاں سے چلی جائے... .

آپ کیا چاہتے ہیں اب...؟؟؟ حور نے ہمت کر کے کہا...

میں کیا چاہتا ہوں... حارب غصے سے بولا....

بتاؤں میں کیا چاہتا ہوں... میرا دل کرتا خود کو مار لوں یا تمارے اس شوہر کو. ...

وہ آپ کے دوست بھی ہیں...اور وہ میرے شوہر ہیں جن کے ساتھ میں بہت مخلص ہوں...اس لئے آپ آئندہ ان کے بارے میں کچھ غلط مت کہیئے گا...

Posted on Kitab Nagri

ہنہ.... مخلص.... تمہیں اس لفظ کا مطلب بھی پتا ہے.... حارب کا غصہ آسمان پر پہنچ گیا.... آنکھیں غصے سے سرخ ہو گئیں....

جتنی تکلیف تم. نے مجھے دی ہے نا...مار ڈالا ہے تم نے مجھے.... میں کبھی اس بے وفائی کے لئے معاف نہیں کروں گا تمہیں...

اور محبت.... اتنی نفرت کروں گا تم سے کہ تم پچھتاؤ گی..

ٹھیک ہے میری غلطی .... مگر پلیز اب میری زندگی سے چلیں جائیں آپ...پلیز......

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چلا ہی تو گیا ہوں..... حور نے حارب کی آنکھوں میں دیکھا.. اس کا دل کیا کہ وہ زور سے رو دے....

بلکے نکال ہی دیا ہے تم. نے.... ایک وعدہ... ایک. امنت... تھوڑا سا وقت.... ایسا بھی کیا مانگ لیا تھا میں نے .... ایک. وعدہ نا پورا. کر سکی تم.....

Posted on Kitab Nagri

حارب پلیز.... دانیال....

ٹھیک ہے تم چاہتی ہو نا میں دانیال کو کچھ نا بتاؤں... ٹھیک ہے... نہیں بتاتا مگر.... مگر.....

اس سے کہنا کہ میرے سامنے وہ آئندہ تمہیں چھونے کی کوشش بھی نا کرے..... اس بات پر حارب نے زور دے کر کہا...

حور کو ایسا لگا کہ وہ اب بھی یونی والا حارب ہے... وہی غصہ.. اس کے دل کی دھڑکن تیز ہو گئی...

وہ میرے ہزبینڈ ہیں... اور جتنی جلدی ہو سکے آپ یہ بات تسلیم کر لیں...... حور نے حارب کو دیکھ کر کہا...

سوری حارب یار وہ.... ایک ڈیل نے کام خراب کیا ہوا ہے... دانیال نے اندر آتے کہا...

کوئی بات نہیں.... حارب مسکرا دیا....

Posted on Kitab Nagri

میں کھانا لگاتی ہوں.... حوریہ کہہ کر چلی گئی...

بور تو نہیں ہوئے... حور تھوڑا کم ہی بولتی ہے...

مجھ سے بہتر اسے کون جانتا ہو گا.... حارب نے دل. میں سوچا...

وہ صرف مسکرا ہی سکا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم.... ملائکہ نے حور کے کمرے میں داخل ہوتے کہا...

وعلیکم اسلام.... وہ اٹھی اور جا کر اس کے گلے لگ گئی...

Posted on Kitab Nagri

حور رونے لگی...

حور کیا ہوا تم رو کیوں رہی ہوں.... ملائکہ نے اسی طرح گلے لگتے کہا...

وہ سسکتی رہی...

حور بتاؤ تو مجھے پریشانی ہو رہی ہے.. ملائکہ نے اپنا بازو ڈھیلا کیا تو پرس نیچے گر گیا...

تم آؤ بیٹھو.... حور نے آنسو صاف کرتے کہا...

ہاں مگر بتاؤ تو ہوا کیا ہے.... ملائکہ اور وہ بیڈ پر بیٹھ گئیں...

تم بیٹھو میں رانی کو چائے کا کہہ آؤں...

Posted on Kitab Nagri

نہیں رہنے دو تم مجھے بتاؤ ہوا کیا ہے... کیا دانیال بھائی نے کچھ کہا ہے..

حور نے نفی میں سر ہلایا...

تو بولو ہوا کیا ہے...؟؟

حا... حارب.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حارب کا ذکر کہاں سے آ گیا... اور کیا ہوا حارب کو..

وہ واپس آ گیا.....

Posted on Kitab Nagri

تمہیں کیسے پتا..... ملائکہ نے اپنا ویل کھولتے کہا...

وہ دانیال کا دوست ہے ملائکہ...

ملائکہ دس سیکنڈ اسے حیرت سے دیکھے گئی..

اسے پتا.....؟؟

ہم...وہ دانیال سے ملنے آیا تھا... تو دانیال نے مجھے اس سے ملاوایا.....

اوہو... یہ تو بہت برا ہوا..... حارب نے کچھ کہا... بہت تکلیف میں ہو گا... میں جانتی ہوں حارب کو..

وہ تکلیف میں ہے.... اسے مجھ پر غصہ ہے... نفرت غصہ اس کی آنکھوں میں نظر آتا ہے... میں نے اتنی دعائیں مانگی تھیں کہ وہ مجھے بھول جائے....

Posted on Kitab Nagri

وہ تم سے نفرت نہیں کر سکتا کبھی بھی...ہاں غصہ ہو گا....

میں کیا کروں کہاں جاؤں.....وہ پھر سے رونے لگی....

ارے روتو مت...رونے سے کیا ہو گا....

تو کیا کروں...اگر دانیال کو پتا چلا تو.....

حارب کبھی نہیں بتائے گا....ملائکہ نے اس کا ہاتھ پکڑتے کہا...

تمہیں اتنا یقین کیوں ہے....

Posted on Kitab Nagri

یہ تم بھی جانتی ہو کہ وہ. کیسا ہے.....

مگر جب مرد کی آنا کو ٹھیس پہنچے نا تو وہ کچھ بھی کر سکتا ہے....

اچھا تم رو نہیں اور حارب سے بات کر لو.... اسے بتا دو.....

وہ کبھی یقین نہیں کرے گا... فلحال تو بلکل نہیں....

اچھا کچھ نہیں ہوتا... تم اچھا اچھا سوچو....

ملائکہ جب وہ میرے سامنے آتا ہے... مجھے دیکھتا ہے... مجھے شرمندگی ہوتی ہے..... میں اس کی اتنی محبت کے بدلے ایک وعدہ نا نبھا سکی... اس کا اتنے سالوں کا انتظار.....

تم بھی تو مجبور تھی....

Posted on Kitab Nagri

نہیں میں امی کو پہلے بتا سکتی تھی... میں انہیں سے کہہ سکتی تھی... میں نے نہیں کہا... میں چپ رہی... ہر آنے والے رشتے پر میں ان سے کہہ سکتی تھی... انہیں صرف میری فکر تھی....

اب تو ہو گیا جو ہونا تھا....

کاش کاش... میں نے حارب کو کوئی امید نا دلائی ہوتی... ملائکہ میرا دل پھٹتا ہے... وہ رونے لگی...

ملائکہ نے اسے گلے لگایا... ایک آنسو ملائکہ کی آنکھ سے بھی بہہ گیا.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم بس اب اپنے اور دانیال بھائی کے بارے میں سوچو...

اور دعا کرو حارب کو صبر آجائے....

مجھے کبھی بھی اس سے محبت نہیں کرنی چاہیے تھی.. کاش حارب کو مجھ سے محبت نا ہوئی ہوتی....

Posted on Kitab Nagri

ملائکہ نے جواب نا دیا۔۔

کیا ہوا تم چپ کیوں ہو۔۔۔۔

سوچ رہی ہوں۔۔ کہ شاید نا محرم کی محبت اسی لئے تکلیف دیتی۔۔۔ سب کہا کرتے تھے کہ نا محرم سے محبت نہیں کرنی چاہیئے۔۔۔ اور میں سوچا کرتی تھی کہ محبت تو اللہ انسانوں کے دلوں میں ڈالتے کہاں۔۔۔۔

اب سمجھ آیا کہ کیوں نا محرم سے محبت ہمیشہ اذیت دیتی ہے۔۔

کیوں۔۔؟؟؟اس پر اختیار تو نہیں ہوتا۔۔۔۔؟؟

اختیار تو نہیں ہوتا۔۔ مگر خود کو قابو تو کیا جا سکتا نا۔۔۔۔ کیوں نا جب آپ کو لگے کہ اس قسم کا کوئی احساس آپ نے اندر جنم لے رہا ہے۔۔ تو اس انسان سے دوری اختیار کر لی جائے۔۔۔ ہم اگے ہی بڑھتے چلے جاتے ہیں۔۔ کیوں ہم

Posted on Kitab Nagri

ایک نا محرم سے امیدیں وابستہ کر لیتے ہیں... اور یہ امیدیں ہمیشہ اذیت ہی دیتی ہیں... اب تمہاری تکلیف دیکھ کر اس بات پر یقین سا ہو گیا ہے کہ نا محرم کی محبت نچوڑ دیتی ہے......

اگر آج حارب کو تم سے محبت نا ہوتی... اس نے امیدیں وابستہ نا کیں ہوتی تو آج وہ اذیت میں تو نا ہوتا... تمہیں اپنی ماضی میں کی گئی محبت کی وجہ سے آج یوں خوف تو نا ہوتا....

ملائکہ میں نے دل سے دانیال کو تسلیم کیا. ایک بیوی ہونے کا ہر فرض پورا کیا ہے... کسی قسم کی منافقت نہیں کی... ہاں یہ سچ ہے میں حارب کو نہیں بھولی تھی کیوں کہ میں روز دعا مانگتی تھی کہ وہ مجھے بھول گیا ہو... اور یہ سچ ہے کی سکون ایک محرم رشتے میں ہی ہوتا.... امیدیں توڑ کے رکھ دیتیں ہیں... میں نے آخری وقت تک حارب کا انتظار کیا تھا... میرے بس میں کچھ نہیں تھا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حارب نے کوئی بات کی تم سے...؟؟؟

ہم.... ہوئی تو تھی.. مگر وہ مجھے بے وفا سمجھتا ہے... اسے لگتا کہ میں نے دانیال سے شاید اس کے پیسوں کی وجہ سے شادی کی ہو گی... کیوں کہ وہ میرا باس تھا..

Posted on Kitab Nagri

اس کی غلط فہمی دور کر دو.....

کیا فائدہ ہو گا اس سے....؟؟؟اب میں دانیال کی بیوی ہوں اسے یہ بات ماننی پڑے گی.....

مان جائے گا....کچھ وقت لگے گا.... سنبھل جائے گا... مجھے تو حیرت ہو رہی کہ دنیا کتنی چھوٹی ہے...

ہم...کیسا میرا ماضی میرے سامنے آکر کھڑا ہو گیا.... میں جب جب حارب کو دیکھتی ہوں اس کے ساتھ گزرا ہر لمحہ یاد آتا ہے...

تمہیں ڈر ہے کہ کہیں تم حارب سے.......

میں اس وقت کچھ سوچنے کے قابل ہی نہیں ہوں.... میں پاگل ہو جاؤں گی....

Posted on Kitab Nagri

تم .نے ہی کہا تھا کہ حارب کو نا کھونا... میں نے کھو دیا اسے...نا چاہتے ہوئے بھی کھو دیا اسے... میں تو اللہ سے شکوہ بھی نہیں کر رہی میں بس چاہتی ہوں حارب کے دل و دماغ سے میں نکل جاؤں......

ہو جائے گا سب ٹھیک ہو جائے گا... تم اللہ کی ذات پر یقین رکھو اگر اللہ یوں حارب کو تمہاری زندگی میں لائیں ہیں تو اس میں کوئی حکمت ہو گی....

حکمت یا وعدہ توڑے کی سزا.... مگر حارب کو کس بات کی سزا مل رہی ہے....

حور تم اب بھی خود سے زیادہ صرف حارب کا سوچ رہی ہو... اسے دل و دماغ سے نکالو... دانیال بھائی کو توجہ دو...

اسے دھمکی دی ہے مجھے....

حارب نے؟؟؟؟.... اور کیسی دھمکی...؟؟؟؟ ملائکہ نے حیرت سے پوچھا....

Posted on Kitab Nagri

یہی کہ میں دانیال سے کہوں کہ اس کے سامنے مجھے چھوانا کریں.....

وہ یونی میں بھی ایسا ہی تھا... تم آوائڈ کرو... حارب کے سامنے ہی مت آؤ...

وہ. دانیال کا دوست ہے.....

اوہو... دوست ہے اس نے کونسا روز روز گھر آجانا... اور جب بھی ملاقات ہو کوشش کرو کہ دانیال کے زیادہ قریب نا جاؤ... کیوں کہ حارب غصے میں کچھ بھی کر سکتا اتنا تو میں بھی جانتی ہوں.....

تم چھوڑو سب... یہ تکلیفیں تو ختم ہی نہیں ہونی.....

ایسے نہیں کہتے.... اللہ کی ذات سے کبھی بھی مایوس نہیں ہوتے... اور آزمائش تو اللہ کے نیک بندوں پر آتی ہے.....

Posted on Kitab Nagri

یہ آزمائش بہت بڑی ہے.... میں بہت کمزور ہوں... میں ہار جاؤں گی.... وہ پھر سے روہانسی ہو گئی...

چلو چھوڑو سب ٹھیک ہو جائے گا تم دعا کرو بس.... اور یہ کیا حلیہ بنا رکھا ہے...

حور ہلکا سا ہنس دی..... تم یہ بتاؤ کاشف بھائی کیسے ہیں...

الحمد اللہ... بس مجھے چھوڑ کر کلنک گ ۓ ہیں کچھ ہی دیر میں اجائیں گے لینے بھی...

انہیں کہو... تھوڑی دیر میرے پاس بھی رہنے دیں تمہیں... اتنی جلدی اداس نہیں ہوتے وہ.....

ملائکہ ہنس دی....

....................

Posted on Kitab Nagri

سر.....نور نے دانیال کی کرسی کے قریب گئ.....

یہ سیکڑری کام. کر. کر کہ تھک گئ ہے.... اس کے ڈیبل کے ساتھ کھڑے ہوتے کہا....

دانیال. مسکرا دیا....

تو ..... کیا چاہیئے مس نور آپکو.....دانیال نے اس کا ہاتھ پکڑتے کہا....

سر آفس ہے.....

تو.....میرا ہی آفس ہے.....

ڈنر.....؟؟؟دانیال نے سوالیہ نظروں سے دیکھا...

Posted on Kitab Nagri

دیکھ لیں آپکی وائف کو برا نا لگ جائے..... ویسے لگتا ہے اتنے ہیڈسم شوہر کی قدر نہیں ہے اسے..... نور نے دانیال کی ٹائی ٹھیک کرتے کہا...

کچھ ایسا ہی سمجھ لو.....

ویسے آپنی وائف سے ملوائیں گے نہیں.....

دانیال..... حارب دانیال کے آفس میں داخل ہوا...

نور چونک کر پیچھے ہوئی...

مگر حارب اسے دانیال. کے اتنا قریب دیکھ چکا تھا.....

حارب تم.... دانیال. بھی سیدھا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

سر میں فائلز بھیج دیتی ہوں...نور یہ کہہ کر آفس سے باہر نکل گئ..

آؤ....

حارب دانیال.کے سامنے والی کرسی پر بیٹھ گیا....

تم اچانک یہاں....؟؟؟

کیوں میں نہیں آسکتا....

نہیں نہیں میرا یہ مطلب ہرگز نہیں تھا....اچھا ایک بات یاد آئی...وہ پارٹی کا پتا ہے....

ہاں وہ حسن نے انوائٹ تو کیا ہے...پر میرا موڈ نہیں ہے....

Posted on Kitab Nagri

چل.نا...وہ تو کہہ کر رہا تھا سب دوست آ رہے ہیں .... گرینڈ پارٹی ہے.... اور یار انجوائے کرین گے....

تمہارے انجوائے کا پتا مجھے.....

ہاہا... کہاں انجوائے ہو گا.... حور کو ساتھ لے کر جانا....

کیوں....؟؟؟ حارب چونکا....

یار سب دوست کہہ رہے تھے کہ اپنی وائف سے ملوادو...میں کب سے ٹال.رہا تھا...

کیوں ...؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

اصل میں ناحور ہماری کلاس سے بلانگ نہیں کرتی تو اسے نے تو ہر وقت مڈل. کلاس والا حلیہ بنایا ہوتا... میرا مزاق بن جاتا.....

حارب کو غصہ آنے لگا....

یار شرم کر.....اچھی خاصی ڈریسنگ تھی اس کی....

یہ ابھی کہہ رہا تو... تیری بیوی ایسی ہو گی تو لگے گا پتا..... دانیال نے رسیور اٹھایا اور کال کرنے لگا....

دو کپ. کا کافی.....

کاش.... حارب صرف دل. میں کہہ سکا....

اور یار ضرورت کیا ہے تمہیں اسے اس قسم کی پارٹیز میں لے جانے کی..... تمہیں پتا ہے.... حارب کے ماتھے پر سلوٹیں پڑیں...

Posted on Kitab Nagri

ارے یار... تو اب ٹیپیکل پینڈوں جیسی باتیں نا کر....

اسے ملوانا ہی ہے تو اپنے گھر میں پارٹی رکھ کہ کچھ دوستون کو بلوا لے.....

تجھ پر باہر رہ کر بھی کوئی اثر نہیں ہوا... دانیال ہنس دیا....

..........................

حور کہاں ہے.... نور نے رانی سے پوچھا....

جی میں بلاتی انہیں....

ہاں جاؤ جلدی....

Posted on Kitab Nagri

نور نے ادھر ادھر نظریں گھما کر پورا گھر دیکھا۔۔۔۔

واہ۔۔۔ یہ تو میرے پاس ہونا چاہیئے۔۔۔۔

جی۔۔۔ حور کی آواز نور پر چونکی۔۔۔۔

جی مجھے دانیال سر نے بھیجا ہے۔۔۔رات کو آپ نے ایک پارٹی میں جانا ہے۔۔۔تو انہیں نے کہا ہے کہ آپ کو پارلر لے کر جاؤں۔۔۔

لیکن میں خود بھی تیار ہو سکتی ہوں۔۔۔

دیکھیۓ میم دانیال سر نے سختی سے کہا ہے کہ پارٹی کے اکورڈنگ آپکو تیار کرنا ہے۔۔۔ان کے دوستوں سے آپکو انٹروڈیوس کروانا ہے۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

حور کو یہ سب عجیب لگ رہا تھا....

مگر.....

اگر مگر کچھ نہیں چلیں.....

.......................

حور .... دانیال کمرے میں داخل ہوا وہ تیار بیٹھی ہوئی تھی..

واہ.... کمال کر دیا نور نے تو....

حور نے تنگ سی کیپری اور شورٹ شرٹ پہنی تھی...جو گٹنوں سے اوپر تک تھی...اچھا خاصا میک اپ کیا ہوا تھا...اور بال نیچے نیچے سے کرل تھے....

Posted on Kitab Nagri

لگ ہی نہیں رہی میری بیوی.... میں تیار ہو جاؤں پھر چلتے ہیں...

دانیال مگر میں نے ایسے کپڑے کبھی نہیں پہنے.. اور دوپٹے کے بنا....

فار گوڈ سیک.. ہماری کلاس میں موو کرنا سیکھو...مین تمہیں اس طرح پارٹی میں لے جا کر اپنی انسلٹ نہیں کروانا چاہتا...

دانیال.... کیا میں آپ کے ل ئے باعث شرم ہوں...

یار میرا بہت اچھا موڈ ہے خراب مت کرو.....وہ واشروم میں گھس گیا...

مگر حور کی آنکھوں میں پانی بھر آیا.....

...............

Posted on Kitab Nagri

حارب.....

Welcome to Pakistan....

حسن نے حارب کے گلے لگتے کہا....

تھینکس....

بہت مس کیا تجھے....

سیریسلی.....؟؟؟ حارب نے ابھرو اچکاتے کہا...

Posted on Kitab Nagri

اور نہیں تو کیا ...ہمارا سنگر غائب ہو گیا تھا نا....

حیدر.... حارب نے دور سے آتے حیدر کو کہا...

وہ زور سے گلے لگ گیا....

ابے یار تو یہاں.... حارب نے خوشی سے کہا... تو کب آیا...اور مجھے کال بھی نہیں کی.....

کل ہی آیا..... تھوڑا بدل گ ئے ہو باہر سے آ کر... حیدر نے شرارت سے کہا..

مسٹر ہینڈ سم اور زیادہ ہینڈ سم ہو گ ئے ہیں...پاس میں کھڑی ایک لڑکی نے کہا....

ہاہا تھینکس....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

تم دونوں جانتے ہو ایک دوسرے کو... حسن نے کہا....

ہاں جی ہم تو جانتے ہیں... مگر حیدر تو بتا تو حسن کو کیسے جانتا.....؟؟؟

حسن میرا کولج فرینڈ تھا....

اوہ اچھا....

ویسے اچھی پارٹی ارینج کی ہے تم.نے... حسن نے ادھر ادھر دیکھ کر کہا...

ہلکے ہلکے گانے کی آواز آرہی تھیں... مختلف قسم کی لائٹس جگمگا رہیں تھیں.... لڑکے لڑکیاں آپس میں گپ شپ میں مصروف تھے.... ساتھ ساتھ کوئی سنیکس اور جوس اور ڈرنکس لینے میں مصروف تھا....

Posted on Kitab Nagri

اچھا تم لوگ انجوائے کرو... حسن یہ کہہ کر چلا گیا....

کچھ ہی وقت میں دانیال اور حور آئے .... حسن انہیں ویلکم کرنے لگا....

حیدر حارب کی طرف رخ کیے کھڑا تھا...

حارب کی نظر کچھ دور حور پر پری.... کچھ وقت تو اسے پہچاننے میں ہی لگ گیا... حسن اس سے ہاتھ ملا کر ویلکم کہہ رہا تھا... وہ کچھ کنفیوز اور ڈری ہوئی تھی....

حارب کے ماتھے کی رگ ابھری....

حارب کیا ہوا..... حیدر نے اس کے چہرے کے بدلتے تاثرات دیکھ کر کہا...

اتنی دیر میں دانیال حارب کے پاس آیا...

Posted on Kitab Nagri

ہائے... آخر آ ہی گ ئے تم.....

حیدر نے رخ موڑا تو اس کی نظر دانیال سے ہوتی ہوئی حور پر پڑی.....

وہ ایک لمحے کے ل ئے سکتے میں چلا گیا.. پھر چہرہ موڑ کر حارب کی طرف دیکھا...

ہائے ... مسز دانیال... حارب نے حور سے کہا...

ہائے.....

حیدر یہ دانیال. میرا دوست یہ اس کی وائف حور.....

حیدر حیرت سے دیکھ ئے گیا...

Posted on Kitab Nagri

ہائے...اس نے دانیال کی جانب ہاتھ بڑھایا....

ہائے....

یار تم لوگ کرو انجوائے میں زرا حور کو ملوالاؤں سب سے....

چلو حور....

اوکے....حارب نے مسکرا کر کہا...

یہ. کیا بکواس ہے....حیدر اس پر چینخا...

حیدر...اوور ریکٹ نا کر.....بعد میں بات کرتے ہم اس بارے میں...

Posted on Kitab Nagri

وہ حور ہے..... تمہاری حور..... حیدر ماتھے پر سلوٹیں لئے اس سے پوچھ رہا تھا....

حیدر زبان بند رکھ....

تو کیسے اسے کسی اور کے ساتھ دیکھ سکتا ہے... حیدر چپ ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا...

حیدر چپ کر جا..... کوئی سن لے گا.... حارب نے ادھر ادھر دیکھتے کہا....

حیدر چپ. ہو گیا......

دیکھو حیدر مجھے پتا ہے تم کیا سوچ رہے ہو..... مگر ابھی یہ وقت نہیں... ہم. اس بارے میں پھر بات کریں گے.....

اتنی دیر میں کومل وہاں آئی...

Posted on Kitab Nagri

ہیلو.....تم لوگ یہاں اکیلے کھڑے ہو.....وہ ہاتھ میں جوس کا گلاس پکڑے بولی...

حارب فورا مسکرایا....

